SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday March 4, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at four of the clock in the evening, with Madam Deputy Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair.

(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا

لَهُ الْحُكْمُ ۡ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿٦٢﴾ سورۃ الانعام (۶۰ - ۶۲)

[ترجمہ: اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر نگہبان مقرر کئے رکھتا ہے یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے فرشتے اس کی روح قبض کر لیتے ہیں اور کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے پھر (قیامت کے دن تمام) لوگ اپنے مالک برحق خدائے تعالیٰ کے پاس واپس بلائے جائیں گے سن لو کہ حکم اسی کا ہے اور وہ نہایت جلد حساب لینے والا ہے۔]

LEAVE OF ABSENCE

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب عالم علی لالیکا ناسازی طبع کی بنا پر مورخہ 23/ اور 25/ فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے، لہٰذا انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday March 4, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at four of the clock in the evening, with Madam Deputy Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair.

(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا

لَهُ الْحُكْمُ ۡ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿٦٢﴾ سورۃ الانعام (۶۰ - ۶۲)

[ترجمہ: اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر نگہبان مقرر کئے رکھتا ہے یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے فرشتے اس کی روح قبض کر لیتے ہیں اور کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے پھر (قیامت کے دن تمام) لوگ اپنے مالک برحق خدائے تعالیٰ کے پاس واپس بلائے جائیں گے سن لو کہ حکم اسی کا ہے اور وہ نہایت جلد حساب لینے والا ہے۔]

LEAVE OF ABSENCE

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب عالم علی لالیکا ناسازی طبع کی بنا پر مورخہ 23/ اور 25/ فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے، لہٰذا انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب عبدالرحمٰن جمالی علالت کی بنا پر 8/ فروری تا یکم مارچ' اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے' لہٰذا انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب شاہ مردان پیر پگاڑہ ذاتی وجوہات کی بنا پر گزشتہ 35ویں اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے نیز انہوں نے حالیہ مکمل اجلاس کے لئے بھی ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے' کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : سید غوث علی شاہ وزیر دفاع نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر ملک سے باہر ہیں۔ لہٰذا 2/ تا 5/ مارچ' اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

لیفٹننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالمجید ملک وزیر برائے خوراک و زراعت نے اطلاع دی ہے کہ وہ اسلام آباد سے باہر گئے ہوئے ہیں اس لئے مورخہ 4/ اور 5/ مارچ اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی وزیر مملکت برائے خصوصی تعلیم و سماجی بہبود نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری کام سے ملتان چلے گئے ہیں اس لئے مورخہ 4/ مارچ کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

چوہدری شجاعت حسین وزیر برائے داخلہ امور نے اطلاع دی ہے کہ وہ لاہور میں سرکاری مصروفیت کی وجہ سے ہیں اور مورخہ 4/ 5/ مارچ کو اجلاس میں سرکت نہیں کر سکیں گے۔

FATEHA

سید فصیح اقبال : پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جی فصیح صاحب۔

فصیح اقبال : جناب میں ہاؤس کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ سردار باز محمد خان جوگیزئی مرحوم جو قائداعظم کے کے قریبی ساتھی تھے ان کی اہلیہ اور گورنر بلوچستان کی والدہ کا آج صبح انتقال ہو گیا ہے۔ کیونکہ سردار باز محمد خان مرحوم مسلم لیگ کے ممتاز رہنما تھے

ان کی اہلیہ اور سردار گل محمد جوگیزئی گورنر بلوچستان کی والدہ ' کے لئے دعائے مغفرت کرائی جائے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : حافظ حسین احمد صاحب دعا فرمادیں۔

(فاتحہ پڑھی گئی)

PRIVILEGE MOTIONS

میڈم ڈپٹی چیئرمین : پریوج موشن نمبر 24 خورشید احمد غیر حاضر نمبر 29 سید عبداللہ شاہ صاحب اور یہ ایک ہی ہے نمبر 30 سید فصیح اقبال صاحب۔ جناب سید عبداللہ شاہ صاحب۔

PRIVILEGE MOTION: *RE:* ALLEGED MISSTATEMENT OF A FEDERAL MINISTER IN THE HOUSE

Syed Abdullah Shah: Thank you Madam Chairperson.

"I beg to move a motion regarding breach of privilege of the Senate arising out of factually wrong statement of the Minister for Information and Broadcasting Mr. Abdus Sattar Laleka on the floor of the House on February 4 and 6, 1992 regarding the payment of salaries to the employees of the Pakistan Times. The employees are agitating for salaries and praying payment from Baitul mal."

Madam Deputy Chairman: Syed Faseih Iqbal, Privilege Motion No. 30.

Syed Fasehi Iqbal: "It has been reported in the daily 'Pakistan Times' today that the statement made by the Minister for Information and Broadcasting in the Senate the other day was not based on facts, since the data provided to him by the bureaucracy was baseless and there was no truth in the Statement that the 'Pakistan Times' was to recover Rs. 3.90 Crore on account of advertisement bills and the management could pay the salaries after these recoveries.

The Office bearers of the 'Pakistan Times', workers of Islamabad/ Lahore in joint statement, slated the management of the 'Pakistan Times' for its failure to pay salaries to the workers since Nov., 1991.

From the above it would apear that the statement made by the Minister for Information and Broadcasting in the House was misleading which constitutes my breach of Privilege as well as the breach of privilege of Senate. I, therefore, move that the issue may be debated in the House and referred to the Committee on privilege for further necessary action".

Madam Deputy Chairman: Abdus Sattar Laleka Sahib; are you opposing, this?

Mian Abdus Sattar Laleka: Opposed.

Madam Deputy Chairman: Syed Abdullah Shah Sahib.

Syed Abdullah Shah: Madam Chairman, this Government as is in habit of paying just lip service to Islam they also do the same thing about Quaid-i-Azam. This newspaper (Pakistan Times) was the first newspaper which bore the name of Pakistan and it was started by Quaid-i-Azam Muhammad Ali Jinnah. The way it is being handled is now known to everyone, I don't have to dilate upon the facts and detail but I base my privilege motion on a statement of the honourable Minister and I have got the complete copy of the statement that he stated in the House and I will read only these few lines which he has said.

سوال یہ ہے کہ یکم دسمبر تک ماشاءاللہ ساڑھے چار ہزار روپے تک کے جو ملازمین ہیں ان کی تنخواہیں ہم نے کلیر کر دیں۔ اور باقی ہم low paid employees اس ویج بورڈ ایوارڈ کو implement کر رہے ہیں۔ لیکن اس کا وہ حصہ نہیں جو انہوں نے 15/اپریل 1990ء کو شروع کیا۔

My contention is that this statement of the Minister is totally wrong it is misleading and he has deliberately made wrong statement in the House which constitutes a breach of the privilege. In the support of my submission I will refer you to the commentary by May and he says on page 119, I will read it before you:

> "The Commons may treat the making of a deliberately misleading statement as a contempt, In 1963....."

And this is important:

> "In 1963 the House resolved that in making a personal statement which contained words which he later admitted not to be true a former member had been guilty of grave contempt".

Former member, he had ceased to be a member but still he was held guilty of contempt of the House becasue he made deliberately a wrong statement. Then again, I hope it is good that Akhunzada Behrawar Saeed is not here because otherwise he would have taken an objection that why I am reading Kaul because he happens to be a Hindu but then he said he does meet hindus, so I can refer to a book written by a Hindu. Now this Kaul also has said on page 221, and I read it from my notes because page is not there:

> "prevaricating, giving false evidence or wilfully suppressing truth or persistently misleading a committee is a breach of privilege of the House".

Then again Madam Chairperson there is another author Mr. Hunsraj, he also on page 6 of his book says that:

> "Misleading the House is a breach of privilege of the House".

And lastly we have our own observations in the rulings of the Chair of the Senate part.I and II is contains on page 176 of this volume and in this case a statement was made by Federal Interior Minister that no firing took place in Quetta on a certain date but on the same day the then Minister of Baluchistan Mr. Ghous Bakhsh Raisani he had said that otherwise but because ultimately it was found that Mr. Raisani had not made that statement but the observations are that making a wrong or false statement misleads the House is a breach of privilege of the House. So my request to you is that this is a very serious matter, the honourable Ministers do not care when they come to the House when they make statements on facts. They must ascertain before they make a statement here. So this is a clear cut breach of privilege of this House and it should be referred to the Privileges Committee.

Madam Deputy Chairman: Syed Fasieh Iqbal Sahib.

سید فصیح اقبال : محترمہ چیئرمین صاحبہ ! انہوں نے قانونی نکات کا ذکر کیا ہے۔ میں اس میں دو باتیں اور بتاؤں۔ یہ بڑا ہیومن مسئلہ پیدا ہوا ہے۔ پاکستان ٹائم کا اجراء بلاشبہ قائداعظم نے کیا تھا۔ اس پرچے کو پروگریسو پیپرز لمیٹڈ کے تحت چلایا جارہا تھا۔ سب سے بڑا مسئلہ این پی ٹی پیپر کا یہ ہوا.....

(مداخلت)

سید فصیح اقبال : میں عرض کر رہا تھا کہ اس سلسلے میں سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ اس وقت کوئی ساڑھے سات سو ان کے ملازمین ہیں۔ لاہور اور کراچی میں۔ اس میں نہ ان کا قصور ہے ورکرز کا کہ ان کو کس نے رکھا۔ منسٹر صاحب نے جو اس دن سٹیٹمنٹ میں فرمایا تھا کہ زائد آدمی ہیں۔ بالکل صحیح ہے۔ لیکن یہ آپ کی حکومت نے جتنے این پی ٹی کے چیئرمین مقرر کئے ہیں اور جو ادارہ ان کو چلا رہا ہے حکومت' سرکاری تحویل میں۔ تو انہوں نے وقتاً فوقتاً جہاں ایک کی جگہ تھی وہاں دس رکھے ہیں۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ یہ اب حکومت کا کام ہے کہ انہیں بروقت تنخواہیں دے۔ میں ایک چیز کا حوالہ دوں گا کہ اس کا سب سے بڑا مسئلہ ہوا۔ 1972ء سویلین مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر' سن لیجئے آپ۔ انہوں نے ایک مارشل آرڈیننس نکالا۔ 35۔ جس کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کو سسپنڈ کیا اور این پی ٹی کے چیئرمین کو تمام اختیارات جو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تھے۔ وہ دے دیئے این پی ٹی کے چیئرمین کو۔ یہی وجہ ہے کہ سب سے بڑا مسئلہ ہوا یہ ایک آدمی کے تحت یہ اخبار۔ ایک شخص جو چیئرمین جو بھی حکومت مقرر کرتی تھی۔ اس کے اختیارات حکومت نے لے لئے۔ وزارت اطلاعات نے۔ اس لئے آج تک یہ ٹرسٹ کبھی بھی پھلا پھولا نہیں۔ تو میں سب سے پہلے کہتا ہوں کہ وہ ریپیل کریں وہ جو 72ء کا 35 مارشل لاء آرڈر ہے۔ ایک تو وہ پورا بورڈ بحال ہو۔ تاکہ بورڈ میں جو دوسرے لوگ ہیں شیئر ہولڈرز کے نمائندے وہ اس چیز کے بارے میں سوچ سکیں۔ اور یہ صرف پرائیویٹائزیشن کا کیس نہیں ہے۔ کیونکہ اس میں ایک بہت بڑا سقم یہ ہوا ہے۔ ایک اشتہار میں بتانا چاہتا ہوں جو پرائیویٹائزیشن کمیشن نے ابھی اناؤنس کر دیا ہے بڈنگ بیچنے کے لئے۔ صاحب یہ وہ کہاں سے مالک بن گئے۔ ابھی پرائیویٹائزیشن کمیشن نے نیشنل پریس ٹرسٹ کی بلڈنگ جو کراچی میں ہے۔ اس کا اشتہار ہے بیچنے کا تو میں یہ بتانا چاہتا ہوں ایوان کو آپ کے توسط سے کہ ایک طرف تو حکومت نے

پرائیویٹائزیشن کمیشن کو یہ اختیار کیسے دیا کہ یہ بلڈنگ جو این پی ٹی کی جائیداد ہے وقف ہے ایک ٹرسٹ ہے۔ اسے یہ کیسے بیچ سکتے ہیں۔ یہ کوئی انڈسٹری نہیں ہے۔ اور اگر یہ دینا تھا تو ان کے جو اوریجنل مالکان ہیں ان کو دیا جائے۔ دوسرا مسئلہ ہے ان کا انسانی مسئلہ ہے ان کے ساتھیوں کا ان کی تنخواہوں کا۔ یہ آرڈیننس ہے ویج بورڈ کا کہ کوئی بھی بقایاجات خواہ کتنے ہی پرانے ہوں اسے انہوں نے ڈیفائن کر دیا ہے :

> "In order to give newspapers establishment facility of clearance of arrears arising as a result of the decision its operation with effect from 15th April, 1990 and it is provided that arrears shall be paid by the newspapers establishment to the employees as per arrangement mutually agreed between the employers and the employees each establishment but no case shall be later than 30th June, 1991".

جناب ویج بورڈ ایک عدالتی ادارہ ہے۔ وہ موجود ہے۔ جس کا ایپلیمنٹیشن کا جج جو اسی ویج بورڈ کے کمیشن کا جج تھا۔ جب وہاں موجود ہے تو آپ کو پتہ ہے کہ دو مہینے سے زیادہ بقایاجات نہیں دے سکتے۔ میری اطلاع کے مطابق لاہور کے اسٹاف کو نومبر کی تنخواہ مل چکی ہے پہلے جب میں نے یہ تحریک استحقاق پیش کی تھی اس وقت نومبر کی تنخواہ نہیں ملی تھی تو دسمبر جنوری اور اب یہ فروری مارچ ہے تین مہینے کی یہ تنخواہ ہے میری لالیکا صاحب سے یہ گزارش ہوگی کہ یہ ایک انسانی مسئلہ ہے چیمبر میں بیٹھ کر طے کر لیں اور تنخواہ کے لئے میں آپ کو بتاتا ہوں کہ تنخواہیں جو ہیں لاہور آفس کی دسمبر سے فروری تک کی ہیں اور اسلام آباد میں نومبر دسمبر کی تنخواہیں ادا ہو چکی ہیں جنوری اور فروری کی باقی ہیں کل ادائیگی کوئی 35 لاکھ روپے کا arrear ہے اور ہر مہینے ان کی تنخواہ لاہور اور اسلام آباد کی وہ ایک کی 8 لاکھ ہے پاکستان ٹائمز پنڈی کی اور 23 لاکھ لاہور کی ہے جس میں سے 37 لاکھ ان کی آمدنی ہے آپ اندازہ کیجئے ایک یہ plea لی گئی کہ دو کروڑ نوے لاکھ کے dues ہیں وہ میں آپ کو بتاؤں outstanding dues دس سال کے ہیں آپ کو پتہ ہے کہ حکومت کا قانون ہے کہ اگر تین سال کے بعد کوئی payment ہو جائے تو وہ defer ہو جاتی ہے اس لئے کہ یہ ساری سرکاری payment ہے مجھے افسوس یہ ہے کہ یہ عملہ این پی ٹی کے تحت چلتا رہا ان کو کبھی بھی اپنے dues وصول کرنے کی توفیق نہیں ہوئی آج یہ پہلا موقع

ہے کہ آج جب تنخواہوں کا مسئلہ ہوا تو وہ ـــــ dues ـ لا رہے ہیں جب کہ یہ دو کروڑ نوے لاکھ کی figures بھی غلط ہے اگر آپ one to one حساب لگائیں تو میرا خیال پونے دو کروڑ، دو کروڑ سے زائد نہیں ہے اور وہ بھی حکومت پاکستان کے مختلف محکمے ہیں مختلف وزارتیں ہیں اور وہاں لاہور کی صوبائی حکومت کے پیسے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ plea جائز نہیں ہے یہ ایسا مسئلہ ہے اور اس سلسلے میں اگر صحافی طبقہ جو اس وقت سب سے بڑا قومی کام انجام دے رہا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان ٹائمز کے اوپر پالیسی کا بھی کنٹرول ان کا ہے وہ کیسے خود مختار ہوں جبکہ پالیسی وہ کنٹرول کریں اور جہاں ایک آدمی ہو وہاں پچاس آدمی ہوں اس لئے کہ یہ نیشنل پریس ٹرسٹ نے خود لیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ سب سے پہلے جو 35 آرڈیننس ہے مارشل لاء کا وہ repeal کریں وہ Board of Directors بحال کریں اب Board of Directors کے بحال کرنے کے بعد پھر ان original مالکان کو دے دیا جائے اور جو جائیدادیں ان کی ہیں یہ ان کی جائیدادیں ہیں admissiblity یہ بنتی ہے تو میں تو اس لئے بتا رہا ہوں کہ میں.....

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں آپ admissibility پر آجائیں۔

سید فصیح اقبال : جو انہوں نے بتایا کہ یہ wrong statement اس لئے تھا کہ جو فگرز ان کو دی گئی تھیں دفتر وہ صحیح حقیقت پر مبنی نہیں تھیں تو میری درخواست ہے کہ اس کو اگر وہ منسٹر صاحب چیمبر میں حل کرنا چاہتے ہیں تو میں پھر اس کو پریس نہیں کرتا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب عبدالستار علی لالیکا وزیر برائے اطلاعات ونشریات۔

میاں عبدالستار علی لالیکا : محترمہ ڈپٹی چیئرمین صاحبہ! مجھے خاص طور پر سینیٹر فصیح اقبال صاحب کا بڑا احترام ہے اور وہ جو صحافی حضرات کے لئے جذبہ رکھتے ہیں اس کا بھی بڑا احترام ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : سید عبداللہ شاہ صاحب کے بارے میں کیا خیال ہے۔

میاں عبدالستار علی لالیکا : میں اس پر بھی آجاؤں گا ان کو بھی نہیں جانے دوں گا فکر نہ کریں، تو میری گزارش یہ ہے کہ جو کچھ فصیح اقبال صاحب نے کہا وہ سارے کا سارا ایک تحریک التوا بنتا ہے کہ وہ ایک مخصوص صورت حال کی طرف توجہ دلانا چاہتے ہیں جہاں تک

ان کے بیان کا سوال ہے اور جہاں تک سینیٹر عبداللہ شاہ صاحب کے بیان کا سوال ہے انہوں نے میری تقریر کے دو تین فقرے پڑھے ان کا حوالہ دیا اور اس کے بعد موٹی موٹی کتابیں اٹھانی شروع کر دیں میں تو یہ سمجھ رہا تھا کہ وہ میری تقریر کے فقرے پڑھنے کے بعد ان کے خلاف ثبوت لائیں گے کہ میں نے کہاں جھوٹ بولا ہے انہوں نے وہ فقرے پڑھنے کے بعد خود ہی یہ فیصلہ دے دیا کہ یہ جھوٹ ہے اور پھر خود ہی وہ کوٹ کرنے لگ گئے مانتا ہوں سپیکر رہے ہیں learned آدمی ہیں تو جہاں تک تحریک استحقاق کی صورت حال ہے وہ آپ کے سامنے ہے کہ میرے اپنے خیال سے ابھی تک کوئی ایسی بات نہیں کی گئی جس سے یہ تحریک استحقاق بنتی ہو جہاں میرے بیان کو غلط ثابت کیا گیا ہو اور چیئرمین صاحبہ میں اب بھی اپنی 6 فروری کی statement کو stick کرتا ہوں یہاں یہ کہا گیا کہ میں نے غلط statement دی' بالکل نہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ میں نے تو اس ہاؤس کے سامنے جو صحیح صورت حال تھی وہ رکھی جو تام تر اس اخبار کی اندرونی صورت حال تھی وہ رکھی کہ اس اخبار کی صورت حال یہ ہے کہ اس اخبار کی اتنی recovery باقی ہے پھر میں نے وہ figures دیئے میں نے جو employees ہیں ان کے figures دیئے کہ Pakistan Times کے employees اس وقت 724 ہیں' مسلم کے employees ہیں 176 Nation کے 143 employees ہیں اور Business Recorder کے 137 employees ہیں اور جو صورت حال تھی وہ میں نے سب سامنے رکھی اور اس کے بعد میں نے یہ بھی request کی اگر یہ معاملہ اپ Standing Committee کو refer کرنا چاہیں تو کر دیں اب جہاں تک سوال یہ ہے کہ جو outstanding recoveries ہیں تو ایک اصول ہوتا ہے کہ جو figure audit ہوتا ہے 30 جون کو اس figure کو سارے سال کے لئے audited figure لیا جاتا ہے تو یہ figure جو ہے- it is the audited figure till June 30, 1991

اب اگر میرے محترم سینیٹر صاحبان چاہیں گے تو تھوڑی سی اور بھی وضاحت کر دوں گا کہ اس recovery میں ہمارا کتنا قصور ہے recovery staff کا کتنا قصور ہے کیا صورت حال ہے وہ بھی میں آپ کے سامنے پیش کئے دیتا ہوں جہاں تک

کا تعلق ہے Pakistan Times کے اندر recovery staff
recovery staff کے 24 ممبر ہیں جن کی سالانہ تنخواہیں 15 لاکھ روپے ہیں اور اس recovery staff کے جو منیجر صاحب ہیں جن کو سپیشل گریڈ دیا گیا ہے۔ جنرل منیجر کی پوسٹ پر ان کی تنخواہ دس ہزار نو سو پچیّس روپے ہے ماشاءاللہ میں تو منسٹر ہوں مجھے تو آٹھ ہزار روپے ملتے ہیں' دس ہزار نو سو پچیّس روپے Recovery Manager کی تنخواہ ہے اس کے پاس 24 کا سٹاف ہے اور پھر onus ہم پر ڈال دیا جاتا ہے کہ جی recovery ہو نہ ہو' بہرحال جہاں تک یہ بات ہے کہ یہ ایک انسانی مسئلہ ہے اس کو solve کیا جانا چاہئے میں نے پہلے بھی offer کیا تھا کہ I am ready to take this to the Standing Committee on Information اور وہاں اس پر بیٹھ کر بات ہو سکتی ہے لیکن یہ تو میرا پیدا کردہ نہیں جیسے فصیح اقبال صاحب نے کہا ہے کہ اس این پی ٹی کو تباہی کے کنارے لے گئے ذوالفقار علی بھٹو جب انہوں نے Board of Directors کو ختم کر کے یہاں ایک چیئرمین لگایا اور اگر اس کو آپ solve کرنا چاہتے ہیں تو میں تو اس کے لئے تیار ہوں You can refer it to the Standing Committee باقی جہاں تک اس میں breach of privilege کی بات ہے I don't see any breach of privilege.

Syed Abdullah Shah: The honourable Minister has invited my attention that I must prove that his statement is false. He said it on the floor of the House that the employees have been paid on 4th and 6th of February but I have got a notice by the Management which roads; "یکم تاریخ کو تنخواہ پانے والے سٹاف کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ماہ دسمبر کی تنخواہ حبیب بنک لمیٹڈ کینٹ برانچ سے بوقت ساڑھے دس بجے مورخہ 92-2-16 کو وصول کرے" یہ پندرہ تاریخ کو management نے نوٹس نکالا کہ آپ آ کر تنخواہ وصول کریں 16 تاریخ کو اور یہاں پر کہا گیا ہے 4' اور 6 تاریخ کو کہ ہم نے تنخواہیں دے دی ہیں۔ تو بتائیے کہ میں نے جھوٹ کہا ہے یا منسٹر صاحب نے غلط بات کہی ہے۔

میاں عبدالستار علی لالیکا: clarify کر دیں کہ کس مہینے کی پندرہ۔

سید عبداللہ شاہ: دسمبر۔ This is the salary of December.

Mian Abdus Sattar laleka: I never said this that we have paid the salary of December. اس statement کو دیکھیں وہ ہے پہلی دسمبر تک، عبداللہ شاہ صاحب پہلی دسمبر تک کا مطلب ہوتا ہے نومبر کی تنخواہ دسمبر تو ہوتا ہی نہیں پہلی دسمبر جب ہم کہتے ہیں تو وہ تو جنوری میں ہم دیتے ہیں۔

سید عبداللہ شاہ: آپ نے پہلی دسمبر تک کے جو low paid employees ہیں۔ they have been paid.

میاں عبدالستار علی لالیکا: ہاں، پہلی دسمبر تک وہ تو نومبر کی تنخواہ ہوئی۔

Syed Abdullah Shah: But then when did you pay them? You did not pay them by 15th of December. You made a statement on 4th of this month. کہ دسمبر کی تنخواہ ہم نے pay کر دی ہے یہاں پر تو پہلے آپ نے کہا ہے یہ ان کی سٹیٹمنٹ میرے پاس ہے اور یہ نوٹیفکیشن بھی میرے پاس ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: وہ تو کہہ رہے ہیں نومبر کی ہم نے payment کی ہے۔

سید عبداللہ شاہ: محترمہ! وہ بھی نہیں کی ہیں۔ Even that they have not been paid. The employees who are اب میری گزارش یہ ہے یہ ایک بیان ہے۔ unpaid, they can not come to this House and made a statement before you.

Syed Abdullah Shah: The employees who are unpaid they cannot come to this House and make a statement before you. They had even met me yesterday, the salaries are not being paid. So, let this motion go to the Privileges Committee where we will call the employees of the Pakistan Times, and then truth and the false could be proved. He was deliberately misleading the House and that constitutes a breach of privilege.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جناب چوہدری امیر حسین صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

چوہدری امیر حسین: محترمہ گزارش یہ ہے جس طرح فاضل سینیٹر نے یہ سمجھا کہ دسمبر کے متعلق کہا گیا ہے اور وزیر موصوف نے فرمایا کہ ایڈوانس چونکہ تنخواہ نہیں دی جاتی اس لئے نومبر کی تنخواہ کے متعلق میں نے کہا چنانچہ اس سے ثابت ہوتا ہے

deliberately to mislead the House کوئی ایسی سٹیٹمنٹ نہیں دی گئی جو کہ غلط ہو۔ جناب والا! اگر کنفیوژن ہو جاتا ہے فاضل ممبر ایک بات سمجھتے ہیں۔ وزیر صاحب دوسری سٹیٹمنٹ دیتے ہیں تو اس کے متعلق کال بڑا کلیر ہے۔ Cases not amounting to a Breech of Privilege or Contempt of the House. یہ کیس یہاں House ہوا ہے۔

"If any statement is amde on the floor of the House by a member or a Minister which another member believes to be untrue, incomplete or incorrect, it does not constitute a breach of privilege. If an incorrect statement is made, there are other remedies by which the issue can be decided. In order to constitute a breach of privilege or contempt of the House, it has to be proved that the statement was not only wrong or misleading but it was made deliberately to mislead the House. A breach of privilege can arise only when the member or the Minister makes a false statement or an incorrect statement willfully, deliberately and knowingly".

further it says:

"Incorrect statement made by a Minister cannot make any basis for a breach of privilege. It is only a deliberate lie, if it can be substantiated, that would certainly bring the offence within the meaning of a breach of privilege. Other lapses, other mistakes do not come under this category, because everyday we find that Ministers make their statements in which they make mistakes and which they correct afterwards".

چنانچہ اس میں تھوڑا سا confusion ہو گیا ان کا فرمانا نومبر تک تھا اور وہ تنخواہ بنک میں پہنچ بھی گئی ہو سکتا ہے نوٹس بعد میں ایمپلائز کو گئے ہوں کہ آپ تنخواہ وصول کر لیں وہ یہ سمجھتے رہے ہیں دسمبر کی تنخواہ ہے اس لئے کوئی deliberately to mislead this august House کوئی سٹیٹمنٹ غلط نہیں دی گئی اور نہ یہ سٹیٹمنٹ غلط ہے جیسے کہ ان کا فرمانا ہے چنانچہ نومبر کی تنخواہ جب انہوں نے سٹیٹمنٹ دی وہ اتھارٹی کی طرف سے دی جا چکی تھی اس لئے میں گزارش کرتا ہوں کہ یہ کوئی deliberately to mislead the House سٹیٹمنٹ نہیں ہے اور نہ ہی یہ غلط سٹیٹمنٹ ہے

جیسا کہ انہوں نے فرمایا کنفیوژن ہوا ہے جو کہ آنریبل سینیٹر کے خیال میں incorrect سٹیٹمنٹ ہے اس لئے گزارش ہے کہ پریویلیج نہیں بنتا چنانچہ جیسے کہ خود انہوں نے آفر کیا یہ بریچ آف پریویلیج تو کوئی نہیں لیکن کیونکہ یہ انسانی حقوق کا مسئلہ ہے اس لئے انفارمیشن کی جو کمیٹی ہے اور اس کے آنریبل چیئرمین ہیں تو وہاں بھیج دیں وہاں یہ معاملہ sort out ہو جائے گا۔

حافظ حسین احمد : محترمہ! وزیر پارلیمانی امور نے جو کچھ فرمایا اس میں یقیناً وزیر اطلاعات نے غلط بیانی کی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ موور ہیں؟

حافظ حسین احمد : میں موور نہیں ہوں میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں موور بننا کونسا مشکل ہے۔ میں گزارش کر رہا تھا انہوں نے کہا یکم دسمبر تک اگر وہ کہتے 30 نومبر تک تو پھر ان کا سٹیٹمنٹ صحیح تھا حالانکہ یکم دسمبر سے تو دوسرا مہینہ شروع ہو رہا ہے۔ تیسری بات یہ ہے جہاں تک انسانی حقوق کا مسئلہ ہے ہم سمجھتے ہیں انہیں ایک سال لیٹ تنخواہ دی گئی ہے۔ اب ظاہر ہے غریب ملازمین کو ایک سال بعد دوسرے سال تنخواہ دی جائے تو یہ ان کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : سید عبداللہ شاہ صاحب آپ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں؟

سید عبداللہ شاہ : جی میں یہ ریکویسٹ کروں گا کہ ابھی منسٹر صاحب یہ فرما رہے ہیں میں نے 30 نومبر تک بولا ہے تو پھر نومبر کی تنخواہ جو ہے وہ فسٹ دسمبر کو دے دی۔

This is what you (Minister for Information) said. But I am saying is that what salary was being paid to these employees on 15th of December. Was they paid salary till December in advance? He made a statement on 2nd that the salary has been paid, upto first of December, which was not paid according to this notification. So, they gave a wrong statement and he has repeated today. He stands by the statement. It is not just by the way. It is out natural right. I think it is wrong and, therefore, this motion should go to the Privileges Committee.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : سید فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال : میں نے جو پریویلیج موشن پڑھا تھا یہ آج چونکہ میٹنگ میں بھی

ڈسکشن ہوا تھا میرا شروع سے اسے واپس لینے کا خیال تھا۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ ٹیکنیکلی پاکستان ٹائمز کے دو حصے ہیں ایک ایڈیشن لاہور ہے ایک پنڈی ہے۔ تو پنڈی والوں کو پے منٹ ہو چکی تھی جب آج میں نے بات کی تو اس میں میں نے دو چیزیں دیکھی ہیں نومبر کی اطلاع آ چکی تھی دوسری چیز یہ ہے جو میں نے ابھی ان کو بتایا یہ اس سے پہلے انہوں نے ایڈجرنمنٹ موشن کے سلسلے میں بتایا تھا تو میں اپنی پریویلج موشن واپس لیتا ہوں اگر یہ چیئرمین کمیٹی میں نہ بھی جائے۔ تو جناب چیئرمین میں ذاتی طور پر ان کے چیمبر میں مل لوں گا میں چاہتا ہوں کہ یہ مسئلہ حل ہو یہ ٹیکنیکل مسئلہ نہیں ہے یہ مسئلہ بڑا complex ہے ان کی تنخواہیں ملیں ان کے حقوق کی بحالی ہو جیسے میں نے بلڈنگ وغیرہ کی بات کی یونین کے نمائندے بھی ہیں ان کو بھی بلاؤں اور ان کا بھی موقف سنوں میں کوئی غلط بات نہیں کرنا چاہتا یہ منسٹر صاحب کی ذمہ داری تھی جب انہوں نے اپنے سٹیٹمنٹ میں فرمایا 157 آدمی ہیں یہ کس نے رکھے ہیں این پی ٹی نے رکھے ہیں انہوں نے تو نہیں رکھے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: آپ اس کو withdraw کرتے ہیں۔

سید فصیح اقبال: ہاں میں اس کو withdraw کرتا ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: آپ پریس نہیں کرتے (سید عبداللہ شاہ صاحب) آپ پریس کرتے ہیں۔

Syed Abdullah Shah: No. I press my motion. I press it and I request you again that it is a very serious matter and please make one example at least, that before the honourable Minister makes any statement that should come with truth. Let us try. I have a documentary proof and I will request you to refer it to the Privileges Committee.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: ڈاکٹر بشارت الٰہی آن پوائنٹ آف آرڈر۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی: محترمہ میں نے صرف آپ کو یہ گزارش کرنی تھی وزیر صاحب نے یہاں بہت زور سے کہا کہ 24 لوگ ہیں اور وہ ریکوری نہیں کر رہے۔ دیکھئے۔

Recovery is something else, and paying of salaries to the staff is something else. If one department is suffering it does not mean that the whole staff of the Pakistan Times should suffer. He should not try to confuse the issue. صرف اس لئے کہ ان کا جو جنرل منیجر ہے وہ دس ساڑھے دس ہزار روپے تنخواہ لے رہا ہے؟ کون ان کو تنخواہ دے رہا ہے۔

If he is not performing his job he should be penalised, and not the other people of the Pakistan Times.

Thank you very much.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: میں اب اس پر رولنگ دینا چاہوں گی جیسے mover نے move کیا ہے کہ وزیر موصوف کا بیان حقائق پر مبنی نہیں ہے اور محرک کو بھی کچھ اس قسم کی مس انڈر سٹینڈنگ تھی فسٹ اور 15 دسمبر کے درمیان۔ میں سمجھتی ہوں کہ محرک یہ بھی ثابت نہیں کر سکا فی الحال یہ سٹیٹمنٹ.....

Syed Abdullah Shah: Madam Chairperson, this is the document what else I can produce in the House. I cannot bring those witnesses here.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جناب عبداللہ شاہ صاحب اس وقت آپ چیئر کی سنیں میں کیا کہنا چاہ رہی ہوں۔ اس لحاظ سے وزیر موصوف کا جو سٹیٹمنٹ ہے وہ ابھی بھی اپنی سٹیٹمنٹ..... پر Stick ہے۔ وہ ابھی بھی اپنی سٹیٹمنٹ پر بضد ہیں جو انہوں نے پہلے دی تھی لیکن یہ معاملہ کچھ آپس میں misunderstanding سے پیدا ہوا ہے' جیسے وہ بتا رہے ہیں کہ لاہور کے آفس میں گئے ہیں' تو آپ کے پاس آفس بھی نہیں ہیں اس لئے میں نہیں سمجھتی کہ اس سے کسی کا استحقاق مجروح ہوا ہے اور میں اسے rule out کرتی ہوں لیکن میں ایک مشورہ دوں گی کہ یہ لاہور وغیرہ کا مسئلہ ہے اس کو اگر آپ Standing Committee میں refer کرنا چاہتے ہیں تو کر لیں کیونکہ یہ different Statement ہیں' کوئی کہتا ہے کہ لاہور میں ہے کوئی کہتا ہے کہ فلاں جگہ ہے۔ شکریہ۔

I rule it out.

Mian Abdus Sattar Laleka: I am ready to take it to the Standing Committee of Information.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ یہ اب نمبر 31 تحریک استحقاق کا.....

چوہدری امیر حسین: ان کا تو ایک آ گیا ہے' اب یہ نہیں آ سکے گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: فصیح اقبال صاحب' آپ کا اس میں نام تھا' اب یہ نہیں آ سکے

گا۔ اس لئے یہ defer کیا جاتا ہے۔ کیونکہ پہلے ہی آپ ایک میں آ چکے ہیں اس لئے یہ نہیں آ سکتا ہے۔

سید فصیح اقبال : ٹھیک ہے جی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین :اگلا آئیٹم صدارتی خطاب ہے۔ فصیح صاحب' آپ تقریر کر رہے تھے لیکن اب آپ سے conclude کریں۔ جی حافظ حسین احمد صاحب'

حافظ حسین احمد : پوائنٹ آف آرڈر' محترمہ یہ تحریک استحقاق ہے۔ استحقاق ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اصل میں رولز کے مطابق اب یہ نہیں آ سکتی ہے۔

حافظ حسین احمد : ٹھیک ہے جی' رولز کے مطابق 'لیکن چیمبر میں آپ سے بات ہوئی تھی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : لیکن بات یہ ہے کہ ایک mover نے دو move کئے ہیں۔

حافظ حسین احمد :جی' اس پر بات نہیں ہے.....

میڈم ڈپٹی چیئرمین :صبح یہ آ جائے گا۔ یا صبح آپ نے ان سے withdraw کروانا تھا لیکن ایک mover دو privilege motions کو موو نہیں کر سکتا۔

جناب منظور احمد گچکی : محترمہ یہ سارے جو privileges ہیں ان میں فصیح صاحب کا تو نام ہے اب یہ ہر روز ایک میں withdraw کریں گے تو باقی تو اس طرح آئیں گے ہی نہیں۔

سید فصیح اقبال : ایسا ہر روز تو نہیں ہوا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : گچکی صاحب' رولز کے مطابق ہی آئیں گے تو کل صبح پھر آپ اسے لے آئیں۔ لیکن اس سے پہلے کوئی فصیح صاحب کا آ گیا تو آپ انہیں بٹھالیں۔ اب فصیح صاحب آپ اپنی تقریر کو conclude کریں۔

سید فصیح اقبال : بالکل صحیح ہے.....

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ بحث نہ کریں آپ اپنی تقریر شروع کریں۔

سید فصیح اقبال : بحث کی تو کوئی بات نہیں ہے البتہ آپ مجھ پر کیوں اتنی پابندی لگا رہی ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین :جی، سب پر لگا رہی ہوں۔

سید فصیح اقبال : آپ نے نہیں لگائی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اب اس طرح تو کام نہیں ختم ہو سکے گا۔

سید فصیح اقبال : اچھا، چلئے، ٹھیک ہے میں کوشش کروں گا کہ جلدی ختم ہو جائے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین :کوشش نہیں بلکہ conclude کریں۔

سید فصیح اقبال : جی میں آج ہی اسے conclude کروں گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین :جی، آج ہی نہیں کرنا، بلکہ پہلے کرنا ہے کیونکہ اور بھی سپیکرز ہیں۔

سید فصیح اقبال : ٹھیک ہے جی، میں پھر آپ کو بتاؤں گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین :نہیں، آپ نہ بتائیں، بلکہ آپ اب conclude کریں۔

FURTHER DISCUSSION ON THE PRESIDENTIAL ADDRESS

سید فصیح اقبال : جناب چیئرمین صاحبہ! میں پریس کے سلسلے میں، جو باتیں صدر صاحب نے کی ہیں، ان کے بارے میں سب سے پہلے عرض کرتا ہوں کہ حکومت اور صوبائی حکومتوں کی سب سے بڑی ناکامی تھی کہ وہ پریس کو تحفظ نہیں دے سکی ہیں۔ قومی پریس کا یہ سال بدترین سال ہے۔ ویسے تو پانچ/سات سال سے یہ پریس کے اوپر تشدد کے واقعات ہو رہے تھے مختلف صوبوں میں خصوصاً کراچی میں سب سے زیادہ واقعات ہوئے مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس طرف وفاقی حکومت نے کوئی توجہ نہیں دی۔ میں نے بار بار اس ہاؤس میں اس کے متعلق نوٹس دیا ہے، میرے معزز ساتھیوں نے نوٹس دیئے ہیں، اس سلسلے میں کئی پریویلج موشن پیش ہوئے ہیں، کئی تحاریک التوا پیش ہوئی ہیں مگر ان سے حکومت کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی ۔ کبھی بھی وفاقی حکومت کو یہ توفیق نہیں ہوئی ہے کہ اس نے اخبارات کے ساتھ، یا جن صحافیوں پر حملے ہوئے، ہمدردی کا اظہار کیا ہو۔ ان واقعات میں پاکستان کا کوئی اخبار نہیں بچا ہے۔ میں تکبیر کا نام لوں، جنگ کا نام لوں، ڈان کا نام لوں، ہیرلڈ کا نام لوں۔ ان کے نمائندوں کو اتنا حراساں کیا گیا کہ اپنے گھروں سے اپنی ڈیوٹی دینے کے لئے

باہر نہیں جاسکتے تھے۔ تو مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حکومت نے جتنے اقدامات اس سلسلے میں کئے ہیں ان میں حکومت پریس کو تحفظ دینے میں ناکام رہی۔ اس میں صرف وفاقی حکومت ہی involve نہیں تھی بلکہ صوبائی حکومتیں بھی ملوث تھیں۔ کیونکہ لا اینڈ آرڈر کو برقرار رکھنا جیسے کہ یہاں ہاؤس میں بتایا جاتا ہے کہ صوبوں کا مسئلہ ہے۔ جن صوبوں میں یہ واقعات ہوئے ہیں' خاص طور پر سندھ کی حکومت اس میں ناکام رہی ہے کہ انہوں نے press کو کسی قسم کی کوئی سہولت نہیں دی تحفظ دیں 'لیکن انہوں نے نہیں دیا۔

اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت کا یہ فرض ہے کہ press کے سلسلے میں توجہ دیں۔ آج جتنی بھی پارٹیاں ہیں وہ تشدد آمیز رویہ اسی لئے اپنائے ہوئے ہیں کہ ان کا کوئی check نہیں ہے۔ اس لئے حکومت کا فرض ہے کہ وہ اس کو check کریں' ان کے تحفظ کو یقینی بنائیں ان کی unions ہیں' پریس کی bodies ہیں' ان کے عہدیداروں کو بلائیں اور اس کے لئے کوئی مستقل ایسا حل نکالا جائے کہ جس سے اخبارات آزادی سے اپنے مئوقف کو پیش کر سکیں اور آپ کو پتہ ہے کہ چیئرمین صاحبہ! جمہوری ملکوں میں پریس کا رول ایک آنکھ جیسا ہے۔ اگر آپ نے کسی قوم کی ترقی دیکھنی ہے تو اس کا اس کے اخبارات سے پتہ چل جاتا ہے 1985ء سے جب سے جونیجو صاحب کی حکومت برسر اقتدار آئی' پریس کو بڑی آزادی دی۔ اس سے پہلے پریس نے یہ آزادی حاصل کی تھی جو کہ ان کو دی نہیں گئی تھی بلکہ اس نے لی تھی۔ یہ بڑی جدوجہد کے بعد حاصل کی تھی۔ اس کالے قانون کو منسوخ کرنے کا فخر بھی جونیجو صاحب کی حکومت کو حاصل ہوا لیکن اس حکومت کے اقدامات سے اب تک press کو تحفظ نہیں مل سکا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل ابھی تک پاس نہیں ہوا۔

میں وفاقی حکومت کے اراکین اور وزراء سے درخواست کروں گا کہ پریس کے سلسلے میں جو press Ordinance ختم ہو چکا ہے' اس کو فوری طور پر بل کی شکل میں لائیں اور اس میں یہ شق رکھیں کہ جس سے صحافیوں کا تحفظ یقینی ہو تاکہ وہ اپنے فرائض خوش اسلوبی سے ادا کر سکیں۔ اور آئے دن جو تشدد کے واقعات ہو رہے ہیں ان کا خاتمہ ہو سکے۔ اب

تو لوگوں نے اخبارات پر، ان کے مالکان پر، صحافیوں پر حملہ کرنا شروع کر دیا ہے، کارکن صحافیوں پر حملہ کرنا شروع کر دیا ہے جس سے ان لوگوں کا آزاد فضا میں کام کرنا مشکل ہو گیا ہے۔

میں بلوچستان کے ایک تاریخی حقائق کے متعلق بات کر رہا تھا، میں نے عرض کیا تھا کہ جب 1947ء میں بلوچستان کے accession کی بات تھی B.S.U. ریاست قلات تھی، تو اس وقت.....

میڈم ڈپٹی چیئرمین: آپ تاریخ پر بات نہ کریں بلکہ صدر کے Address پر بات کریں۔ تاریخ تو ہم پورے دو گھنٹے سے سن رہے ہیں۔

سید فصیح اقبال: ایک منٹ، یہ بات ریکارڈ میں نہیں آئی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جی آپ conclude کریں۔

سید فصیح اقبال: محترمہ، چھ جون کے partition plan میں، بلوچستان کی States کو standstill کے تحت آزاد کر دیا گیا تھا۔ اور جو leased areas تھے، ان کے بارے میں انگریز نے یہ فیصلہ کیا کہ جب یہ leased area ختم ہوں گے یہ خود بخود آزاد ہو جائیں گے یا جس کے ساتھ ان کا الحاق ہو، ان کے ساتھ مزید lease دی جائے۔ تو میں ایک قانونی اور آئینی سقم بتا رہا ہوں۔ تو اس وقت ان ریاستوں کے ساتھ بلوچستان کے کچھ علاقوں میں جہاں leased areas تھے، وہ کارروائی مکمل نہیں ہوئی۔ جب صوبہ دیا گیا۔ یہ سقم ابھی تک ہے۔ اس لئے حکومت اس پر فوری توجہ دے اور وہاں کے بسنے والوں کے حقوق کا خیال رکھے۔ میں بلوچستان کے وفاق میں ملازمتوں کے حصہ ہونے کے بارے میں عرض کرتا ہوں کہ آج تک جتنے commissions بنے ہیں، جیسے Federal Public Service Commission میں آج تک بلوچستان کا کوئی چیئرمین نہیں ہوا ہے جب کہ ایک ایک صوبہ سے تین تین ممبر رہے ہیں۔ بلوچستان سے محض ایک خانہ پری کرنے کے لئے ایک جونیئر ممبر لگایا گیا۔ میں نے اس دن بھی کہا تھا کہ جہاں تک ہماری

فارن سورس کا تعلق ہے' اس سلسلے میں' میں نے 1985ء سے حساب رکھا ہے۔ 1985ء میں ہمارے 4 سفیر تھے' آج ہمارے پاس ایک سفیر ہے.....

ڈاکٹر بشارت الٰہی : چیئرمین صاحبہ ! یہ repetition ہو رہی ہے۔

سید فصیح اقبال : یہ repetition نہیں ہے بلکہ میں ایک اور نئی چیز بتا رہا ہوں۔

میں گیس کمپنی کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب وزیر اعظم بلوچستان تشریف لائے تھے تو اس وقت ہمارے وزراء نے وعدہ کیا تھا اور وزیر اعظم صاحب نے بھی کہا تھا گیس کمپنی کا ہیڈ آفس کوئٹہ تو نہیں لایا جا سکتا' تاہم اس کا status ایک ڈائریکٹر کا رکھیں گے جو بلوچستان کا ہو گا۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ' اسے آپ وزراء نوٹ کریں' کہ چوہدری نثار علی خان نے وزیر خان نے وزیر اعظم کی موجودگی میں کہا تھا کہ within three months ہم بلوچستان میں سوئی گیس کے دفتر کو' Southern Gas کے دفتر کو' ڈائریکٹر کا status دیں گے جو کہ اب بالکل خالی ہے۔

Income Tax Tribunal میں ایک جگہ خالی ہوئی ہے' میں نے اس سلسلے میں وزیر قانون و پارلیمانی سے بارہا کہا ہے کہ ہماری service tribunal میں کوئی نمائندگی نہیں ہے۔ اب ہمارے ہاں چار اکائیاں ہیں' وہاں کے بسنے والے لوگوں کو ان کا حق نہیں دیں گے تو اس سے محرومی بڑھے گی۔ جو ہم بات کرتے ہیں کہ صوبائی اٹانومی دی جائے تو یہ autonomy اس چیز کی ہے کہ لوگوں کو ان کے حقوق ملیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ آج یہ Law Minister نہیں رہے لیکن ان کے پاس پارلیمانی امور کی اہم ذمہ داریاں ہیں' تاہم یہ گواہ ہیں کہ بلوچستان کا کیس ایک سال سے فائل میں پڑا ہوا ہے' یہ اس لئے ہے کہ کچھ لوگ ایسے ہیں کہ جو ہمارے صوبے کو کسی بھی شعبہ میں نمائندگی دینے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میں نے آپ کو اس دن بتایا تھا کہ بلوچستان میں 970 کلو میٹر سمندر ہے۔ تو اس کے لئے آپ کا فرض تھا کہ Coastal Development Authority بناتے۔ جیسے کہ آپ نے سی ڈی اے بنایا ہے' اب واپڈا میں ہمارا کوئی نمائندہ نہیں ہے یہ اس

لئے کہ 1956ء کے ایکٹ میں' powers وزارت پانی و بجلی کے پاس ہی ہیں۔ افسوس یہ ہے کہ تین جمہوری حکومتیں گزر چکی ہیں۔ لیکن ابھی تک کسی نے واپڈا ایکٹ میں ترمیم کرنے کی کوشش نہیں کی اور پھر ہم ہی کہتے ہیں کہ واپڈا کا چیئرمین بڑا powerful ہے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ ایک کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی بنائی جائے گوادر میں پورٹ کا اعلان کیا گیا ہے لیکن built and operate system پہ' آپ کو پتہ ہے کہ بلوچستان میں ابھی تک کوئی انفراسٹرکچر نہیں ہے اس لئے حکومت گوادر پورٹ اتھارٹی بنائے تاکہ اس کے تحت وہ ہو۔

اب میں عورتوں کی نمائندگی اور حقوق کے بارے عرض کروں گا ہم لوگوں نے پرائیویٹ بل اس ضمن میں پیش کیا ہوا ہے اور ہماری حکومت اس کا مکمل وعدہ کیا ہے اور ان کے منشور میں ہے کہ عورتوں کی سیٹیں بحال ہوں گی اور اس سلسلے میں ہماری دوسری تمام اپوزیشن پارٹیوں نے کبھی اختلاف نہیں کیا یہ قومی مسئلہ تھا لیکن ہماری حکومت نے پورا نہیں کیا تو جہاں تک اس حکومت کی feeling ہیں۔ یہ بھی آپ کے سامنے ہیں' اور جو ہماری حکومت کی اس وقت achievements ہیں اس سلسلے میں NFC ایوارڈ بہت بڑا کارنامہ ہوا۔ اب اس میں اگر کسی کو اختلاف ہے تو یہ دیکھے کہ گزشتہ چودہ سے بیس سال ہو گئے ہیں کسی نے اس آئینی ادارے کو نہیں بٹھایا وہ پہلی مرتبہ اس حکومت نے بٹھایا یہ بڑا کارنامہ تھا کہ Council of Common Interest کی میٹنگ ہوئی اس میں چاروں صوبوں کی نمائندگی ہوئی این ایف سی ایوارڈ ہوا لیکن اس ایوارڈ کے بعد دوسری میٹنگ بھی ہونی چاہئے یہ صوبوں کا بہت بڑا مسئلہ حل ہوا کیونکہ جو رائیلٹی بجلی کی سرحد کو ملنی تھی وہ اس کو ملی' بلوچستان کو گیس کی ملنی تھی وہ اسے ملی لیکن ابھی باقی مدوں میں اور محاصل میں ہمارے ریونیوز ہیں وہ ابھی تک تقسیم نہیں ہوئے۔ لہٰذا میں حکومت سے استدعا کرتا ہوں کہ فوری طور پر کونسل آف کامن انٹرسٹ کی میٹنگ بلا کر جو قابل حل مسائل ہیں حل کرے تاکہ چاروں صوبوں کے حقوق کا تحفظ ہو۔ اب میں خارجی امور پر آتا ہوں۔

صدر صاحب نے اپنی تقریر میں خارجہ پالیسی کے ضمن میں افغان پالیسی کا ذکر کیا۔ اس بارے میں موجودہ حکومت کی پالیسی بڑی مستحکم ہے۔ اب جہاد کی شکل نہیں رہی اب وہاں کمیونزم نہیں ہے۔ وہاں کے سب لوگ مسلمان ہیں۔ اب ان کو آپس میں فیصلہ کرنا چاہئے اور حکومت نے جو پالیسی بنائی ہے اس سلسلے میں اس پر فوری عمل کرے تاکہ افغانستان کا مسئلہ

حل ہو اور وسطی ایشیاء کی ریاستوں تک رابطہ سہل اور آسانی سے ہو سکے جو ابھی تک رکاوٹ ہے۔ لہٰذا فوری عمل در آمد حکومت کو کرنا چاہئے۔

میں کسی فرقہ یا گروہ کی بات نہیں کرتا لیکن سب سے بڑا حق افغان عوام کا ہے جو اکثریت سے وہ فیصلہ کریں گے وہی بہتر ہو گا۔ پہلے لڑائی بھی اکثریت ہی کے فیصلے کے مطابق تھی۔ اور اس میں ہمارے پاکستان نے اخلاقی اور مالی مدد بھی کی اور اس موقف کو دنیا نے سراہا۔ لیکن یہ کہنا غلط ہے کہ یہ امریکہ کی پالیسی ہے یہ پاکستان کی اپنی پالیسی ہے اور جو لوگ بار بار امریکہ کی پالیسی گردانتے ہیں انہیں یہ پتہ ہونا چاہئے کہ صرف ایک نیوکلیر پروگرام یہ پاکستان کے ساتھ امریکہ کی کتنی ناراضگی ہے۔ آج آپ کی تمام aid بند ہے اور خدا کا شکر ہے کہ ہمیں اپنے پاؤں پہ کھڑا ہونا چاہئے۔ ہمیں امریکہ کی طرف نگاہ نہیں رکھنی چاہئے۔ ہم امریکہ کے کسی سفیر کو وائسرائے کا درجہ دے کر ذمہ داری سے بری نہیں ہو سکتے۔ اس لئے کم از کم امریکہ کو یہ سوچنا چاہئے۔

آج ایران نے دنیا میں ایک مثال قائم کی انہوں نے دونوں سپر طاقتوں روس اور امریکہ کو ٹھکرا دیا اور انہوں نے آزاد پالیسی بنائی۔ باقی ہر ملک کا اپنا مفاد ہوتا ہے۔ اسی کے تحت پالیسی تابع ہونی چاہئے لیکن ایک وہم ہے کہ پالیسی کون چلا رہا ہے کبھی وزیر مملکت، کبھی سیکرٹری جنرل اور کبھی سیکرٹری بھی بیان دیتے رہتے ہیں تو یہ ایک انتظامی مسئلہ ہے لیکن فارن آفس کو کم از کم پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینا چاہئے اور پارلیمنٹ سے باہر بھی لوگوں سے مشورے لینے چاہئے۔ اور یہ ایک تسلسل ہے بدقسمتی سے بڑے اہم امور آئے لیکن ابھی تک فارن پالیسی پر کوئی debate نہیں ہوئی۔ تو میں درخواست کروں گا کہ قومی مسائل پر دونوں ہاؤسز میں یا مشترکہ اجلاس میں debate کرائی جائے تاکہ ہر آدمی اپنا نقطہ نگاہ بیان کر سکے۔

مجھے اپنی تقریر کے آخر میں یہ بتانا ہے کہ ابھی مجھے پتہ چلا ہے کہ بلوچستان کو بنکنگ کونسل میں ایک بھی ایگزیکٹو پوسٹ نہیں ملی یہ فیصلہ ہوا ہے ایک اکلوتا ڈائریکٹر ملا تھا لیکن اس

کی تبدیلی کی کوشش ہو رہی ہے۔ اب چونکہ میں نام نہیں لینا چاہتا لیکن ہیں ہی چند لوگ تو کیوں نہ نام لوں۔ یعنی ایک سیکرٹری کو اس لئے تبدیل کر دیا کہ اس پہ شبہ تھا اور دوسرے کو ایک عورت کے کیس میں جسے آج کل ایگریکلچر بنک کا چیئرمین لگایا گیا ہے یہ اس وجہ سے کہ ہماری سنٹر میں کوئی نمائندگی نہیں ہے اور ہمارے منسٹر جو یہاں برقعہ پوش بیٹھے ہوئے ہیں وہ کہاں گئے ؟ میں کہتا ہوں کہ ان کو بھی چاہئے کہ وہ نکلیں اور اپنی کابینہ میں اپنے صوبے کی نمائندگی کریں۔ ہمارے صوبے میں یہ عالم ہے کہ جو آدمی زرعی ترقیاتی بنک کا چیئرمین ہے اس نے بلوچستان کے سارے قرضے بند کر دیئے ہیں۔ میں نہیں چاہتا کہ اس کا نام لوں اور وومن ڈویژن کا سیکریٹری اسے نکال دیا گیا ہے O.S.D. ہے۔ آپ کا کوئی ایڈیشنل سیکریٹری نہیں ہے۔ لہٰذا اسی سلسلے میں وفاق کو چلانے کے لئے چاروں یونٹوں کی ذمہ داری ہے۔ ہمارے پاس خوش قسمتی سے ایک ائر مارشل چنگیزی تھا جسے پچھلی حکومت نے نکالا تھا اسے آج تک اس یعنی آپ کی حکومت نے بحال نہیں کیا۔ تو میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ اس پر آپ بھی توجہ دیں اور بیٹھے ہوئے وزیر صاحب نوٹ کریں اور وزیر اعظم صاحب کو بتائیں۔

اس کے علاوہ آپ نے بڑے انقلابی فیصلے کئے ہیں لیکن ان کا result کیا نکلا ہے اور لوگوں کو کتنا فائدہ پہنچا ہے۔ یہ پرائیویٹائزیشن کا معاملہ ہے بلوچستان میں ایک عدد مل تھی ہرنائی وولن مل ' باقی تو ایران و پاکستان کی تھیں ' اور یہ قابل تعریف ہے کہ انہیں چلانے کی کوشش کی۔ ہرنائی وولن مل کو بیچنے کا کیا فائدہ وہ صرف چار کروڑ روپے کے سرمائے سے چل سکتی ہے۔ اس کی مشنری بہتر ہے صرف یہ ہے کہ balancing and modernisation ہو۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ پرائیویٹائیزیشن کمیشن جو کچھ کرے کم از کم بلوچستان کی اس مل کو چھوڑے کیونکہ وہاں چالیس سال میں ایک انڈسٹری بھی نہیں لگائی۔ اور اگر PIDC نے ایک لگائی تھی تو اس میں working capital کی ضرورت تھی۔ تو اس سلسلے میں میری درخواست ہے کہ بلوچستان کے معاملے میں خصوصی توجہ دے کیونکہ آئے دن یہ debates نہیں ہوتیں۔ صدر نے بالکل صحیح کہا ہے کہ چھوٹے صوبوں کے عوام کا اطمینان ضروری ہے تب ہی آپ ملک کو چلا سکتے ہیں اور یہ تمام ادارے آئینی

تھے۔ اور اسکی ذمہ داری ہم سیاستدانوں پہ بھی ہے لیکن افسوس یہ ہے کہ جو سیاستدان بیساکھیوں سے آئے ہیں جو دوسرے سہاروں سے آئے ہیں۔ تو وہ کسی طرح سے وہ رنگ اور تقدس کو منوا سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہم کہتے ہیں کہ پارلیمنٹ کو مضبوط بنایا جائے اور حکومت کی کوئی پالیسی بغیر اس کی منظوری سے نہ جائے۔ اگر کیبنٹ میں بھی منظوری ہو تو پارلیمنٹ میں آئے۔ تاکہ عوام کی تائید ہو۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جی محمد ابراہیم صاحب۔

سید عباس شاہ : پوائنٹ آف آرڈر جناب فصیح اقبال صاحب جب کوئی سٹیٹمنٹ دیتے ہیں تو اس کو facts بھی سمجھا جاتا ہے انہوں نے کہا تیزی میں کہ ہم نے نیوکلیئر بم بنایا ایٹم بم، ہم نے نہیں بنایا کیونکہ ان کے تعلقات بھی اب ڈاکٹر صاحب کے ساتھ ہیں لیکن وہ تیزی کے ساتھ کہہ گئے۔ تو میں تصحیح کرتا ہوں۔

سید فصیح اقبال : میں نے تو اس سلسلہ میں کہا کہ ایک بم کہاں بنایا ایک بم کے شبے کے اوپر اتنا مسئلہ ہو رہا ہے۔ جب کہ ہماری ایک ریاست قازقستان کے پاس اٹھارہ سو بم ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب شکریہ جی جناب محمد ابراہیم صاحب۔ ..... جناب سید عبداللہ شاہ صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

سید عبداللہ : پوائنٹ آف آرڈر۔ محترمہ میں مداخلت نہیں کرنا چاہتا تھا۔ فصیح صاحب وزیر ڈیفنس پر کو برقعہ پوش کیا تو انکا استحقاق مجروح نہیں ہو گیا! جواب جو عورتیں بھی کہتی ہیں کہ ہم تو برقعہ نہیں پہنیں گی جب کہ یہ تو وزیر کو پہنا رہے ہیں۔

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اچھا جی شکریہ جناب محمد ابراہیم صاحب۔

جناب محمد ابراہیم : شکریہ محترمہ! میں ذرا معذرت خواہ ہوں بیماری کی وجہ سے میری آواز ذرا خراب ہے میری بات طویل نہیں ہوگی مختصراً میں کچھ عرض کروں گا۔

جناب صدر مملکت کے مجلس شوریٰ سے خطاب کے حوالے سے، اس میں شک نہیں انہوں نے آئینی تقاضے پورے کئے اور نئے سال میں مجلس شوریٰ سے خطاب کیا۔ آئین کے

سلسلے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ آئین جو 73ء میں بنا تھا 73ء سے 77ء تک اس میں کافی قطع برید ہوئی کانٹ چھانٹ ہوئی ترمیمات ہوئیں 73ء کا وہ آئین متفقہ آئین تھا۔ اپوزیشن اور ٹریژری بنچز نے بنایا تھا ان میں ہمارے سیاسی رہنما بھی تھے اس میں کسی کو ایسی بات نظر نہیں آتی تھی کہ وفاق یا اس کی اکائیوں کو وہ منظور نہ تھا اب 77ء تا 88ء تک اس میں بھی آمرانہ تبدیلیاں اپنے اقتدار کو طول دینے کے لئے وہ اقدامات کئے گئے کہ وہ ترمیمات کے انبار وہاں لگے اور اس آئین کی وہ اصلی صورت نہ رہی جو 73ء میں متفقہ آئین تھا۔ میں محترمہ ! یہاں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے اس وفاق کا' اس ایوان کا اور ان اکائیوں کا یہ تقاضا ہے کہ اس آئین کی نظر ثانی کی جائے اور کونسل آف کامن انٹرسٹ کو بلایا جائے وہ اس کا مطالعہ کرے تجزیہ کرے اور نشاندہی کرے ان جگہوں کی جہاں سے قوم کو جمہوریت کے راستے سے ہٹا کر غلط راستوں پر لگایا گیا۔ یہ قوم کی فلاح میں بھی ہے۔ قوم کی بہبود میں بھی ہے۔ ان کی بہتری میں بھی ہے اور قوم کو اعتماد میں لینے کے لئے بھی یہ امور از حد ضروری ہیں۔ دوسری بات جناب' میں اپنے ماحول کی بات کرتا ہوں۔ میں جہاں کا رہنے والا ہوں اور جو کچھ میرے گرد و پیش میں ہے' میں جب اپنے گاؤں سے ایک قدم باہر رکھتا ہوں تو میرا پاؤں قبائلی علاقے میں پڑتا ہے۔ مثلاً اپنے گاؤں کے احاطے سے باہر شمال کی طرف قدم رکھتا ہوں تو اورکزئی ایجنسی میں میرا قدم پڑتا ہے۔ اگر شمال مغرب کی طرف اپنے گاؤں کے احاطے سے باہر قدم رکھتا ہوں تو کرم ایجنسی میں میرا قدم پڑتا ہے اور اگر جنوب کی طرف میرا پاؤں پڑے تو شمالی وزیرستان میں میرا پاؤں پڑتا ہے۔ یہ پختون ہیں چاہے وہ ایجنسیوں میں رہتے ہیں چاہے وہ قبائل میں رہتے ہیں چاہے وہ اضلاع میں رہتے ہیں اور پختون سوسائٹی من حیث القوم قبائل پر مشتمل ہے۔ ایک آفریدی لنڈی کوتل میں بھی رہتا ہے وہ کوہاٹ میں بھی رہتا ہے۔ ایک اورکزئی' کوہاٹ میں بھی رہتا ہے اور اورکزئی ایجنسی میں بھی رہتا ہے۔ ایک بنگش کرم ایجنسی میں بھی رہتا ہے اور کوہاٹ ضلع میں بھی رہتا ہے۔ یہ تفریق انگریزوں کی دی ہوئی تفریق ہے جو اب قوموں اور قبیلوں کو بانٹ کر دس کو ادھر ادھر کیا' اپنے انتظامی اور اپنی مصالحتی کوششوں کی بنیاد پر ہمیں ایسے رکھا' تقسیم در تقسیم کہ ہمارا اتفاق و اتحاد نہ ہو اور ہم زمانے کے ساتھ اپنے بھائیوں سے مشورہ نہ کر سکیں یہ اقدامات تو انگریزوں کے تھے۔ افسوس ہوتا ہے کہ پاکستان بنے 45 سال ہو گئے۔ اس علاقے میں ہمارے جو بھائی ہیں ان کے ساتھ ہمارے بہت

گہرے رشتے ہیں۔ انگریزوں نے ایک سو سال پیشتر جو ایف سی آر وہاں لاگو کئے تھے وہ ایف سی آر اب تک ایجنسیوں پر لگے ہوئے ہیں۔ یہ ایسے قوانین ہیں جو کالے قوانین تھے۔ جن میں ایک فرد کو کسی عدلیہ میں اپنے استحقاق کے لئے چیلنج کرنے کا حق نہیں ہوا کرتا تھا۔

آخر ہم اکیسویں صدی میں داخل ہونے والے ہیں۔ اور جہاں ہم اور قوموں کے لئے استصواب رائے اور حق خودارادیت کی بات کرتے ہیں' افغانستان میں انتخابات کی بات کرتے ہیں۔ تو وہ لوگوں جنہوں نے ہمارے ساتھ اپنا ماضی و حال وابستہ کیا ہوا ہے ہم ان کے متعلق کیوں نہیں سمجھتے کہ ان کو بھی یہ حق دیا جائے۔ آخر یہ تفاوت کیوں ہے۔ ہم اپنوں اور کو تو حق رائے دہی کی بات کرتے ہیں لیکن ان لوگوں کو جو ہمارے ساتھ ہیں۔ ان کو ہم یہ حق رائے دہی نہیں دیتے۔ وہ ابھی تک محروم ہیں۔ ہم اور لوگوں کو کیا اپنا منہ دکھا سکیں گے اگر کل خدانخواستہ بلکہ خدا خواستہ میں یہ کہوں' کوئی وفد قازقستان سے آتا ہے اور بائی روڈ آتا ہے۔ ہمارے ان قبائلی بھائیوں کو دیکھئے گا۔ ان کی حالت دیکھے گا۔ کرم میں غاروں میں رہتے ہوئے دیکھے گا' خیبر میں غاروں میں رہتے ہوئے دیکھے گا۔ محسود ایجنسی میں غاروں میں رہتے ہوئے دیکھے گا۔ ان کا کیا سٹینڈرڈ بلند ہوا ہے۔ انہوں نے کیا فائدہ اٹھایا ہے ان پنتالیس سالوں میں پاکستان کے ساتھ رہتے ہوئے۔ سوائے اس کے کہ ان کے اس حال پر غالب کا وہ شعر کہا جائے۔

؎ توقع جن سے تھی خستگی کی داد پانے کی
وہ ہم سے بھی زیادہ کشتہ تیغ و ستم نکلے

ان کو دیکھ کر وہ ہم سے کیا توقع کریں گے۔ پینتالیس سال نصف صدی ہوتی ہے اور پھر تعجب کی بات یہ ہے کہ چلیں انگریز تو اپنے مصلحت کی بناء پر ایک ریگولیشن دیتے رہے۔ ایک فرد واحد کی حاکمیت دیتے رہے۔ لیکن ہم کو کیا پڑی تھی کہ ہم نے اپنے بھائیوں سے یہ سلوک کیا۔ پاکستان کے بعد اور کزئی ایجنسی وجود میں آئی ہے' دیر ایجنسی آئی ہے' باجوڑ ایجنسی آئی ہے۔ تین ایجنسیاں پاکستان بننے کے بعد وجود میں آئی ہیں۔ اور خود وہ ایجنسیاں

پی فرنٹیئر کرائم..... ریگولیشن کے تحت چلائی جارہی ہیں اور ایک پولٹیکل ایجنٹ اور ڈپٹی کمشنر کے انتظامات میں ان کو دیا گیا ہے۔ پولٹیکل ایجنٹ اور کمشنر کی حیثیت دو سگے بھائیوں کی ہے۔ دونوں کی ایک صلاح ہوتی ہے۔ ایک آدمی کو کسی جرم میں پکڑا گیا۔ کوئی عدالت نہیں ہے۔ کوئی عدالت میں اسے چیلنج نہیں کر سکتا۔ کالے قوانین اس پر مسلط ہیں اور پھر وہاں کا جو نظام ہے اس سے عوام پر جو مصیبت آئی ہے جو ان کا حال ہے۔ ان کی غربت ہے۔ ان کا افلاس ہے اس کی کوئی حد نہیں۔ میڈم چیئرپرسن صاحبہ! آپ یقین رکھیں کہ وہاں پورا نظام پرمٹوں سے چلتا ہے۔

اور پرمٹ کیا ہیں۔ ایک چہتیے کو وہ پرمٹ دیتے ہیں۔ ایک ٹرک دو ٹرک پانچ ٹرک یہ دال ہے۔ یہ کیروسین آئل ہے یہ گھی ہے یہ چنا ہے۔ وہ تو بنالیتا ہے جسے پرمٹ دیا گیا ہے۔ پیسے سے وہ بنالیتا ہے لیکن عام آدمی جو مہنگائی سے خریدتے ہیں ان پر کتنا اثر پڑتا ہے۔ وہ کتنی مہنگی خریدتے ہیں۔ آٹے پر بھی پرمٹ ہے۔ گھی پر بھی پرمٹ ہے۔ ان کا پورا نظام پرمٹوں پر چلتا ہے۔ مگر اس کا بوجھ کس پر پڑتا ہے۔ اس کا بوجھ تو غریب عوام پر پڑتا ہے۔ جن کے پاس نہ کارخانہ ہے نہ ان کے پاس کھیتی ہے نہ ان کے پاس صنعت ہے کچھ بھی نہیں ہے۔ اور تعجب کی بات یہ ہے کہ یہ سب جو کچھ ہو رہا ہے۔ وہ ہمارے بھائی ہیں ہمارا ملک کے ساتھ متعلق ہیں۔ ہمارے ملک کے ساتھ وابستہ ہیں۔ ہماری حکومت کو چاہئے بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ صدر مملکت کو زیر انتظام یا خود ہمارے صدر مملکت کو چاہئے کہ یہ اصلاحات ان علاقوں میں زود تر لے آئیں ورنہ ایسا نہ ہو کہ ہمارے یہ حساس علاقے بھی احساس محرومی کا شکار ہوں ہم پہلے ہی بہت زیادہ احساس محرومی کی شکایت کرتے رہتے ہیں۔ ہمارے اچھے صوبے یہ شکایت کرتے ہیں تو ہمارے یہ بھائی بھی ایسا نہ ہو' خدانخواستہ کہ یہ بھی احساس محرومی کا شکار ہو جائیں۔ چاہئے کہ یہ اصلاحات اس ملک میں جلد تر آئیں' بہت جلدی آئیں اور اس سب محرومیوں اور خرابیوں کا ازالہ کیا جائے۔ اس کے بعد جناب چیئرپرسن صاحبہ! میں ایک اور موضوع کی طرف آؤں گا۔ ہماری حکومت کی موجودہ یہ افغان پالیسی ہے۔ اس سے پہلے تیرہ سال ہم پر کیا گزری؟ محترمہ میں آپ کو کیا بتاؤں کہ میرا گھر اس جگہ ہے کہ جہاں افغانستان کا دھماکہ ہوتا ہے تو میری کھڑکیاں لرزتی ہیں۔ آپ کو یہ میں بتانا چاہتا ہوں کہ یہاں ٹرک جاتا ہے اور اس میں عورتیں مال غنیمت کی طرح

کنیزوں کی طرح اٹھائی جاتی ہیں۔ میں ان کو دیکھتا ہوں۔ ان معصوم بچوں کو دیکھتا ہوں، کہ جو ٹرک بھر بھر کر وہاں سے لائے جاتے ہیں اور یہاں فتح کا جشن منایا جاتا ہے۔ اگر یہ جہاد کرتے ہیں۔ تو پوچھنے کی بات یہ ہے کہ یہ جہاد کس سے کرتے ہیں۔ جہاد مسلمان کے ساتھ کس کتاب کس شریعت میں آیا ہے۔ کوئی پہلے ان کو کافر تو بتائے۔ یا کوئی سوشلسٹ نظام آنے سے کمیونسٹ نظام آنے سے کسی ملک میں کیا وہاں کے عوام کافر ہو جاتے ہیں؟ کوئی سوشلسٹ ڈکٹیٹر آنے سے کوئی سوشلسٹ آمر آنے سے کوئی سوشلسٹ لیڈر آنے سے اقتدار میں کیا وہاں کے عوام کافر ہو جاتے ہیں۔ کوئی یہ لاجک بتائے۔ کوئی حقیقی وجہ تو ہمیں دے دے۔ ہمارے ہاں تو انگریز حاکم رہے ہیں ہم کافر نہیں ہوئے ہم اب بھی مسلمان ہیں ہمارے آباؤ اجداد بھی مسلمان تھے حالانکہ کافر انگریز ہمارا حکمران تھا۔ تو کسی حاکم کے کیمونسٹ بننے سے اور اگر ایسے ہی تھا کہ کوئی سوشلسٹ حکمران کسی ملک میں آ جائے تو اس کے عوام کافر ہو جاتے ہیں ان کے خلاف جہاد کرو۔ تو اس سے پہلے لیبیا کے ساتھ جہاد ہونا چاہئے تھا۔ اس سے پہلے عراق کے ساتھ یہ جہاد ہونا چاہئے تھا۔ لیکن کتنا عجیب استثنا ہے کہ عراق سوشلسٹ ہوتے ہوئے بھی اس کے خلاف جہاد نہیں کیا جاتا۔ شام کے سوشلسٹ ہوتے ہوئے بھی اس کے خلاف کوئی جہاد نہیں کیا جاتا۔ کوئی اعلان نہیں ہوتا۔ لیبیا کے سوشلسٹ ہوتے ہوئے بھی اس کے خلاف جہاد نہیں کیا جاتا۔

اور یہ ہمارے قازقستان ترکستان اور تاجکستان کیا یہ سب سوشلسٹ ریپبلک نہیں تھے۔ ہم انہیں خوش آمدید کہتے ہیں کہ ہمارے مسلمان ہیں لیکن جو ہمارے افغانستان کے مسلمان ہیں ان کو ہم خود ہی کافر بنا کر ان کے خلاف جہاد کرتے ہیں۔ جہاد کا حکم تو کافر کے لئے ہے لیکن جہاں ہندو غاصب ہے یہ ہمارا میڈیا بھی عجیب ہے کہ وہ اب تک جو کشمیر میں لڑتے رہے ہندو کے خلاف ان کو حریت پسند کہتے ہیں۔ اسے مجاہد نہیں کہتے۔ ہمارے پریس والے بھی شاید ڈرتے ہیں ہندوستان سے چونکہ افغانستان چھوٹا سا ملک ہے اس سے نہیں ڈرتے۔ جو ان کو چپت لگاتا ہے اس کے خلاف ایسی بات نہیں کرتے۔ جو ٹھیک ٹھاک لوگ ہیں۔ سعادت مند قوم ہیں۔ وہ مسلمان ہیں بلکہ انہی کی کوششوں سے سب کانٹینینٹ کے کروڑوں لوگ مسلمان ہوئے ہیں۔ ہاں آج ہم انہیں کافر بنا رہے ہیں۔ تو

یہ بہت تعجب کی بات ہے۔ میں حکومت کی اس پالیسی کو خوش آئند کہتا ہوں۔ اور میں مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے اس غلطی کا ازالہ کیا اور اب ہماری حکومت پرامن طریقے سے اس مسئلے کے حل کی بات کر رہی ہے۔ کچھ لوگ جو جنگجو یانہ، ہمارے فاضل دوست بھی ہیں یہاں اس سینٹ میں جو جنگجو یانہ پالیسی رکھنے کا پرچار کرتے ہیں میں عرض کرتا ہوں کہ ان کی پیاس بنی مسلمان کا خون پینے کی ان کی پیاس ابھی نہیں بجھی دراصل مسئلہ یہ نہیں ہے کہ کون کافر ہے کون کافر نہیں ہے یہ قطعاً مسئلہ نہیں ہے ان کو اپنے مال و دولت کے بنانے سے مطلب ہے ان کی بات جو ہے صرف مال و دولت بنانے کے ہے آپ یقین رکھیں کہ سندھ کے ایک بہت ذمہ دار آدمی نے ایک سال پیشتر بیان دیا کہ اس وقت سندھ میں ایک لاکھ کلاشن کوف ہے اگر سندھ میں ایک لاکھ کلاشن کوف ہے تو لازماً پنجاب کی آبادی سندھ سے بہت زیادہ ہے اس سے دوگنی ہے تو پنجاب میں دو لاکھ کلاشن کوف ہو گا فرنٹیئر Frontier میں اس سے بھی زیادہ ہونا چاہئے اس لئے کہ ہمارا جغرافیہ ایسا ہے نام نہاد مجاہدین کے کیمپ بھی وہاں ہیں ان کے سارے اسلحہ ذخیرے بھی وہاں ہیں تو فرنٹیئر Frontier میں تو اس سے بھی زیادہ تعداد ہو گی ایک کلاشن کوف 25 ہزار روپے سے لے کر 50 ہزار روپے تک بکتا رہا ہے آپ میڈم چیئرمین صاحبہ! ذرا توجہ فرمائیں کہ جب ایک کلاشن کوف 20 ہزار روپے سے 55 ہزار تک بکتا ہے اور جنہوں نے 6، 7 لاکھ کلاشن کوف بیچے انہوں نے کتنی دولت بنائی وہ اب بھی یہی چاہتے ہیں کہ وہ دولت بنائیں ان کو کسی کو مسلمان بنانے سے یا کسی کو کافر بنانے سے غرض نہیں ہے وہ تو اپنے مفادات کے لئے کام کر رہے ہیں۔

جناب والا میں یہاں آکر پشتو کے مشہور شاعر کی بات کرتا ہوں انہوں نے کوئی تین سو سال پہلے اس قماش کے لوگوں کو جو لوگوں کو اس طریقے سے کافر بناتے ہیں وہ پشتو میں کہتے ہیں۔

(پشتو)

I suppose you understand my quotations.

یہ جو پائنچوں کو ٹخنے سے اوپر رکھتے ہیں اٹھتے ہیں بیٹھتے ہیں پھرتے ہیں یہ مرغن غذا کھاتے ہیں اور بھر بھر کر تھال کھاتے ہیں یہ طریقت کے نام پر رہزن ہیں یہ اپنے گھر کو پرائے اثاثے لے جاتے ہیں بیمار آدمی کو نذر کی ادائیگی پر صحت دیتے ہیں اور بانجھ عورتوں کو خوبصورت

لڑکے عطا کرتے ہیں لمحہ بھر میں وہ دنیا کو کفر کا فتویٰ دیتے ہیں کفر کی طرف دھکیلتے ہیں اور خود کفر کے کنارے کھڑے ہوئے ہیں تو یہ آج سے تین سو سال قبل ہمارے عظیم شاعر نے یہ کہا تھا بہرحال میں حکومت کی اس پالیسی کا یعنی خوش آمدید کہتا ہوں کہ انہوں نے بہت اچھی پالیسی بنائی ہے اس خطے میں امن آئے گا ہم خوش ہوں گے ہمارے بھائی خوش ہوں گے یہ ملک خوش ہو گا ہمارے ساتھ پڑوس والے خوش ہوں گے امن کا دور دورہ ہو گا اس کے بعد جناب میں ایک اور موضوع پر آتا ہوں اگلے دن جتوئی صاحب نے پختون خواہ کے حوالے سے کوئی بات کی میرے فاضل دوست بہرہ ور سعید نے اٹھ کر اس پر point of order اٹھایا پختون خواہ کے لفظ کو ایک قسم کا غیر آئینی قرار دیا جناب والا پختون تو ہم شب و روز کہتے ہیں اور یہ ہماری قومیت ہے اس میں کوئی عار نہیں ہے اور نہ یہ شرم کی بات ہے یہ ہماری قومیت ہے اور ہم پاکستان کا حصہ ہیں اور پختونوں کے بغیر پاکستان کا کیا تصور ہو سکتا ہے، کیا تصور ہو سکتا ہے تاجکستان تک پہنچنے کے متعلق آپ کیسے سوچ سکتے ہیں جب پختون نہیں ہو گا یہ عجیب بات ہے جو انہوں نے کہی بہرہ ور سعید صاحب میرے دوست ہیں میں ان کو جانتا ہوں ان کا بہت احترام کرتا ہوں ان کا نام ہی پورا پشتو کا ہے میرا نام تو محمد ابراہیم خان ہے عربی نام ہے ان کا پورا نام ہی پشتو ہے اخونزادہ بہرہ ور سعید صرف وہ چھوٹا سا سعید جو نام ہے وہ عربی کا ہے باقی اخن کس کو کہتے ہیں زادہ کس کو کہتے ہیں مجھے افسوس ہے وہ آج حاضر نہیں ہیں یہاں ہوتے مزہ آجاتا بہرحال اخون ہم کس کو کہتے ہیں زادہ کس کو کہتے ہیں بہرہ ور کس کو کہتے ہیں بہرحال اتنی مہربانی کیا کریں کہ اگر کوئی انگریزوں کا نام کئے ہوئے نام سے جو NWFP ہے اس سے تو زیادہ شیریں اور میٹھا نام پختون خواہ ہے اور اس میں کوئی غیر آئینی بات نہیں ہے وقت آجائے گا کہ لوگ خود ہی سمجھ جائیں گے کہ اس چیز کی ضرورت ہے کہ ہمارے صوبے کو نام دیا جائے ایک معزز نام، محترم نام جیسے بلوچستان کے لئے ہے جیسے پنجاب کے لئے ہے سندھ کے لئے ہے تو Frontier کے لئے بھی ایک نام ہو جائے اس ضمن میں میں ایک اور بات عرض کرتا ہوں وہ کالا باغ ڈیم کی بات ہے مختلف اطراف سے یہ بات آجاتی ہے ہم ایک وفاقی مملکت ہیں اور وفاق میں ہمارے صوبے ہیں اکائیاں ہیں ان کی جغرافیائی حدود بھی معلوم ہیں ان کا

جغرافیہ بھی معلوم ہے ان کی تاریخ بھی معلوم ہے ان کی ثقافت بھی معلوم ہے بعض اوقات ایسے ہو جاتا ہے کہ کچھ لوگوں کو جب کار ثواب سوجھتا ہے تو وہ کہتے ہیں ہم مسجد بناتے ہیں ہم کہتے ہیں بناؤ کیوں نہیں بناتے ہو کار خیر ہے بناؤ مگر وہ کہتے ہیں کہ نہیں اس جگہ بناتے ہیں وہ بڑی کھلی جگہ ہے پرائے کھیت میں جو مسجد بناتے رہتے ہیں اور ثواب دارین حاصل کرتے ہیں بھئی اپنے کھیت میں بناؤ اگر تم نے مسجد بنانی ہے ہمارے کھیت میں نہ بناؤ اور یہ تو ایسی بات ہے کہ اب جب پانی تقسیم ہو گیا ان کے حقوق کو تسلیم کیا گیا اسی طرح وہ سرحدیں بھی معلوم ہیں انڈس کے مغربی کنارے پر فرنٹیئر واقع ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے اور یہ تربیلا جو مشرقی کنارا اور مغربی کنارہ دونوں فرنٹیئر کا ہے تربیلا ڈیم بنا ہی وہیں ہے اس کی proprietorship تسلیم کی گئی ہے اور وہ وہاں ہے قائم ہے اس کی رائلٹی اور منافع فرنٹیئر کو ملا ہے یا کسی وقت ملے گا۔

یہی صورت حال کالاباغ ڈیم کی ہے جو آئندہ یہ ہونے والی ہے کہ یہ دونوں کنارے اس کے مغربی کنارے میں تو کوئی شک نہیں ہے کہ یہ صوبہ سرحد کا ہے پختون خواہ کا ہے لیکن مشرقی کنارے میں ابھی کچھ شکوک ہیں شاید تاریخ یہ بعد میں ثابت کرے محترمہ چیئرمین صاحبہ میں عرض کرتا ہوں ایک روز اتفاق ایسے ہوا کہ بی بی سی سے ایک پروگرام نشر ہوتا تھا اس کا نام شیر دریا تھا شاید میرے دوستوں میں سے کسی نے سنا ہو رضا علی عابدی اس کو compose کرتے تھے اور وہ نشر ہوتا تھا تو شیر دریا جاتے جاتے شمال سے گلگت سے جاتے جاتے جب میانوالی گئے تو وہاں ایک چائے خانے میں بیٹھے تھے تو وہاں ایک ریکارڈ بج رہا تھا وہ ریکارڈ کیا تھا انہوں نے بی بی سی سے بجایا کہ "منڈا میانوالی دا پٹھان لگدا" وہ ریکارڈ جو ہم نے سنا وہ یہ تھا کہ "منڈا میانوالی دا پٹھان لگدا" اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ میانوالی صوبہ سرحد کا ایک حصہ تھا کسی وقت انگریزوں نے اپنی مصلحت کی بنا پر اس کو پنجاب کے ساتھ ملایا اسی طرح اٹک کا بھی یہی حال ہے یہاں اگر میں اضافہ کروں کہ منڈا اٹک دا غورہ وغشت اور اعوان لگدا وہ بھی تو غورغشت اور اعوان ہے وہ پٹھان ہے تو بہر حال ایسی باتیں جو متنازع ہوں جو قوم کے مفاد میں نہ ہوں جو فتنہ و فساد کو فروغ دیتی ہوں ان پر صلاح و مشورے کی ضرورت پڑتی ہے اور یہ تو ایک ایسا مسئلہ ہے یہ تو حقوق ملکیت کا مسئلہ ہے

یہ کسی صوبے کی نمائندہ اسمبلی کا بھی مسئلہ نہیں ہے میرا کھیت سندھ کے کنارے ہے کون ہے جو میرے کھیت کو زیر آب لائے گا یہ تو حقوق ملکیت ہے اس کی شرعی حیثیت ہے اس کی حیثیت ہی اور ہے میرا مکان ہے جو ڈوبے گا اور میری ذاتی ملکیت ہے تو کچھ امور ایسے ہوتے ہیں کہ جن پر حکومت کو صوبوں کو اکائیوں کو سب کو ٹھنڈے دل سے سوچ کرنی پڑتی ہے..... بہرحال آخر میں میں عرض کرتا ہوں میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا ایک بات عرض کر دوں اس روز قاضی حسین احمد صاحب نے غالب کا ایک شعر پڑھنا چاہا تھا کہ فاضل اراکین میں سے اس کی کوئی اصلاح کرے مگر کوئی نہ اٹھا یا میرے خیال میں اس غلطی کو نہ پکڑ سکے یا اصلاح نہیں کرنا چاہتے تھے وہ غالب کا شعر تھا کہ

ایمان مجھے روکے ہے

اور دوسرا حصہ انہوں نے حذف کیا اور پھر کہا کلیسا میرے پیچھے" محترمہ یہ شعر دراصل یوں نہیں ہے۔ یہ شعر ایسے ہے۔

ایمان مجھے روکے ہے جو کھینچے ہے مجھے کفر
کعبہ میرے پیچھے ہے کلیسا میرے آگے

انہوں کلیسا کو پیچھے رکھا اور کعبہ کو آگے رکھا حالانکہ کعبہ پیچھے ہے اس لئے کہ وہ آپ کو کفر کی طرف جانے سے روک رہا ہے تو قاضی صاحب کے سامنے بھی کفر ہے کلیسا ہے پیچھے بھی کلیسا ہے۔ اب اس شعر کی اصلاح ہونی چاہئے۔ کوئی میرا محترم دوست ہو وہ جا کر ان سے کہے ذرا نوٹ کر کے یہ اصلاح پلے باندھ لیں۔ بہرحال میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا آپ کا بہت شکریہ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: شکریہ ابراہیم صاحب۔ باقی لوگ بھی ایسا مظاہرہ کریں تو بہتر ہو گا جناب عالم علی لالیکا صاحب۔

جناب عالم علی لالیکا: مجھے افسوس ہے کہ مجھے کچھ ایسا وقت ملا ہے کہ کچھ محسوس ہوتا ہے کہ اس میں آپ کی طرف سے اصرار بڑھے گا تاہم میں کوشش کروں گا میں تھوڑے الفاظ میں.....

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں نہیں میرا مطلب یہ نہیں ہے آپ خود احساس کریں۔

جناب عالم علی لالیکا : محترمہ صدر پاکستان کے خطاب پر میں عرض کروں گا کہ صدر پاکستان کا عہدہ آئین کے مطابق سٹیٹ کے سربراہ کا عہدہ ہے ری پبلک کے اتحاد کا مظہر ہے بلحاظ عمر بزرگ ہیں اور مشرقی رویات کے مطابق بزرگ لائق احترام ہوتے ہیں اسلام کی رو سے بزرگوں کی عزت و تکریم لازم ہے بلحاظ تجربہ مسلمہ معیشت کار ہیں اور تنظیمی امور میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ بلحاظ انتخاب ملک کے باضابطہ جمہوری طریقہ سے الیکشن جیت کر صدر منتخب ہوئے ہیں جن کو کچھ عرصہ پہلے تک تمام پارٹیوں نے تسلیم کئے رکھا۔ آئین کے آرٹیکل 47 شق ایک تا 8 میں ان کی علیحدگی کے لئے باقاعدہ طریقہ کار مقرر ہے جو زیادہ پیچیدہ نہیں ہے۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں حزب اختلاف کے قائد کے طرز عمل کی جانب سے ان کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں کہ وہ عمل پارلیمانی اخلاقی معاشرتی اور مذہبی روایات کی نفی تھا نہ صرف صدر مملکت بلکہ اس ایوان کے سپیکر کے احکامات کی تضحیک کی گئی جس کی وہ خود ممبر ہیں جس کے تقدس کا وہ حلف اٹھائے ہوئے ہیں ویسے بھی چند ماہ سے اپوزیشن کی جانب سے الزامات اور حکومت کی جانب سے بیانات سن کر اور پڑھ کر یوں معلوم ہوتا تھا جیسے پاکستان اور ہندوستان کے درمیان کوئی میچ ہونے والا ہے۔ محترمہ مجھے ایک شعر سے ابتداء کرنی پڑتی ہے۔

سونے سونے دارالحسن ہم کو یہ بتلاتے ہیں
کہ سچ کہنے سے لوگ بہت گھبراتے ہیں
یہ الگ بات ہے ہم کو بتلا نہ سکے
ورنہ خواب تو گونگے کو بھی آتے ہیں

صدر صاحب نے فرمایا کہ جمہوریت میں عوام کا فیصلہ ہی اصل اور واحد حقیقت ہوا کرتا ہے کہ اقتدار اعلیٰ کے حقیقی مالک وہی ہیں۔ محترمہ اقتدار اعلیٰ کے مالک عوام یا اللہ تعالیٰ یہ فیصلہ طلب غور کا متقاضی اور بڑی گہری فکر کا طالب مسئلہ ہے۔ محترمہ میں اسلامی ریاست کی خصوصیات عرض کروں گا کہ اسلامی ریاست اسلام کے سیاسی نظریئے کے مطابق اقتدار اعلیٰ کا مالک اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جس کو تمام تشریعی و تحقیقی اختیارات حاصل ہیں اسلامی ریاست میں حکمرانی کا تصور ایک امانت ہے جس کو حکمران امانت کے طور پر

استعمال کرتے ہیں اسلامی ریاست میں بیت المال خزانہ عوام کی امانت سمجھا جاتا ہے۔ حکمران صرف اس کے نگران کی حیثیت سے کام کرتے ہیں اسلامی ریاست کے ساتھ اتحاد کرنے والی اقوام اور ان کے ممالک وہ اندرونی طور پر مکمل سیاسی اور انتظامی اختیارات حاصل ہوتے ہیں اسلامی ریاست مفتوحہ خواہ علاقوں کی اراضی اور دیگر مالی وسائل وہاں کے اصلی باشندوں کے پاس رہنے دیتی ہے ان میں کسی قسم کا تصرف نہیں کرتی اسلامی ریاست کسی بھی علاقے سے وصول ہونے والے ٹیکس وہاں کے لوگوں کی ضروریات پر خرچ کرتی ہے اور اگر ان لوگوں کی ضروریات سے کچھ بچ جائے تو اسے دوسرے ضرورت مند لوگوں تک پہنچانے کے لئے اپنی تحویل میں لیتی ہے اسلامی ریاست میں عوام خواہ مسلم ہوں یا غیر مسلم ان کو یکساں طور پر جانی اور مالی تحفظ فراہم کیا جاتا ہے اس سلسلہ میں ان کے درمیان کوئی امتیاز نہیں برتا جاتا۔ اسلامی ریاست میں عوام کو حکمران پر تنقید کرنے سے اور اس سے باز پرس کرنے یا اسے مشورہ دینے کا پورا حق ہوتا ہے وہ عوام کی رائے کا احترام کرتے ہیں اور اسے نظرانداز نہیں کرتے۔ اسلامی ریاست میں حکمران کی حیثیت ایک خادم کی سی ہوتی ہے۔ حکمران میں کسی قسم کا تکبر تفوق کا جذبہ نہیں ہوتا اور نہ ان سے کوئی امتیاز برتا جاتا ہے.....

Haji Jam Karauddin: Point of order Madam Deputy Chairman, Mr. Laleka is reading from a paper. He can not read.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : لالیکا صاحب آپ ذرا پڑھیں نہیں پوائنٹ نوٹ کر لیا کریں۔

جناب عالم علی لالیکا : محترمہ یہ کچھ پوائنٹ ہیں یہ الگ بات ہے کہ میری نظر کچھ کمزور ہے اور مجھے ان پوائنٹس پر توجہ رکھنی پڑتی ہے۔

حافظ حسین احمد : صدر صاحب نے بھی دیکھ کو پڑھا تھا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : انہوں نے پڑھنا ہوتا ہے۔

جناب عالم علی لالیکا : بہرکیف اسلامی ریاست میں عدل و انصاف اسلامی اصولوں کے مطابق طے کئے جاتے ہیں اسلامی معاشرہ میں اونچ نیچ نہیں ہوتی۔ ہر حق دار کو خواہ قوی ہو یا ضعیف اپنا حق دلانا حکومت کے فرائض میں داخل ہے۔ اسلامی ریاست کی مذکورہ بالا خصوصیات کی تائید میں تاریخ اسلامی اور فقہ اسلامی میں متعدد اور بیشمار شواہد ملتے ہیں۔

اسلامی حکومت اور معاشرہ میں انسان کے کردار کو تمام خصائص پر فوقیت حاصل ہے یہی اس کے نیک یا بد ہونے کی کسوٹی ہے اسلامی ریاست میں طلب جاہ یا منصب نہیں ہوتی بلکہ ریاست کے عوام کسی کے اعلیٰ اخلاق بلند کردار کو مدنظر رکھتے ہوئے منصب حکمرانی کے لئے منتخب کرتے ہیں۔ حکومت الھیہ یا حکام دین سے مطلب محض مسجدوں میں دین قائم کرنا یا چند مذہبی یا اخلاقی احکام تبلیغ و ترویج کر دینا نہیں ہے بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ گھر اور مسجد کالج اور منڈی تھانے اور چھاؤنی ہائیکورٹ اور پارلیمنٹ ایوان وزارت اور سفارت خانے سب میں اسی ایک خدا کا دین قائم کیا جائے اور سب کا انتظام اسی ایک رسول کی تعلیم کے مطابق چلایا جائے جسے ہم ہادی برحق مانتے ہیں اور مان چکے ہیں یہ صرف خیال ہی نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے جب اس طرح انسانی زندگی کے ہر شعبہ میں دین کی حکمرانی تھی۔ تو دنیا میں ان برکتوں کا مشاہدہ کیا اسلام نے آکر بے انصافی کی جگہ انصاف ظلم کی جگہ عدل طبقاتی اونچ نیچ کی جگہ مساوات قائم کی اور بندہ و آقا کی تمیز کو ختم کیا۔ بدامنی کو ختم کر کے امن قائم کیا محتاجوں بیواؤں اور یتیموں کی خبر گیری کی لوگوں کی جان عزت و آبرو کی حفاظت کی بدی کی حوصلہ شکنی کی نیکی کو پروان چڑھایا۔ رعایا اور راعی کے درمیان کوئی حجاب رہنے نہ دیا شاہانہ غرور اور تکبّر کو ملیامیٹ کر کے دکھایا نسلی اور طبقاتی امتیازات کو ختم کر دیا گیا لوگوں کو پوری آزادی دی گئی غرض کہ اسلام کے آنے ہی سے انسان نے انسان کی حیثیت سے جینا سیکھا۔

محترمہ اسلامی ریاست ایک شورائی خلافت ہوتی ہے نہ کسی خاندانی بادشاہی کی بنیاد ڈالی گئی نہ کوئی شخص طاقت کے بل بوتے پر برسر اقتدار آیا نہ کسی نے خلافت کے لئے دوڑ دھوپ کی چار اصحاب کو یکے بعد دیگرے خلیفہ بناتے چلے گئے اور اسی خلافت محمدیہ کو خلافت راشدہ یعنی راست رو خلافت قرار دیتے ہیں مسلمانوں کی نگاہ میں حکومت کا صحیح طرز حکومت یہی ہے شورائی حکومت مشورے کے معاملے میں خلفائے راشدین کا تصور یہ تھا شوریٰ پوری آزادی کے ساتھ اظہار رائے کرتی ہیں۔ اس معاملے میں خلافت کی پالیسی کے بارے میں حضرت عمر نے ایک مجلس مشاورت کی ابتدائی تقریر میں بیان کرتے ہوئے فرمایا تھا میں نے آپ لوگوں کو اس مقصد کے لئے تکلیف دی ہے اس کا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں کہ آپ

سے مشاورت کروں۔ میرے ناتواں کندھوں پر امانت کا بوجھ ڈالا گیا ہے اسے اٹھانے کے لئے آپ میرے ساتھ شریک ہوں میں آپ ہی افراد میں سے ایک ہوں آپ ہی وہ لوگ ہیں جو حق کا اقرار کرنے والے ہیں آپ میں سے جس کا جی چاہے مجھ سے اتفاق کرے یا اختلاف میں یہ نہیں چاہتا آپ فقط میری خواہش کی پیروی کریں محترمہ تحقیق کرنا ہوگی اسلام مغربی جمہوریت کے قریب تر ہے یا خود ایک طرز زندگی ہے۔ ووٹر کے لئے معیار مقرر کرنا ہوگا انتخاب کے لئے معیار مقرر کرنا ہوگا ہر مسلمان کے لئے پانچ ارکان مسلّمہ ہیں جن کو آئین میں لکھنا ہوگا کسی ووٹر کے لئے کسی بھی انتخاب کے خواہش مند کے لئے پانچ ارکان کی پابندی لازمی قرار دی جائے محترمہ ملک کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لئے پہلے ہی اسلامی نظریاتی کونسل تھی۔ محترمہ، ملک کو اسلامی ڈھالنے کے لئے پہلی اسلامی نظریاتی کونسل تھی، پھر شریعت بل پاس ہوا۔ صدر صاحب نے خود اپنی تقریر میں فرمایا ہے۔

"کہ مقام افسوس ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹیں گرد تلے دبی پڑی ہیں"

محترمہ، مجھے یہ کہنے میں کوئی جھجھک نہیں کہ یہ سب کچھ لادینی مغربی جمہوریت کی لعنت ہے۔ متحیر ہوں کہ ہم ایک نظریاتی مملکت ہونے کے باوجود یہ فیصلہ نہیں کر پائے کہ یہاں لادینی مغربی جمہوریت ہو گی یا اسلامی شورائی جمہوریت۔ صدر مملکت نے جمہوریت کی توصیف و تعریف بھی کی ہے اور جمہوریت کے لئے لازمی مختلف اسباب و عوامل کے نتیجے میں معاشرتی اخلاقی انحطاط کی بات بھی صفحہ چار پر ذکر فرمایا ہے۔ اور صفحہ ایک پر فرمایا ہے کہ

"عوام خواہ لاکھ پسماندہ ہوں، غیر تعلیم یافتہ ہوں، بظاہر بے شعور اور لاعلم ہی کیوں نہ نظر آتے ہوں مگر ان کی اجتماعی دانش کبھی غلطی نہیں کرتی"

محترمہ میں پڑھ کر حیران ہوتا ہوں ایک طرف تو صدر صاحب یہ فرماتے ہیں اور اس کی جانب علامہ اقبال صاحب فرماتے ہیں

گریز ترک جمہوری غلام پختہ کار شوق
کہ بمغرب یک صد خر فکر انسان نمی آئد

پھر فرماتے ہیں کہ جمہوریت وہ طرز جمہوریت ہے جس میں انسانوں کو گنا جاتا ہے، تولا نہیں جاتا۔ محترم قائد اعظم کا ارشاد 1985 کے ورلڈ اسلامک ٹائمز میں درج ہے کہ جمہوریت مسلمانوں کے مزاج کے مطابق نہیں، میں سمجھ نہیں سکا کہ صدر محترم کا یہ تصور کہ عوام خواہ لاعلم ہوں، خواہ پسماندہ ہوں، غیر تعلیم یافتہ ہوں، خواہ وہ شعوری طور پر کم علم ہی کیوں نہ نظر آتے ہوں مگر ان کی اجتماعی دانش کبھی غلطی نہیں کرتی۔ میں یہ نہیں سوچ سکتا اور فیصلہ نہیں کر سکتا کہ علامہ اقبال صحیح سوچتے تھے یا جناب صدر مملکت نے صحیح سوچا ہے، بہر حال میرے ذہنی تزبذب کے لئے یہ کافی ہے۔

محترمہ بیدلا دینی مغربی جمہوریت کا ہی ایک انسانیت سوز عطیہ ہے کہ جس نے مغرب میں لواطت کو قانونی طور پر جائز قرار دے دیا ہے جس کی برائیوں سے اب وہ مغرب والے نالاں ہیں اور محترمہ اللہ تعالیٰ نے اس جرم کی پاداش میں قوم لوط بشمول بیوگان و یتامیٰ، تختہ زمین الٹ کر غرق کر دیا تھا۔ محترمہ، جمہوریت فلسفہ کے مطابق، جمہوری حکومت سے مراد عوام کی حکومت عوام کی آراء سے بننے والی حکومت اور عوام کے لئے بنی ہوئی حکومت ہوتی ہے جس میں رائے دہندگی سے لے کر حکومت کے قیام تک اور مسائل کے حل تک اور ملک و قوم کی ترقی کا پورا نقشہ قوم کے ہر فرد کے سامنے ہوتا ہے۔ اس نقشہ کے تصور کو سامنے رکھتے ہوئے قوم کا ہر فرد آزادانہ طور پر رائے حق دہی استعمال کرتا ہے۔ گویا جڑ سے لے کر تن آور درخت کے بننے تک جمہوریت کے اس پودے میں آزادی کی روح برپا ہوتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مادر پدر آزادی نہیں ہوتی ہے بلکہ اس میں عقل و شعور، جذبہ حب الوطنی، اور نصب العین سے محبت کا جذبہ کار فرما ہوتا ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ کسی بھی رائے دہندہ میں یہ ساری خصوصیات تعلیم کے بغیر پیدا نہیں ہو سکتی ہیں۔

مغربی ممالک، انگلینڈ امریکہ، کنیڈا، فرانس جرمنی جاپان سویڈن جن میں جمہوریت مستحکم ہو چکی ہے وہاں کے لوگ، محترمہ، سو فیصد تعلیم یافتہ ہیں۔ ان ممالک میں غیر تعلیم یافتہ افراد کو ووٹ دینے کا حق حاصل نہیں تھا۔ امریکہ کی آبادی کا ایک حصہ جو نیگرو قبائل پر مشتمل ہے، اس کو صدیوں تک ووٹ دینے کا حق نہیں تھا۔ براعظم افریقہ، تاریک خطہ کہلاتا ہے بیشتر ممالک غیر ترقی یافتہ ہیں اور دیگر قوموں اور قوتوں کے محتاج ہیں، معاشی

ناہمواری تہذیب و تمدن اور جہالت کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ وہاں علم کی کوئی کرن نہیں پھوٹی ہے اسی وجہ سے وہاں جمہوریت کا پودا نہیں پنپ سکا۔ براعظم ایشیا میں ایران پاکستان اور بنگلہ دیش اور ہندوستان کے علاوہ تقریباً ہر جگہ شاہی حکومت ہے۔ جمہوریت کا غلغلہ ان چاروں ممالک میں ہے۔ ایران جو صدیوں تک بادشاہت کے نرغے میں پھنسا رہا' زیر سایہ رہا۔ وہاں خمینی کی حکومت آنے کے بعد جمہوریت کا پودا پنپنا شروع ہوا جس کی عوام نے آبیاری کی' جس کی آبیاری مذہبی تعلیم اور جزبہ سے ہوئی۔ گو وہاں شرح خواندگی کم ہے لیکن معیار' پاکستان کی طرح پست نہیں ہے۔ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جہاں جمہوریت کا سب سے زیادہ ڈھنڈورا پیٹا جاتا رہا ہے۔ 45 سالوں میں صرف سترہ اٹھارہ سال لولا لنگڑا جمہوری نظام چلتا رہا باقی سارے عرصہ میں قوم مارشل لا کے سائے میں پلتی رہی۔ اور سترہ اٹھارہ سال کا جمہوری دور ہے یہ بھی حقیقی معنوں میں جمہوری دور نہ تھا بلکہ جمہوریت کے پردے میں آمریت پروان چڑھتی رہی سیاست دان جوڑ توڑ کر کے حکومتیں بدلتے رہے اور عوام کے حقوق سرد خانے میں پڑتے رہے۔ سچ یہ ہے کہ ہمارے ملک میں کسی بھی دور میں عوام کو اپنی مرضی سے حق رائے دہی کو استعمال کرنے کا موقع نہیں ملا کیونکہ جس قوم میں تعلیم نہیں ہوتی ہے' وہ قوم کبھی آزاد نہیں کہلا سکتی ہے اور نہ ہی اس میں سیاسی بصیرت ہوتی ہے اور نہ ہی وہ اپنے معاشی' معاشرتی یا سیاسی گروہی' مسائل حل کر سکتی ہے پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جہاں شرح خواندگی بڑھنے کی بجائے 45 سالوں میں کم ہوئی 1987ء کے ورلڈ سروے کے مطابق اس وقت پاکستان میں شرح خواندگی 27 فیصدی تھی جس میں ایسے لوگ بھی شامل ہیں جو صرف اپنا نام ہی لکھ سکتے ہیں' خواتین جو ہمارے ملک میں 52 فیصد ہیں ان کی شرح خواندگی سات فیصد ہے۔ سب سے زیادہ تعلیم کا تصور لاہور اور کراچی میں ہے جس کے شہریوں میں سیاسی شعور بدرجہ اتم پایا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ کراچی میں کوئی سرمایہ دار یا برادری والا معاشرے کو رسوم و رواج کے بندھنوں میں جکڑ کر کامیاب نہیں ہوا بلکہ یہاں کے لوگ آزاد فضا میں رکن کی قابلیت' وعدوں' مستقبل کے منصوبوں کو دیکھ کر' سمجھ کر ووٹ دیتے ہیں۔ 1988 کے عام انتخابات میں ایم کیو ایم کی ننانوے فیصد کامیابی اس بات کا بین ثبوت ہے کہ اس تنظیم نے اپنے ووٹروں میں سیاسی فکر اور بیداری پیدا کر کے معاشرے میں اپنا مقام بنایا ہے۔

سید عبداللہ شاہ : question

حافظ حسین احمد : محترمہ کیا یہ ممکن ہے کہ ہمارے بھائی کی جو تقریر دل پذیر ہے اس کی فوٹو کاپیاں ایوان کو مہیا کی جاسکیں

جناب عالم علی لالیکا : جناب 'فوٹو کاپیاں تو کیا' میں حافظ صاحب کی خدمت میں خود حاضر ہوں۔

(قہقہے)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جی 'لالیکا صاحب۔

جناب عالم علی لالیکا : محترمہ 'میں عرض کرتا ہوں کہ شرح خواندگی میں اضافہ کر کے عوامی شعور بیدار کیا جائے تاکہ لوگ اچھے برے کی شناخت کر سکیں اس سلسلے میں حکومت کو چار اقدامات اٹھانے ہوں گے خواندگی میں اضافہ کے لئے تمام مصنوعی طریقے ختم کر کے کم از کم آٹھویں جماعت تک تعلیم کو لازمی قرار دینا ہو گا۔ سرداری اور جاگیرداری نظام ختم کر کے زمین غریبوں میں تقسیم کرنا ہو گی۔ پورے ملک میں تحصیل کی سطح پر صنعتیں قائم کر کے بیروزگاری کا خاتمہ کرنا ہو گا۔ معیار تعلیم کو سرمایہ دار اور غریب کے بچے کے لئے مساوی کیا جانا پڑے گا۔

اب آیئے انتخابات کی طرف۔ جمہوریت کے لئے انتخاب کے ذریعہ جو جراثیم معاشرے میں پھیلتے ہیں 'ان کا تجزیہ کئے لیتے ہیں۔ انتخابات کا اعلان ہوتے ہی ہمارے ہاں تباہ کن زہریلی عصبیتوں کا طوفان امڈ آتا ہے اور عوام کو بے لاگ 'منصفانہ اور آزادانہ رائے دینے کا موقع فراہم کرنے کی بجائے انہیں زہریلے جذبات کی شراب پلا کر ان سے غلط فیصلہ حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس کے ذریعہ سے عوام کے حقیقی نمائندے سامنے آنے کی بجائے جعلی نمائندے مفاد پرستی کو شعار بنا کر سامنے آجاتے ہیں 'اس سے انتخابات پر نئی پرانی 'سیاسی غیر سیاسی 'مذہبی 'غیر مذہبی عصبیتوں کا تدارک ضروری ہو جاتا ہے۔ اسلام نے اسلامی اہمیت کے سوا دوسری ہر نوعیت کی عصبیت کو جہالت اور مہلک عصبیت قرار دیا ہے اور اس کی مذمت کی ہے۔ جو چیزیں انسانوں کے لئے باہمی تعارف اور شناخت کا کام دیتی ہیں 'ان کو تعصب 'عصبیت اور باہمی نفرت کے لئے استعمال کرنا اسلامی احکام کے منافی ہے۔ دوسری جانب ہم نے یہ ملک دو قومی نظریہ کی بنیاد پر حاصل کیا

ہے یعنی کفر کے مقابلے میں اسلامی قومیت۔ ۔ ۔ ایک جداگانہ نظریاتی قومیت ہے۔ اس تصور قومیت سے ہمیں جداگانہ مملکت کا جواز ملتا ہے۔ اگر ہم اس تصور قومیت کے علاوہ کوئی دوسرا تصور قومیت اختیار کرتے ہیں تو فی الحقیقت ہم ایک طرف جداگانہ مملکت کے حصول کے جواز کو کھو دیتے ہیں' دوسری جانب ہم دنیا کے سامنے بے اصول لوگ گردانے جاتے ہیں۔

محترمہ! میں مختصراً ان عصبیتوں کا ذکر کروں گا جو طریقہ انتخاب میں جنم لیتی ہیں برادری کی عصبیت' لسانی' علاقائی' طبقاتی' معاشی' مذہبی' لہجوں اور قومی عصبیت وغیرہ وغیرہ'۔ جناب چیئرمین صاحبہ! اگر کچھ لمحات کے لئے مان لیا جائے کہ جمہوری طریقوں سے منتخب نمائندگان ہی اصل و حقیقی مالک ہیں جس طرح صدر ذی وقار نے فرمایا تو پھر میں حکومت وقت سے یہ سوال کروں گا کہ وفاقی وزیر پانی و بجلی و چیئرمین واپڈا جنرل زاہد علی اکبر کے درمیان بدمزگی کی بنیاد کیا ہے؟ اضطراب کی وجہ کیا ہے ان میں یہ understanding کا فقدان کیوں ہے؟ اور یہی ایک ہی واقعہ نہیں ہے محترمہ گو ظاہری طور پر اختلافات ختم ہو گئے ہیں لیکن اس کے اثرات عوام الناس اب بھی محسوس کرتے ہیں۔ چیئرمین واپڈا نے ملازمتوں پر پابندی کے باوجود تین سو چالیس سب انجینئر بھرتی کئے ہیں کیا ان سے پوچھنے والا کوئی ہے؟ کہ انہوں نے کیوں اور کیسے کئے ہیں؟ کیا واپڈا اس ملک کے اندر کوئی علیحدہ ملک ہے؟ اور اگر چیئرمین واپڈا ہی سب کچھ ہے تو وزارت واپڈا کو کم از کم ختم کر دینا چاہئے محترمہ! یہ ایک مثال نہیں ہے اب حال ہی میں وفاقی وزیر پیداوار و چیئرمین سٹیل مل کارپوریشن کے مابین چپقلش ہے رنجش اور بدمزگی ہے۔ سٹیل مل کے چھ ہزار کارکنوں کی برطرفی پر اب میں یہ ہرگز نہیں کہتا کہ چیئرمین سٹیل مل کارپوریشن غلط ہے میں ہرگز یہ نہیں کہتا کہ وفاقی وزیر پیداوار غلط ہے بہرکیف ان دونوں میں ایک صاحب ضرور غلط ہیں محترمہ! اس کا ازالہ ہونا چاہئے اور اقتدار کے مالک اعلیٰ واقعی عوام کے منتخب نمائندے ہوتے ہیں تو ہمیں اس بات کا تعین اور فیصلہ کرنا ہو گا اقتدار اعلیٰ کے مالک فوجی جرنیل ریٹائرڈ ہوتے ہیں یہ عوام کے منتخب نمائندے' نہ صرف نمائندے ان نمائندوں میں سے چنے ہوئے نمائندے' ان نمائندوں میں سے چنے ہوئے وزراء' ذرا نیچے دیکھ لیجئے گا محترمہ! کبھی ممبر سینیٹ کو ٹیکسی پر سوار ہو کر سیکریٹریٹ جانے سے روکا جاتا ہے کبھی ممبر سینیٹ کو نماز کی

ادائیگی کے لئے سینٹ میں آنے سے روکا جاتا ہے کیا عرض کروں 'گلستان من زبہار مرا' یہ محترمہ چیئرمین صاحبہ ! اگر جمہوریت کو بھی اختیار کئے رکھنا ہے تو افسر شاہی کے بے لگام گھوڑے کو اسیر کرنا ہو گا اور بالخصوص وہ افسر شاہی جن کے اذان پر انگریز کے کروفر اور فرعونیت سوار ہے۔ نہ ان کے اختیارات کا کوئی شمار ہے اور نہ ان کی ذرائع آمدن کا کوئی حساب ہے کہاں گئے وہ اجلال حیدر زیدی جن کے خلاف لاہور ائرپورٹ کے سکینڈل کے ذریعہ کروڑوں روپے خرد برد کرنے کا الزام تھا۔ سارا کیس ثابت ہو گیا تھا۔ میں نے پٹواری' سپاہی' کلرک تو سزایاب ہوتے دیکھے ہیں سنے ہیں سینکڑوں ہزاروں تھانے والوں کو برخاست ہوتے ضرور سنا ہے لیکن لاکھوں کروڑوں کھانے والوں پر آج تک آنچ آتی نہیں دیکھی نہ سنی۔

محترمہ! یہ افسر شاہی ملک کی تقدیر سے خوب کھل کر کھیلتی ہے سیاستدان تو اس کے مہرے بن کر آتے ہیں اور پٹ کر اس بساط سے اٹھتے چلے جاتے ہیں۔ افسر شاہی میں بدعنوانی ختم کرنے کے لئے فدا حسین کمیٹی رپورٹ نے بڑی وضاحت سے انکشافات کئے ہیں۔ فدا حسین کمیٹی میں کوئی بھی سیاستدان نہیں تھا اس میں کوئی بھی سفارتکار نہیں تھا اس میں ICs آفیسرز CSP آفیسرز تمام ریٹائرڈ سنیئر آفیسرز ایسے لوگ فدا حسین کمیٹی میں شامل تھے محترمہ جنہوں یہ ثابت کیا ہے کہ بدعنوانی افسر شاہی کے رگ وریشہ میں سرایت کر گئی ہے محترمہ حزب اختلاف مساوی حکومت کا درجہ جمہوریت میں رکھتی ہے لہٰذا میں ان سے درخواست کروں گا کہ انہیں مسلمہ جمہوری طریقوں سے آئینی حدود کے اندر رہتے ہوئے کوششیں کرنی چاہئیں۔ پانچ سال کا عرصہ اتنا زیادہ نہیں ہوتا۔ محترمہ کسی شخص کو تین سال سزا ہوئی تھی دوسرے نے پوچھا تو اس نے کہا بچ بچا ہو گیا بھئی وہ کیسے ؟ اس نے کہا کہ اس سال ڈھکے گئے ہیں سال درمیان وچ ہے اگلے سال چھٹ کے آجانڑیں۔ تو پانچ سال کا عرصہ تو یوں گزر جاتا۔ انہیں سنجیدگی اور متانت کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ پی ڈی اے نے تمام غیر جمہوری حربے استعمال کرنے کے بعد اب پنجاب کے سیاسی طور پر حساس علاقے ملتان سے لانگ مارچ کا آغاز کیا ہے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ نے کہا ہے کہ یہ رابطہ عوام مہم ہے اس کا مقصد عوام سے یکجہتی کے اظہار اور ان کے حقوق اور مفادات کا تحفظ کرنا ہے آل پارٹیز کانفرنس نے انکشاف کیا ہے یہ مہم بے روزگاری' بدعنوانی' کو آپریٹو سکینڈل

نج کاری کے خلاف بھی ہے جن کے باعث طرح طرح کے مسائل پیدا ہو گئے ہیں۔ ملک کو داخلی اور بیرونی خطرات درپیش ہیں۔ امن وامان کی صورت حال ابتر ہے لوگ عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ انسانی حقوق پامال ہو رہے ہیں۔ ان مسائل کے بارے میں سب ہی متفق ہیں ہم بھی متفق ہیں۔ حکومت بھی ان مسائل کے بارے میں متفکر ہے یہ سب کچھ کون کر رہا ہے کس کے ایماء پہ ہو رہا ہے یا ان کو کرنے کی کون ترغیب دے رہا ہے ؟ ان کو حل کرنے کی حکومت کوشش کر رہی ہے APC والے ان مسائل کو پیدا کر کے احتجاجی مہم کا محور بنانے کے بجائے ان کو حل کرنے میں حکومت کا ہاتھ بٹاتے ہیں جو عوام اور ملک کے وسیع تر مفاد میں بہتر ہو بہر حال سیاسی ضرورت اور تقاضے کچھ اور ہیں اور بدقسمتی سے ہمارے رہنما حقیقی مسائل پر سیاسی ضرورتوں اور تقاضوں کو مقدم سمجھتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ مذاکرات اور گفت وشنید کے بجائے ہنگامہ آرائی کو ترجیح دیتے ہیں۔ محترمہ ! صدر صاحب نے فرمایا صداقت حق پرستی وحق گوئی ' عنقاء ' عدل وانصاف کی قدریں محروم ہوتی جارہی ہیں۔

محترمہ ! یہ سب اسلامی اقدار سے دوری اور لادینی مغربی جمہوریت کا گورکھ دھندہ ہے آپ اندازہ فرمالیجئے گا مردم شماری اس میں کیا کیا گھپلے ہیں۔ پھر خانہ شماری ' پھر ووٹر لسٹ میں شمولیت پھر حلقہ بندی ' پھر لوکل کونسل ' صوبائی مرکزی اسمبلیاں ' سینٹ ' وزارت اعلیٰ کا انتخاب ' وزارت عظمی کا انتخاب ' صدر کا انتخاب جب یہ مکمل ہو چکتا ہے۔ تو پھر مردم شماری شروع ہو جاتی ہے۔ مقام افسوس ہے کہ 90ء کے انتخابات 1981ء کی مردم شماری کی بنیاد پر ہو رہے ہیں۔ موجودہ مردم شماری کے دور میں جس طرح سندھ میں شروع ہوئی ہے اگر اسی طرح جاری رہی تو اکیلے سندھ کی آبادی محترمہ ! چین سے تجاوز کر جائے گی۔ ووٹر لسٹ میں اندراج ' اے سی پھر ریٹرننگ افسر ' بیک جنبش قلم کر سکتا ہے خواہ وہ ڈبل ہوں جعلی ہوں یا اس دنیا میں موجود ہی نہ ہوں جبکہ ایسے ووٹوں کے اخراج کے لئے اٹھارہ مراحل سے گزر کر بھی اسٹنٹ کمشنر نہ چاہے تو عمل نہیں ہو سکتا محترمہ ! اور ساتھ ساتھ منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکتا حالانکہ تقاضہ انصاف کی رو سے ہونا اس کا الٹ چاہئے : اگر اے سی نے ہی سب کچھ کرنا ہے تو کیا ضرورت ہے الیکشن کمیشن کی اور اگر الیکشن کمیشن کے احکامات کے باوجود کسی وزیر کو اے سی ' یا ڈی ایس پی کی بیساکھیوں کے سہارے کی

ضرورت ہے اور ان کو الیکشن کمیشن کے احکامات کے باوجود ان کو ایک تنظیمی حکم کے تحت اپنے حلقہ میں رکھا جانا ان کے لئے ناگزیر ہے اور ان کے بل بوتے پر من مانی کرنی ہے تو کیا ضرورت ہے محترمہ الیکشن لڑنے کی.....

(اس مرحلہ پر اذان مغرب کی آواز سنائی دی اور نماز مغرب کے لئے اجلاس ملتوی ہو گیا)

Madam Dy. Chairman: The house is adjourned to meet again at 6.25.

(بعد از وقفہ نماز مغرب اجلاس کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی۔ میڈم ڈپٹی چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئیں)۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جناب عالم علی لالیکا صاحب آپ ذرا کوشش کر لیں کہ جتنا اس کو مختصر کر سکیں۔

جناب فتح محمد: پوائنٹ آف آرڈر۔ یہاں مجھ سے پہلے بات ہوئی تھی ابراہیم خان صاحب نے کہا تھا پہلے ایک شخص نے شعر سنایا تھا اس نے غلطی کی تو لالیکا صاحب تقریر کر رہے تھے میں نے اعتراض نہیں کیا۔ ویسے جو انہوں نے اقبال کے متعلق کہا تھا۔

گریز از طرز جمہوری کلام پختہ کار شو (فارسی)

تو اس کا مطلب یہ تھا وہ انہوں نے expertize کے متعلق کہا ہوا تھا انہوں نے یہ نہیں کہا تھا کہ جمہوری نظام جو ہے وہ غلط ہے۔ اس لئے کہ ہم اقبال کو حکیم الامت سمجھتے ہیں دوسری جگہ اس نے یہ بھی کہا ہوا بادشاہت اور جمہوریت میں فرق یہ ہوتا ہے وہ کتے شکار کیلئے ڈھونڈتے ہیں اور جمہوریت وہ انسان کام کے لئے ڈھونڈتے ہیں۔ اس لئے انہوں نے جمہوریت کی کبھی نفی نہیں کی ہے۔ اگر ہم یہ سمجھیں کہ حکیم الامت جمہوریت کے خلاف تھا تو اس سے تاثر جو ہے وہ غلط پڑے گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جناب عالم علی لالیکا صاحب۔

Hafiz Hussain Ahmad Sahib on a point of order.

حافظ حسین احمد: میں محترمہ یہی گزارش کروں گا کہ لالیکا صاحب نے کہا کہ انسانوں کو گنا نہیں جاتا بلکہ تولا جاتا ہے' یقیناً اس سے انہیں سب سے زیادہ فائدہ ہو گا۔

(قہقہے)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ، عالم علی لالیکا صاحب ۔

جناب عالم علی لالیکا : شکریہ چیئرمین صاحبہ۔ میں فتح محمد خان کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے سمجھایا بہر ضورت یہ بھی علامہ اقبال کا ہی ایک شعر ہے۔

جمہوریت ایک طرز حکومت ہے کہ جس میں بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

بہر کیف ممکن ہے کہ اس کا مطلب کچھ اور نکلتا ہو۔ علم ایک سمندر ہے اس کی تشریح ہوتی رہتی ہے۔ میں اپنے آپ کو اقبالیات پر دسترس کا دعوی نہیں رکھتا۔

محترمہ، صدر صاحب نے قومی پریس کو رائے عامہ کا صورت گر اور قومی ضمیر کی آواز قرار دے کر بڑی عزت افزائی کی ہے اور ہدایت کی ہے کہ قلم کی حرمت کے پاسبانوں اور قومی ضمیر کے امانت داروں کی حیثیت کو جمہوریت اور ملک کے وسیع تر مفادات اور اخلاقیات کے تقاضوں کے لئے ہمہ وقت پیش نظر رکھیں۔ محترمہ، مجھے سمجھ نہیں آ سکتی ہے کہ روزانہ اخبارات کے صفحہ اول پر جاذب نظر مستورات کی تصاویر لگانا، کون سا طریقہ صحافت ہے، اس کو صحافتی زبان میں yellow journalism کہا جاتا ہے اور اگر یہی yellow journalism ہے تو مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ، کہ یہاں پر یلو جرنل ازم کی بھرمار ہے آج کل ہماری صحافت میں۔ اگرچہ بعض قومی اخبارات ملکی معاملات پر بڑی سنجیدگی سے رائے زنی کرتے ہیں تاہم محترمہ میں سمجھ نہیں سکا ہوں کہ صفحہ اول پر، عورتوں کی رنگین تصاویر ہماری کس دینی ملی جذبات کو ابھارتی ہیں، بیدار کرتی ہیں۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں۔

محترمہ، مرکز اور صوبوں کے درمیان کشمکش اور کشیدگی گو وقتی طور پر ختم ہو چکی ہے لیکن اس کے جراثیم ابھی باقی ہیں۔ محترمہ، اس سلسلے میں بڑا حساس مضمون ہے مرکز اور صوبوں میں کشیدگی کی وجہ ایک اکثریت کی دہشت کو میں قرار دوں گا۔ اکثریت کی دہشت میں ایک چیز کار فرما ہے۔

جناب والا، تقسیم ہند کے وقت ہندوؤں کی اکثریت کی دہشت تھی میرے خیال میں، میری انٹرپریٹیشن، میرے نکتہ نگاہ سے، جس نے قائداعظم کو ایک جداگانہ ملک کے مطالبہ کے لئے مجبور کیا اور ان کی زبان سے یہ بات نکلی۔ گو انہوں نے اس مقصد کے

حصول کے لئے نعرہ مسلم اسٹیٹ کا لگایا' کہا یہ کہ مسلمانوں کے لئے ایک جداگانہ مسلم ریاست ہوگی جہاں ہم اپنے دین کو عملی جامہ پہنائیں گے۔ میں سمجھ نہیں سکا ہوں کہ اگر واقعی وہ مسلم ریاست بنانا چاہتے اور پاکستان کو اسلام کی تجربہ گاہ بنانا چاہتے' تو تیرہ ماہ کی زندگی میں وہ کیوں نہ اسلام کو جاری و ساری کر سکے۔ میں تو یہ سمجھ سکا ہوں کہ ہندوؤں کی اکثریت کی دہشت تھی جمہوری طرز حکومت میں' جس کے لئے انہوں نے ہندوستان کی تقسیم کر کے ایک علیحدہ مملکت کا مطالبہ کیا۔

محترمہ' مشرقی پاکستان پر آجایئے گا۔ مشرقی پاکستان والے ہم سے آبادی میں زیادہ تھے' ہم نے طرح طرح سے ان کو بے وقوف بنائے رکھا۔ مغربی پاکستان والوں نے۔ اور جب party system ختم ہوا اور ان کی قومی اسمبلی میں اکثریت آ گئی تو ان کی اکثریت کی دہشت ہی تھی جس نے ان کو ہم سے علیحدہ کیا' الزام خواہ ہم ذوالفقار علی بھٹو پر دے دیں' کسی اور پر دے دیں۔ ایوب خان پر دے دیں' یا کسی پر بھی دے دیں لیکن فی الحقیقت مشرقی پاکستان کی اکثریت تھی' دہشت تھی جس وجہ سے ہم ان کے علیحدہ ہونے پر اتنے پشیمان اور شرم سار نہیں ہوئے۔

محترمہ سندھ میں' ایم کیو ایم اور سندھ کے رہنے والوں کے درمیان جو اختلافات ہیں' جو فسادات ہیں' جو انادات ہیں' ان کی وجہ بھی اکثریت کی دہشت ہی ہے۔ سندھ کے رہنے والے سمجھتے ہیں کہ ہم ریڈ انڈین بنائے جا رہے ہیں سندھ ہمارا ہے' ہم سندھی ہیں اور اردو بولنے والے یہاں اکثریت میں منتقل ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ اسی لئے ڈھائی لاکھ بہاری وہاں ہندوستان میں اٹکے پڑے ہیں۔ سندھ تو کیا ان کو پاکستان میں آنے کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے' وہ یہ سمجھتے ہیں کہ کسی نہ کسی چور راستے سے یہ سندھ میں ہی چلے جائیں گے۔ ایم کیو ایم والے بھی اپنی اکثریت کا سکہ جمانا چاہتے ہیں۔ یہ ایک دوسرے کے درمیان اکثریت کی دہشت کا خوف ہے کہ وہاں یہ سوچ امن قائم نہیں ہونے دیتی۔ 1988ء اور 1990ء کے درمیان جو حکومت تھی' میں اس کے میرٹ اور ڈی میرٹ پر نہیں جاؤں گا لیکن عرض کرتا ہوں کہ اس کے نہ چل سکنے کی وجہ بھی ایک اکثریت کی دہشت تھی۔ قومی اسمبلی کے' محترم' 217 ممبر تھے جن میں سے 115 پنجاب سے تھے اور 102 بقیہ پاکستان سے' یہ تو میاں نواز شریف صاحب کی فراست تھی' ان کی میانہ روی کی

پالیسی تھی کہ اٹھارہ مہینے وہ حکومت چل گئی۔ اگر اب پیپلز پارٹی کو پنجاب میں اکثریت حاصل ہوتی، تو اٹھارہ مہینے تو کیا، اٹھارہ دن بھی یہ حکومت نہ چل سکتی یعنی یہ بھی اکثریت کی دہشت تھی۔ اب اس اکثریت کی دہشت کو ہم نے ختم کرنا ہوگا اگر ہم نے ملک کو قائم رکھنا ہے تو ہمیں اس اکثریت کی دہشت سے نجات حاصل کرنا ہوگی۔

محترمہ میں تجویز پیش کرتا ہوں کہ وفاق پاکستان کی چار صوبائی اکائیوں کو نو صوبائی اکائیوں میں تقسیم کرنا ہوگا۔ جب تک ہم یہ نہیں کر سکیں گے تب تک یہ بڑا ویک ایڈمنسٹیٹو ۔ یونٹ ہوگا۔ محترمہ میں سینٹ کا ممبر ہوتے ہوئے، میرا بھائی وزیر اطلاعات ونشریات ہوتے ہوئے، میرا بھتیجا پنجاب اسمبلی کا ممبر ہوتے ہوئے، خدا گواہ ہے کہ جب میں لاہور اور اسلام آباد کے فوارے دیکھتا ہوں اور حسین نظارا دیکھتا ہوں تو میری آنکھیں خون پھینکتی ہیں، میرا خون ابلتا ہے۔ لوگوں کو پینے کے لئے صاف پانی میسر نہیں، حیوان اور انسان اکٹھے پانی پیتے ہیں اور یہ فانوس اور یہ نظارے اور فوارے کس کی آرائیش کے لئے ہیں۔ میں ان کو پسند نہیں کرتا۔ مجھے ان سے نفرت ہوتی ہے، مجھے ان سے حقارت ہوتی ہے، میں کیسے مان لوں کہ بستی سے، پشین سے، جیکب آباد سے، نوتال سے آیا ہوا آدمی اسلام آباد میں چلنے والے فواروں کو دیکھ کر پاکستان کے حق میں دعائیں کرتا ہوگا۔ میں یہ نہیں مانتا ہوں، نہیں مانتا ہوں۔ میں کیسے مان لوں کہ مالاکنڈ سے آیا ہوا آدمی، ہزارہ سے آیا ہوا آدمی، نوشہرہ سے آیا ہوا آدمی لاہور کی حسین سڑکوں کو دیکھ کر، لاہور کی پھولوں والی گھڑیاں دیکھ کر پاکستان کو دعائیں دیتا ہوگا۔ میں نہیں مانتا ہوں۔ نہیں مانتا ہوں۔ محترمہ، کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم صوبائیت کا پرچار نہیں کرتے۔ ہم پاکستان میں believe کرتے ہیں، میں عرض کرتا ہوں کہ یہ سلطان المنافقین ہیں۔ آقا نامدار محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے، حدیث ہے کہ آدمی یہ کہتا ہے کہ مجھے اپنے بچوں سے اپنے بھتیجے پیارے ہیں، اس میں ایمان نہیں۔ اس لئے محترمہ ہمیں لازمی طور پر ان چار اکائیوں کو نو میں تقسیم کرنا ہوگا۔

اس کے لئے ایک خاکہ پیش کئے دیتا ہوں کیونکہ میرا فرض ہے اسوہ رسول پر عمل کرتے ہوئے جو ذہن میں آئے اس کو کہہ دینا ہی ہے۔ ہوگا تو تب ہی جب اللہ کو منظور ہوگا۔ نئی انتظامی تشکیل وترتیب ضروری ہے محترمہ موجودہ چار صوبے انگریزوں نے تنظیمی

امور کے تحت چلانے کے لئے یہ بنائے تھے جو آبادی اور رقبے کے لحاظ سے غیر متوازن ہیں غیر مناسب ہیں ہماری قومی زندگی کا بیشتر مسائل کا تعلق معاشی سیاسی انتظامی عدم مساوات کی وجہ سے ہے۔ اس طرح کی عدم مساوات کی وجہ سے مشرقی پاکستان' بنگلہ دیش بنا'۔ محترمہ' پنجاب کو تین صوبوں میں تقسیم کرنا ہوگا جنوبی صوبہ جس میں ملتان' بہاولپور اور سرائیکی علاقہ آسکتا ہے۔ مرکزی صوبہ جو لاہور پر مشتمل ہو سکتا ہے اور شمالی صوبہ جس میں پنڈی تک کے گردونواح کے علاقے آسکتے ہیں۔

محترمہ بلوچستان والوں نے مطالبہ خود اپنی زبان سے کر دیا ہے ان کی نمائندگان نے اپنی زبان سے کر دیا ہے کہ ہم پٹھان بلوچستان اور بلوچ بلوچستان اکٹھے نہیں رہ سکتے ہیں۔ ان کو پٹھان اور بلوچ بلوچستان میں تقسیم کرنا ہو گا۔ ان کے دو صوبے بنانے ہوں گے۔ اسی طرح ہم سندھ میں جب تک دو صوبے نہیں بنائیں گے کبھی امن قائم نہیں رہ سکتا۔ سندھ اربن اور سندھ رورل ہمیں بنانا ہو گا۔ صوبہ سرحد کو بھی دو صوبوں میں تقسیم کرنا ہو گا۔ محترمہ پشاور ایک صوبہ بنانا ہو گا۔ شمالی علاقہ جات مالاکنڈ ایجنسی دوسرا صوبہ بنانا ہو گا اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں۔ محترمہ ! بلوچستان کی آبادی کم اور رقبہ زیادہ ہے آزاد قبائل کی ایجنسیاں اور آزاد علاقہ یہ سب کچھ انگریز نے اپنی مصلحت کے تحت بنایا تھا شمالی کوھستانی علاقے ہیں دیرینہ ریاستیں ہیں اور ایسے علاقے ہیں جن کو ان کی جغرافیائی حیثیت کی روشنی میں از سرنو ترتیب دینے اور تنظیم کرنے کی ضرورت ہے اول دن سے ضرورت تھی اور اب بھی ہے کہ ایک تشکیل نو کمیشن قائم کیا جائے جو پاکستان کی مملکتی ضروریات کی روشنی میں پورے ملک میں شامل علاقوں کو از سرنو ترتیب دینے کے لئے اپنی سفارشات مرتب کرے۔ اور قومی اسمبلی میں پیش کرے۔ اور پاکستان کو حسب ضرورت یونٹوں میں تقسیم کر دیا جائے جس کے ذریعے آبادی آمدنی لسانی حقوق' ترقیات' فاصلے اور تعصّبات کے مسائل بھی حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ یہ کوئی ملکی تقسیم نہیں ہوگی محترمہ ! بلکہ تنظیمی سہولت کی خاطر ایسا کرنا ناگزیر ہے۔ اور ان سے فرار اختیار کرنا حقائق سے صرف نظر کرنے کے مترادف ہے۔ محترمہ ؟ یہ اسی طرح ہے جس طرح ہم آئے دن نئے اضلاع مرتب کرتے ہیں نئی تحصیلیں بناتے ہیں' نئے تھانے قائم کرتے ہیں۔ اگر ہم صوبے بنا دیں گے اپنی تنظیمی امور کی بہتری کے لئے تو کیا آسمان ٹوٹ

پڑے گا۔ محترمہ! تقسیم ہند کے وقت بھارت کے گیارہ صوبے تھے۔ اب ستائیس ہیں۔ بتایئے کون سا بھارت کا حصہ ٹوٹ کر ہمارے ساتھ شامل ہو گیا ہے پھر محترمہ! ایک بلاوجہ بحث چلتی ہے نام رکھنے میں، کہ این ڈبلیو ایف پی کا نام پختونخواہ کیوں لیتے ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں کہ این ڈبلیو ایف پی کے رہنے والے لوگ اگر پختونخواہ رکھنا چاہئیں تو ضرور رکھیں۔ اسمیں کیا فرق پڑے گا، کیا نقص پڑے گا؟ ہندوستان والوں نے ادھیا پردیش، مدھیا پردیش آندھرا پردیش وغیرہ یہ رکھے ہیں کون سا صوبہ ٹوٹ کر ہمارے ساتھ شامل ہوا ہے جو یہ ٹوٹ کر وہاں شامل ہو جائیں گے کتنی خام خیالی میں ہم مبتلا ہیں۔ ان لوگوں کو پورا حق پہنچتا ہے کہ اپنے صوبے کا جو نام بہتر سمجھیں وہ ضرور رکھیں۔

میں نہیں سمجھتا ہوں کہ اس سے کوئی ملک کی سلامتی پر کوئی آنچ آئے گی۔ صدر صاحب نے فرمایا ہے کہ پارلیمنٹ نے ہارس ٹریڈنگ کے موضوع پر کوئی بحث نہیں کی ہے جناب صدر ذی وقار، لادینی مغربی جمہوریت اور ہارس ٹریڈنگ لازم و ملزوم لعنتیں ہیں یہ ایک دوسرے کا جزو لاینفک ہیں۔ آخر صدر صاحب پھر کیوں توقع رکھتے ہیں کہ ہم اپنی قسمتیں خود گرا دیں، اپنی آمدنی کے رستے خود مسدود کر دیں۔ صدر صاحب نے خواتین کی مناسب نمائندگی کیلئے ضروری آئینی انتظامات کیلئے بامعنی پیش رفت پر زور دیا ہے میں اس کی بھرپور تائید کرتا ہوں۔ عورتیں نہ صرف پاکستان کا بلکہ پوری دنیا کا 52 فیصد ہیں۔ ان کو حقوق نمائندگی نہ ملنا ترقی پذیر یا ترقی یافتہ معاشرے کے شایان شان نہیں محترم صدر صاحب نے پارلیمنٹ میں کورم کی کمی کی نشاندہی فرمائی ہے ویسے الحمدللہ وزارتوں میں سینٹ کا حصہ نہ ہونے کے باوجود ہم اس مرض کا شکار نہیں ہیں رموز مملکت میں دلچسپی لیتے ہیں۔ گو وزارتوں میں ہمارا حصہ وہ نہیں جو ہونا چاہئے تھا۔ البتہ قومی اسمبلی میں کورم کی شکایت صدر صاحب نے جائز کی ہے نہ صرف صدر صاحب نے کی ہے بلکہ کورم کی شکایت زبان زد عام ہو گئی ہے اور جو اس کا مطلب میں سمجھ سکا ہوں وہ یہ سمجھتا ہوں کہ دیگر تمام امور میں تو میرٹ کو مدنظر رکھا جاتا ہے لیکن وزارتیں دیتے وقت ممبران کی اکثریت کی حمایت میرٹ نہیں رہتی وہاں میرٹ کچھ اور عوامل بن جاتے ہیں محترمہ جن وزیر صاحب کو ممبران کی حمائت نہیں ہوگی وہ کورم کیا پورا کر سکیں گے۔ کورم تو وہی وزراء رکھ سکتے ہیں جو ممبران قومی اسمبلی کی اکثریت یا ایک گروہ کی نمائندگی کرتے ہوں۔ کچھ وزراء تعمیر اور

کچھ تخریب کرتے ہیں کچھ وزراء پھاڑتے ہیں دامن کو' کچھ وزراء اس کو سیتے رہتے ہیں آپ اندازہ فرمائیے لانگ مارچ کو لونگ گواچہ کہنا کونسی مہذب زبان ہے۔ جس میں وزیر اعظم صاحب کو معذرت خواہانہ رویہ اختیار کرنا پڑا۔ اسوہ رسول ہے کہ اپنے دشمن کو بھی برے نام سے مت پکارو یہاں ہم طرح طرح کی باتیں کر کے اوچھی زبان استعمال کر کے اپنی قدر و منزلت بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور مقام افسوس ہے کہ یہی لوگ اچھے بھی لگتے ہیں۔ اور اگر وزراء کا طرز تکلم یہ ہو گا محترمہ ! تو اپوزیشن سے آپ کیا امید رکھیں گے۔ اسی مصلحت کی بنا پر آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے دشمنوں کو بھی اچھے الفاظ میں یاد کرو۔ محترمہ ! احتساب کی جانب صدر صاحب نے توجہ دلائی کہ احتساب جمہوریت کی روح اور اسلام کی اساس ہے۔ میں حیران ہوں کہ اگر واقعی ایسا ہے تو کچھ اداروں کو اس سے باہر رکھنے کے چہ معنی دارد اور جن اداروں پر محتسب کی دسترس ہے وہ بھی ایسی غیر مئوثر اور ان پر بھی محتسب کی پوری گرفت نہیں ہے یہ کیا ہوا محترمہ ٹیلیفون کا کنکشن دلوا دیا' بس والوں سے کرایہ واپس کرا دیا' کسی انشورنس ایجنٹ سے اس کا کمیشن واپس کرا دیا' کیا محتسب کے یہی فرائض ہیں ؟ کسی بیوہ کا کرایہ نصف کروا دیا۔ کیا وفاقی محتسب کا یہی کام ہے ؟ چاہئے تو یہ تھا کہ محتسب کو مکمل اختیارات ہوتے اور وہ یہ دیکھتے کہ چار ایکڑ کے مالک سیاستدان چار ارب کی اسامی کیسے بن گئے۔ وہ یہ دیکھتے کہ اجلال حیدر زیدی کہاں گیا اور کس طرح اور کون کون لوگ اس کے مدد معاون اس خرد برد میں رہے انکو طشت ازبام کرتے وہ یہ دیکھتے کہ زاہد علی اکبر خان میں کیا خامی ہے یا جام یوسف میں کیا برائی ہے کیوں ان کی آپس میں نہیں بن سکتی ہی ٹیلیفون کا کنکشن' بس کا کرایہ یہ چھوٹی چھوٹی باتیں کروا کر یہ احتساب میرے پاس ہر مہینے چلا جاتا ہے میں اس کو پڑھ کے شرمسار ہوتا ہوں کتنا بڑا اسکینڈل ہے کتنے اس کے لئے ریونیوز مختص کئے گئے ہیں۔ کام وہ کیا کر رہے ہیں چوہے بلی کا کھیل' کھیل رہے ہیں کہ چوہے نے بلی کو اور بلی نے چوہے کو پکڑ لیا ہے یہ کیا بات ہوئی۔

محترمہ ! نہ صرف سرکاری ملازمین بلکہ میں درخواست کرتا ہوں کہ محتسب کو سیاستدانوں کا بھی احتساب کرنا چاہئے۔ کچھ لوگوں کو جعل سازی کے ذریعہ روپیہ بٹورنے کے الزام میں سات سال کے لئے الیکشن لڑنے سے معزول کر دیا گیا کہ انہوں نے زرعی

ترقیاتی بنک سے جعل سازی کر کے کروڑوں روپیہ کا غبن کیا ہے اور پھر مقفول جائیداد کو پھر مقفول جائیداد رہن کرا کے قرض لیا۔ تو سات سال اس کا الیکشن نہ لڑنے سے ان کی کیا کوئی ٹانگ ٹوٹ گئی ہے۔ جن لوگوں کو دس بارہ کروڑ روپے مل گیا ہو کھانے کو وہ تو بڑے مزے کی زندگی گزاریں گے۔ بات تو یہ ہے کہ ہم کو اس پیسے کو واپس لینا ہے۔ ایبڈو کیا طریقہ ہوا سرزنش کا' یہ پوڈو کیا طریقہ ہوا کسی آدمی سے تطہیر کرنے کا' چاہئے تو یہ کہ جن ہاتھوں سے انہوں نے قومی خزانہ لوٹا ہے اپنے ہاتھوں سے ان سے واپس لیا جائے اور اگر وہ نہیں دیتے تو ان کی باچھیں چیر کر ان سے وصول کیا جائے یہ تو ہوئے کرنے کے کام' ایڈوں لگا دینا' اس کو سات سال کے لئے الیکشن لڑنے سے معزول کر دینا' میں کوئی سزا نہیں سمجھتا ہوں بڑا سستا سودا ہے کل کوئی مجھے بھی دس بارہ کروڑ روپے دے دے میں چودہ سال الیکشن نہ لڑنے کی یقین دہانی کرائے دیتا ہوں۔

پاکستان میں سٹاک مارکیٹوں میں کچھ عرصہ بڑی تیزی کے بعد اب مندے کا رجحان ہے گو اخبارات میں دونوں صورتوں پر بڑی گریہ وزاری کا اظہار کیا جاتا رہا ہے۔ لیکن اس کے مؤثر تدارک کرنے پر کوئی مؤثر منصوبہ بندی نہیں کی گئی اور اگر کی گئی ہے تو ہماری نظروں سے اوجھل ہے۔ مارکیٹ کیپیٹلز 55 بلین روپے سے بڑھ کر ایک سو پچاس بلین تک پہنچ گیا۔ حصص کی خرید و فروخت کی ہفتہ وار اوسط دو کروڑ سے تجاوز کر گئی۔ میں نے اکنامکس (معاشیات) نہیں پڑھی۔ لیکن جو لوگ اپنے آپ کو معاشیات کا ماہر سمجھتے ہیں ان کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ اس ملک میں نئی صنعت کاری ہو رہی ہے یا سٹاک ایکسچینجوں کے ذریعے پرانی صنعتوں پر قبضے کئے جا رہے ہیں۔

محترمہ' اقتصادیات کی اصلاحات' شرح نمو' افراط زر' توازن میں خسارہ' مالیاتی خسارہ وغیرہ کو میں بالکل نہیں سمجھتا ہوں کہ ان کے مطالب کیا ہیں۔ البتہ ایک بات خوب جانتا ہوں جس کا میں اظہار بھی کرتا ہوں اور کوئی ندامت نہیں محسوس کرتا ہوں کہ اگر آبادی میں اضافے کا رجحان اسی طرح تشویشناک رہا تو عقل انسانی شل ہو جائے گی۔ یا تو ہمیں پیداوار کی شرح بڑھانی ہوگی۔ بصورت دیگر آبادی میں اضافے کو بہر صورت روکنا ہوگا۔ پاکستان کی آبادی میں ساڑھے تین فیصد اضافہ ہو رہا ہے۔ خوراک کا ضروری ضیاع' سمگلنگ اور فصلات کی ناکامی کو مدنظر رکھتے ہوئے خوراک میں خود کفالت حاصل

کرنے کے لئے پانچ فیصدی سے زیادہ شرح ترقی ضروری ہے۔ یہ اس وقت ضروری ہے جب زراعت کو نفع بخش بنانے کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں گے۔ زرعی مداخل اور اجناس کی قیمتوں کی جائزہ کمیٹی کا مقصد یہ ہے کہ موجودہ قیمتوں کا تفاوت غیر متوازن کاروباری شرائط وسائل کی کمی' زرعی شعبے میں حکومت کی حکمت عملی کا ناقدانہ تجزیہ کریں۔ اور مرکزی حکومت کی پالیسیوں کی ضرورت کے مطابق لانے کے لئے مختلف قابل عمل تجاویز مرتب کریں۔ عام آدمی کا معیار زندگی' شرح نمو' توازن میں خسارہ' مالیاتی منافع' جی ڈی پی' جی این پی کے حوالے سے جو پہلے تھا اس سے اب بدتر ہے۔ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ جس ملک کی اسی فیصدی آبادی کو پینے کے لئے صاف پانی میسر نہیں وہ ملک مہذب ترقی یافتہ یا ترقی کے راستے پر گامزن نہیں کہلوا سکتا۔ چیدہ چیدہ شہروں میں فوارے چلا کر ایوانوں میں فانوس جلا کر حسین ورنگین نظارے بنا کر کوئی ملک اگر کہے کہ ہم ترقی یافتہ ہو گئے ہیں ترقی پذیر ہو گئے ہیں تو میں نہیں مانتا ہوں نہیں مانتا ہوں نہیں مانتا ہوں۔

محترمہ! ماحولیاتی آلودگی کے بارے میں صدر صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کی کوئی مئوثر تدبیر نہیں کی گئی۔ تدبیر تو ہم نے کیا کرنی تھی میرے خیال میں ہم نے اس پر غور وفکر بھی نہیں کیا ہے۔ ابھی تک سوچا بھی نہیں ہے۔ کیونکہ یہ غریب آدمی کا مسئلہ ہے۔ ماحول تو غریب کا خراب ہے۔ گڑھے' گندا پانی اور غلاظت تو غریب کے گرد ہے۔ اسلام آباد میں ماحولیاتی خرابی کی کیا وجہ ہے یہاں تو دودھ ملے نہ ملے بھینس رکھنے پر پابندی ہے۔ دودھ مہیا نہیں کیا جا سکتا بھینس تم رکھ نہیں سکتے۔ کیا کرو گے؟ بچے فاقوں مریں۔ یہاں کے امیر آدمی کو کیا پریشانی ہے۔ اور یہ پابندیاں لگانے کے باوجود ہم بیچارے مجبور ہیں اپنے بچوں کے منہ سے دودھ چھین کر ان شہر والوں کو پلانے پر مجبور ہیں۔ لیکن افسوس ہے ان لوگوں پر کہ ماحولیاتی آلودگی ختم کرنے کے لئے کچھ بھی تو نہیں کر پائے ہیں۔ اب وقت ہے کہ اس کی منصوبہ بندی کریں۔ محترمہ ماحولیاتی آلودگی تو کیا ابھی ہم غذائی آلودگی کو ختم نہیں کر پائے۔ میرے سامنے آج ڈاکٹروں کا ایک انکشاف ہے سلور اور تانبے کے برتنوں میں کھانے سے کینسر پیدا ہوتا ہے۔ ناقص خوراک کی وجہ سے معذور بچے پیدا ہو رہے ہیں۔ تجرباتی رپورٹ۔ محترمہ یہ رپورٹ کس نے شائع کی ہے؟ پاکستان کے مایہ ناز ڈاکٹر حضرات نے ٹی سی ایس آئی لیبارٹریز لاہور بائیو ٹیکنالوجی اینڈ فوڈ سینٹر کے سربراہ ڈاکٹر اے ایس ایم

احتشام الدین، پرنسپل سائنٹیفک آفیسر ڈاکٹر عبدالسلام شیخ سینٹر سائنٹیفک آفیسر ڈاکٹر سعید اقبال ظفر اور ڈاکٹر صلاح الدین اور ڈاکٹر نصرت خالص اور اے ڈی خان پر مشتمل ٹیم کے تجزیوں کے مطابق ایلمونیم کے برتنوں میں جنہیں عرف عام میں سلور برتن کہا جاتا ہے، تیزابی اور اساسی چیزوں، لیموں اور میٹھا سوڈا حل کرنے سے بہت زہریلا مادہ پیدا ہوتا ہے جو دماغ کے سیل ختم کرتا ہے۔ یہ ایک تحقیق ہے اس ملک کے چھ مایہ ناز ڈاکٹروں کی جو ریسرچ پر مامور ہیں۔ یہ ان کا انکشاف ہے جو میرے سامنے آیا ہے۔ جس سے یادداشت ختم ہو جاتی ہے۔ ایلمونیم کا استعمال قبض کرتا ہے۔ اس کے علاوہ ٹریفک اشاروں پر اشارے توڑنے اور جلدی نکلنے کی جلد بازی بھی ایلمونیم کے استعمال سے ہوتی ہے۔ تانبے کے برتن کو سیسے سے قلعی کیا جاتا ہے۔ اور ان برتنوں کا استعمال جسم کے نچلے حصے کے فالج کا باعث بنتا ہے۔ غذائی اشیاء میں جن مختلف رنگوں کا استعمال کیا جاتا ہے ان میں سے اکثر ممنوع قرار دیئے گئے ہیں۔ مثلاً مٹھائی میں استعمال ہونے والا سرخ رنگ جسے ہم رتن کہا جاتا ہے کا استعمال امریکہ میں 1976ء سے غیر قانونی ہے۔ لیکن پاکستان میں تا حال استعمال ہو رہا ہے۔ غذائی رنگ کیا مٹھائیوں میں تو کپڑا رنگنے والا رنگ ڈالا جاتا ہے جو جگر پر برا اثر ڈالتا ہے۔ شہروں میں سری پائے پکانے کے لئے چمڑا جلایا جاتا ہے جس کے ذرات کینسر پیدا کرتے ہیں۔ چمڑا جلانے سے بینزین کا مرکب کرومیم 6 نامی انتہائی زہریلا مادہ پیدا ہوتا ہے۔ سائنسدانوں کے مطابق یہ تمام اشیاء نادانستہ یا غیر ارادی ملاوٹ میں آتی ہیں۔ اور ان میں سے کسی پر بھی خالص اشیاء مجریہ 1965ء کا اطلاق نہیں ہوتا۔ ہمارے ملک میں ایک قانون ہے خالص غذائی اجزاء 1965ء یہ چیزیں اس کے اطلاق میں نہیں آتیں۔ اس قانون کی ان پر کوئی دسترس نہیں ہے۔

دانستہ یا ارادی ملاوٹ میں جو صورت حال ہے اسمیں مٹھائیوں میں گلاب جامن چم چم رس گلے بنانے کے لیے دودھ کو پھاڑا جاتا ہے۔ پہلے دودھ پھاڑنے کے لیے ٹاٹری ایسڈ استعمال کیا جاتا تھا۔ اب مہنگی ہونے کے باعث حلوائی ایگزالک ایسڈ ڈالتے ہیں جو کیلشیم سے مل کر کیلشیم اوکسائڈ بن جاتا ہے۔ جو گردے کی پتھری کا باعث بنتا ہے۔ اس پر پتھری توڑنے والی ادویات اثر نہیں کرتیں۔ گرمیوں کے دوران لاہور شہر میں گردو

نواح سے دودھ لانے والے گوالے پینسلین دو لاکھ ایک لاکھ یا سوا لاکھ کی تعداد میں ڈالتے ہیں جس سے دودھ خراب نہیں ہوتا لیکن اس سے مضر صحت اثرات پیدا ہوتے ہیں۔ جن میں الرجی کاری ایکشن ہونے سے موت واقع ہو سکتی ہے۔ جو لوگ یہ دودھ استعمال کرتے ہیں ان کے آپریشن کے وقت ان پر ٹیکوں کا اثر نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ تھائرائیڈ کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔ جس سے ہاتھ پیر بہت بڑے ہو جاتے ہیں۔ شہروں میں معروف دکانوں پر سری پائے کے شوربے میں کاغذ کا گودا کارباکس لیتھم سلوشن سی ایم سی حلیم میں لیس پیدا کرنے کیلئے روئی اور ارہر کی دال ڈالی جاتی ہے۔ اور یہ تمام اشیاء پیٹ میں درد پیدا کرتی ہیں۔ ہلدی میں زردی ڈالی جاتی ہے۔ زرد ڈائی جب کہ لال مرچیں چائے کی پتی سرخ اشیاء اور دالوں کا چھلکا ڈالا جاتا ہے۔ کولڈ مشروبات جنہیں ہم بڑے شوق سے ٹھنڈا کر کے پیتے ہیں بارہ فیصد سکرین اور این آکسی فینائل یوریا استعمال کیا جاتا ہے۔ گھی بنانے میں ایسی مثالیں سامنے آئی ہیں.....

میڈم ڈپٹی چیئرمین : یہ آپ کسی ریسرچ سینٹر میں بھجوا دیں۔

جناب عالم علی لالیکا : وہاں سے لایا ہوں محترمہ۔ میں نے اس کی ایک سو کاپیاں کروائی ہیں اور ارادہ کرتا ہوں کہ اس کی ایک لاکھ کاپیاں بنوا کر سرکولیٹ کروں گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ اسے سرکولیٹ کریں۔ اس کی detail میں نہ جائیں۔ یہ تو آپ سارا اسی پر بول رہے ہیں لگتا ہے کیمسٹری میں آپ نے وہ کیا ہے۔

جناب عالم علی لالیکا : تھکوں گا نہیں جی۔ مجھے قاضی عبداللطیف صاحب کا شعر یاد آتا ہے۔

سہ در محفلے کرہ یاران شرب مدام کردند
ما را چون رسید آتش بجام کردند

یہ وہی بات ہو رہی ہے میرے ساتھ محترمہ لیکن میں آپ کا بڑا مشکور ہوں جتنا وقت آپ مجھے دیں گی میں اس سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی کوشش کروں گا۔ پاکستان میں گزشتہ دو سالوں میں تعلیمی فنی تکنیکی اداروں سے فارغ التحصیل طلباء کی تعداد سات لاکھ کے لگ بھگ

ہے۔ جو اس قوم کے بچے اور نئی نسل کے نونہال ہیں۔ اگر بیروزگاری اسی طرح رہی اور ملازمتوں پر پابندی اسی طرح رہی تو ہماری حکومت اس نئی نسل سے کیا توقع رکھے گی۔ بھوک افلاس غربت و ننگ میں جانے سے پیشتر کیا کسی انقلاب کے آلہ کار نہ بن جائیں گے۔ **کلاشنکوف** مافیا کے ساتھ ساتھ افرعیت کی طرف چل رہا ہے محترمہ۔ یقینی طور پر بیروزگاری کا علاج فنی اور تکنیکی تعلیم ہے میں تجویز پیش کرتا ہوں کہ پرائمری کے بعد بلا مقصد تعلیم کی بجائے فنی اور تکنیکی تعلیم دینی چاہئے محترمہ ہمیں پڑھے لکھے ڈرائیور دستیاب نہیں ہیں پڑھے لکھے آپریٹر دستیاب نہیں اگر کسی ایف اے بچے کو کہہ دیا جائے کہ بیٹا ذرا ٹیلیفون سننا تو وہ تار والے حصے کو کان سے لگا لیتا ہے اس کو ہیلو کرنے کا طریقہ نہیں آتا وہ بات نہیں کر سکتا ہمیں خرا دیا چاہئے' ہمیں ویلڈر چاہئے میرے دوست سید سجاد حیدر صاحب امریکہ کے دورے پر جب گئے تو مجھے اپنا ایک شوٹری دکھایا کہ یہ شوٹری صندل کی لکڑی کا بنا ہوا ہے اسکو بوٹ میں ڈالنے کا فائدہ یہ ہے کہ پاؤں میں بدبو نہیں آتی اور میں نے اس شوٹری کو آدھا گھنٹہ دیکھا کہ یہ کون سی ایسی چیز ہے جو ہمارے ملک میں نہیں بن سکتی فقط فقدان ہے تکنیکی تعلیم کا ہزاروں بچے ایف اے بی اے کی اسناد ہاتھوں میں پکڑے ہوئے اپنے والدین کی انگلیوں سے لگے ہوئے منتخب نمائندگان کے دروازوں کے گرد چکر لگاتے ہیں اور اگر ان سے پوچھا جائے کہ بیٹا کرسی کون سی ہے اور میز کون سا ہے تو کرسی کو میز بتلاتے ہیں اور میز کو کرسی بتلاتے ہیں۔

محترمہ جرائم کی روک تھام کے لئے دو ادارے بڑا مئوثر کردار ادا کرتے ہیں ایک تو پولیس ہے اور دوسری عدلیہ پولیس بھی بیچاری لا دینی مغربی جمہوریت کی نذر ہو گی محترمہ کیا مجال ہے ایک ایس پی کہ وہ اپنے ضلع کے منتخب ایم این اے کی مرضی کے خلاف چلے' چل کے تو دیکھے' اس کا ٹھکانہ ضلع نہیں ہو گا جو اس کو بڑی کاوشوں کے بعد بڑی مشقتوں کے بعد کبھی زندگی میں ایک' دو بار ملتا ہے یہ لوگ قانون کے محافظ ضرور ہیں لیکن اپنے والدین اور عزیز و اقارب کے لئے ہم جیسے ہی عزیز ہیں متعدد واقعات اور بالخصوص حالیہ گوجرانوالہ میں اپنے فرض کی ادائیگی کرتے ہوئے پولیس والوں کی شہادت ایک جان فزاء واقعہ ہے پرائیویٹ مجالس میں تو محترمہ یوں فائرنگ کی جاتی ہے جیسے جنگ عظیم چھڑ گئی ہو

اور سات گھنٹے پولیس والوں کا ڈاکوؤں کے ساتھ مقابلہ جس میں پانچ پولیس والوں نے اپنے فرض کی ادائیگی کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا ان کی امداد کے لئے گوجرانوالہ شہر سے ایک بائیس بور والا بھی نہیں نکلا' مقام افسوس ہے کیا پولیس والے گھر سے دھتکارے ہوئے ہوتے ہیں کیا پولیس والوں کی مائیں بہنیں بچے نہیں ہوتے ہیں ضرور اور ضرور ہوتے ہیں ان کی ڈیوٹی بڑی سخت ہے گو وہ بے لگام گھوڑے ہوتے ہیں لیکن ہمارے تحفظ کے لئے اپنی جانیں بھی وہی لوگ قربان کرتے ہیں ان کی تنخواہ قلیل ڈیوٹی سخت اختیارات بے انداز اور پھر مغربی جمہوریت۔

محترمہ میں حیران ہوں کہ پولیس رولز 1861 میں بنائے گئے تھے جو انگریز نے اپنی قوت قائم رکھنے کے لئے اپنا تسلط قائم رکھنے کے لئے پولیس کو اپنا آلہ کار کے طور پر استعمال کرنے کے لئے بنائے تھے اور آج تک ہم ان رولز میں ترمیم نہیں کر سکے ہیں رونا تو روز روتے ہیں کہ پولیس والے یہ کرتے ہیں وہ کرتے ہیں لیکن 1861ء کے رائج قوانین میں پولیس رولز میں ہم ترمیم تنسیخ نہیں کر سکتے مقام افسوس ہے کہ ہم اب تک ان میں آزادی کے تقاضوں کے مطابق تبدیلیاں نہیں لا سکے ہیں ہماری پولیس آج بھی قوم کو غلام بنائے ہوئے ہے کل جب میں لاہور سے آیا تو وزیر اعظم صاحب یا کوئی وزیر صاحب سنگاپور جا رہے تھے اور وی آئی پی کے باہر ہو کا عالم تھا ہم جب لاہور سے آئے تو باہر کوئی گاڑی نہیں تھی اور سینیٹر حضرات ایم این اے حضرات ایم پی اے حضرات وی آئی پی لاؤنج سے باہر نکل کر یوں کھڑے تھے جیسے کوئی تھانے سے مار کھا کر آدمی تھانے سے باہر نکل کر اپنے ورثاء کی تلاش میں کھڑا ہو یہ کیا مذاق ہے محترمہ وہ سنگاپور کا ایک وزیر ہے وہ کوئی اوپر والی مخلوق ہے کیا ہم ہی نے سب لوگوں کو مارا ہے کیا اتنے سیکیورٹی انتظامات کے باوجود چڑھتے ہوئے اور اترتے ہوئے سکرینوں میں سے گزرتے ہوئے کیا سینیٹر اور ایم این اے ہی اس کو ماریں گے حیران ہوں متحیر ہوں کہ یہ ہماری غلامانہ ذہنیت' وی آئی پی کے لئے تو داخلہ ہی علیحدہ ہونا چاہئے اور اگر اس نے اسی راستے سے ہی آنا ہوتا ہے تو وہ تو وی آئی پی لاؤنج کے کار پارکنگ میں گاڑی روکتا ہی نہیں ہے اس کی تو گاڑی سیدھی ہوائی جہاز کے قریب جاتی ہے مجھے کل سمجھ نہیں آ سکا کہ ہمیں وہاں کیوں کھڑے رکھا گیا وہاں وزیر اعظم صاحب کا سٹاف افسر بھی کھڑا تھا وہاں ایم این اے بھی کھڑے تھے وہاں سینیٹر بھی

کھڑے تھے اور آدھا پونا گھنٹہ وہاں کھڑے رہنے کے بعد محترمہ پہلے پولیس والوں کی گاڑیاں آئیں اس میں ایس پی صاحبان گئے پھر ڈی ایس پی صاحبان گئے پھر انسپکٹر صاحبان گئے جب وہ سب جا چکے تب کہیں جا کر ہماری گاڑیاں ہمارے نزدیک آئیں سبحان اللہ محترمہ دوسرا ادارہ جو قانون کو قائم رکھتا ہے وہ عدلیہ کا ہے کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے :

ملزم ہو با اثر تو قانون ہے بے اثر
کس نے یہ نقش کر دیا میزان عدل

اب یہ بات یہاں پوری شدومد سے محسوس کی جا رہی ہے اور مقام افسوس ہے کہ ہمارے ملک میں عدالتیں قانون کی عدالتیں ہیں وہ انصاف کی عدالتیں نہیں ہیں ہمارے دین اسلام میں تو خلفائے راشدین کے وقت میں خلیفہ وقت اور ازاں بعد قاضی وقت علاقہ بھیس بدل کر حقیقت کی تلاش میں رات کو باہر نکلا کرتے تھے پتہ کرنے کے لئے کہ حقائق کیا ہیں یہاں کیا ہے کہ منصف عدالت میں بیٹھ کر وکلا حضرات کی مرتب کی ہوئی حرم کی مصنوعی تصویر جو وکلا حضرت چند روپوں کی خاطر اس کی تصویر کشی کرتے ہیں وہ دیکھ رہے ہوتے ہیں خواہ اس کا حقائق سے کوئی تعلق نہ ہو وکیل استغاثہ اپنی منظر کشی کر رہا ہوتا ہے اور اس میں مفروضات کی بھرمار ہوتی ہے وکیل صفائی اپنی تصویر اپنے طور پر دکھلا رہا ہوتا ہے سیشن کورٹ میں دونوں وکلا حضرات اپنے اپنے زاویہ نظر سے ایک تصویر کی تصویر کشی کر رہے ہوتے ہیں میں کسی ایسے وکیل صاحب کا نام اور پتہ جاننا چاہوں گا جو یہ دعویٰ رکھتے ہوں کہ وہ صرف بے گناہ لوگوں کے کیس لیتے ہیں محترمہ مجھے افسوس ہے کہ یہ لوگ کچھ نہ پوچھتے ہیں چوروں کے یہ استاد ہیں ڈاکوؤں کے یہ اتالیق ہیں قاتلوں کے یہ محافظ ہیں اور کس خاطر صرف مادی فوائد کی خاطر با این ہمہ ہمیں عدلیہ کی سروس کے ڈھانچے میں مئوثر تبدیلیاں کرنی ہوں گی ہمیں پہلی فرصت میں عدلیہ کو انتظامیہ سے الگ کرنا ہو گا حضرت عمرؓ کے وقت میں قاضی سے پوچھا جاتا تھا جب کہ اب قاضی منتظر رہتا ہے کہ کوئی ہم سے پوچھے عدلیہ کے افسران کو ترقی کے لئے مقررہ وقت کی ضمانت دینا ہو گی سردست کلاس سسٹم چل رہا ہے اسامی خالی ہوتی ہے تو نیچے والوں کی ترقی ہوتی ہے یہ عدلیہ کے افسران کے ساتھ مذاق ہے عدلیہ کے افسران کو مراعات دینا ہوں گی محترمہ اضلاع میں سول ججوں کو مکانات ڈپٹی کمیشنر کی خوشنودی پر ملتے

ہیں اس کی منت سماجت سے ملتے ہیں سوالی کا تو سول جج کا تصور نہیں ڈپٹی کمشنر کے اختیارات اور سول جج کے اختیارات کا موازنہ فرمالیجئے گا ڈپٹی کمشنر کے پاس مکانات کا بھی پول ہے گاڑیوں کا بھی پول ہے اور سول جج صاحبان کی آنکھوں میں دھول ہے۔

محترمہ ایڈیشنل سیشن ججوں کی براہ راست تقرری کو ہمیں ختم کرنا ہو گا میں زیادہ نہیں کہہ سکتا میرے اپنے ڈویژن سے دو براہ راست وکلا میں ایڈیشنل سیشن جج بنے ہوئے بدعنوانی رشوت خوری کے الزام میں برطرف کئے جا چکے ہیں محترمہ مقابلے کے امتحان میں براہ راست پاس ہو کر ہی ہو عدلیہ میں داخل ہونے کا دروازہ ہونا چاہئے 21 سال کا سول جج 15 سال ملازمت کرنے کے باوجود جگہ خالی ہونے پر ہی ایڈیشنل سیشن جج بن سکتا ہے جب کہ آئندہ ترقی کے لئے اس کے پاس صرف سولہ سال رہ جاتے ہیں اب اس کے برعکس 21 سال کا وکیل دس سال پریکٹس کرنے کے بعد ایڈیشنل سیشن جج جب براہ راست بن جاتا ہے اولاً وہ 21 سال وہ ترقی کے مدارج سے مستفید ہوتا ہے اور ثانیاً یہ ہے کہ اس کا اولین زینہ ایڈیشنل سیشن جج ہوتا ہے.....

محترمہ کیسی اندھیر نگری ہے کیسا ظلم ہے محترمہ پنجاب میں عدلیہ سے آمدنی 53/54 کروڑ ہے جب کہ بجٹ میں allocation تین چار کروڑ ہے سول عدالتوں کے احکامات کے تابع شدہ رقوم جنہیں decretal amount کہا جاتا ہے کروڑوں روپے میں ہوتی ہیں جو آخری اپیل کے ختم ہونے تک جس میں 20، 20، 25، 25 سال لگ جاتے ہیں جوں کی توں خزانہ سرکار میں پڑی رہتی ہیں ان سے منافع حاصل کیا جا سکتا ہے نہ سائل کو منافع ملتا ہے نہ سول عدالتیں اس سے مستفید ہوتی ہیں۔ 25 سال کے بعد ڈگری ہونے پر بھی اس کو وہی اصل زر دیا جاتا ہے کیا اس سے فائدہ حاصل نہیں کیا جا سکتا اگر کل کو فوائد نہیں دینے ہوتے تو کم از کم عدلیہ تو اپنی اصلاح کے لئے اس کے محاصل سے اپنا فائدہ کر لے.....

میڈم ڈپٹی چیئرمین : لالیکا صاحب ذرا اب۔۔

جناب عالم علی لالیکا : میں بہت اگر۔۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں کوشش کریں۔

جناب عالم علی لالیکا : محترمہ مجھے تو ابھی اپنے موضوع کی طرف آنا ہے میں تو اتنے

اختصار سے بات کر رہا ہوں اور اتنی تیزی سے کر رہا ہوں اور آپ کے صبر کا فائدہ اٹھا رہا ہوں۔ محترمہ امور خارجہ یا امور داخلہ بڑے اہم امور ہیں۔ روس کے زوال کے بعد پوری دنیا میں خلاء پیدا ہو گیا ہے امور داخلہ بھی ہم سے پوشیدہ نہیں امور خارجہ کا ہم کو کوئی علم نہیں کوئی ایک فرد خواہ وہ فیڈرل منسٹر ہو وزیر اعظم ہو صدر مملکت ہو سیکرٹری خارجہ ہو یا سیکرٹری جنرل خارجہ ہو عقل کل نہیں ہو سکتا۔ محترمہ میں اس کے لئے تجویز کرتا ہوں کہ نہ صرف خارجہ امور میں بلکہ تمام امور میں ہمیں برین سیل قائم کرنے چاہئیں جن کا کام یہ ہو کہ مختلف مسائل پر مستقل عرق ریزی کرتے رہیں اور سوچ و بچار کرتے رہیں۔ اس میں ریٹائرڈ افسران بھی ہوں گوشہ نشین سیاستدان بھی ہوں اس میں پروفیسر حضرات بھی ہوں محقق حضرات بھی ہوں برین سیل کی اشد ضرورت ہے اس کا اس ملک میں مکمل فقدان ہے۔ محترمہ اب میں آپ کے حکم کی تعمیل میں اپنے مضمون زراعت کی طرف آتا ہوں زراعت پیشہ ہونے کے ناتے سے دست تاسف ملنے پر مجبور ہوں۔ ملک کی 75 فیصدی آبادی زراعت پیشہ ہے زراعت ملک کی 55 فیصدی آبادی کو روزگار مہیا کرتی ہے اور ملک کے زرمبادلہ میں 70 فیصدی محاصل دیتی ہے۔ اس بارے میں صدر صاحب کی خاموشی میرے لئے ناقابل فہم ہے ہم نے کیا جرم کیا ہے۔

کیا پوچھتے ہو داغ جگر میں کہاں کے ہیں
کچھ آپ کے دیئے ہوئے کچھ آسمان کے ہیں

محترمہ زراعت پیشہ لوگوں کی حالت یہ ہے میں سر چھوٹو رام کوکوٹ کروں گا دو اشعار ان کے ہیں بقیہ میرے مغز کی اختراع ہے۔ زراعت پیشہ آدمی کبھی قلت باران سے کہ بارش نہیں ہو رہی یار میری گندم نہیں پکے گی کبھی قلت باران سے نالاں کبھی کثرت باران سے پریشان مال مویشی تو کیا اس بیچارے کا گھروندہ ٹپکنے لگتا ہے وہ پریشان ہو جاتا ہے خدا کرے یہ تھم جائے۔ کبھی تمازت موسم سے گریاں دھوپ میں بھی وہی بیٹھتا ہے ہم تو ائر کنڈیشنوں میں بیٹھ کر ان کے لئے گرم ہوا چھوڑتے ہیں ہمیں ٹھنڈی چاہئے گرم تمہارے حصے میں کچھ خدا کی جانب سے کچھ ہماری جانب سے کبھی معیشت کی کمزوری سے نیم عریاں کسی دیہات میں چلے جایئے گا اگر عورت کے گلے میں قمیص ہوگی تو مرد کی دستار نہیں ہوگی بچے کے پاؤں میں جوتی ہوگی تو بیٹی پاؤں سے ننگی ہوگی۔

کبھی جھوٹے وعدوں پر فرحان و شاداں

کوئی چھوٹا سا اعلان کر دیا کہ کاٹن ایکسپورٹ ساری کپاس خریدے گی ہم خوش ہو گئے واہ واہ

اور کبھی مداخل بھی پورے نہ ہونے پر آہ و فغاں

محترمہ چیئرمین میں ڈاکٹر ظفر چیئرمین پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کو کوٹ کرنا ضروری سمجھتا ہوں کیونکہ انہوں نے ہمارے دل کی بات کہہ دی ہے۔

> "Pakistani Agriculturists are facing increasing costs of inputs and decreasing returns. How is then he surviving? How is then the farmer surviving? Simply by his inability to do anything else. The tendency to accept as God's will, will some day run out. When that happens and the outcome is known to me due to a selfish human mind, all Hell will break".

محترمہ میں یہ کوٹیشن ہارون آباد بہاولنگر سے نہیں لایا ہوں یہ مرکزی حکومت کا قائم کردہ پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل جو اسلام آباد میں وزیر اعظم سیکرٹریٹ کے عین سامنے ہے اس کے منصب اعلیٰ پر بیٹھے ہوئے اس کے اعلیٰ ترین سربراہ نے یہ کوٹیشن دی ہے اور میں اس کے لئے دست بدعا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسے اس دنیا میں خوش رکھے اور روز محشر شفاعت نبویؐ عطا فرمائے ایک مسٹر کنک کمشنر پنجاب کے تھے۔ جنہوں نے یہ کہا تھا۔

> "The fool of the family goes in for agriculture because there is nothing in it".

کہا یہ جاتا ہے کہ زراعت پیشہ لوگوں کی خوشحالی کا راز فی ایکٹر پیداوار میں مضمر ہے آپکو یاد ہو گا کہ سینٹ کے ایک سیشن میں جناب سرتاج عزیز نے کہا تھا کہ فی ایکٹر پیداوار بڑھانے میں زراعت پیشہ لوگوں کی خوش حالی کا راز مضمر ہے۔ یہ ایک ٹرم ہے جو انہوں نے سنی ہوئی ہے جو انہوں نے پڑھی ہوئی ہے۔ لیجئے ہم نے کپاس کی فی ایکٹر پیداوار بڑھا دی۔ 96 لاکھ گانٹھ سے ایک کروڑ 20 لاکھ گانٹھ کر دی کوئی خریدار نہیں۔ کوئی ہم سے پوچھنے والا نہیں کوئی ہمارا غم خوار نہیں ہم برباد ہیں ہم مفلوک الحال ہیں کیا کریں اس کپاس کو کوئی خریدتا

نہیں یہ جرم ہے ہمارا؟ ہم نے پچھلے سال کی نسبت 20 لاکھ گانٹھ زیادہ پیدا کر دی کہاں سے میں ڈھونڈ کر لاؤں سرتاج عزیز صاحب کو ان کو بازو سے پکڑ کر پوچھوں جناب یہ پیداوار زیادہ ہوئی پڑی ہے اسے سنبھالو اس کا معاوضہ خدارا ہمیں دے دو تم جو کہتے ہو کہ پیداوار بڑھاؤ بڑھاؤ بڑھاؤ۔ ہم نے پیداوار بڑھا دی ہے سنبھالو تو سہی خالی دفتروں میں بیٹھ کر اکنامک berbatim استعمال کر کے لوگوں کو بیوقوف بناتے ہو۔ محترمہ معاشیات میں نے صرف ایف اے تک پڑھی ہے اتنی نہیں پڑھی جس سے قوم کو بیوقوف بنایا جا سکے میں نے ایف اے میں ایک لفظ law of marginal utility بھی پڑھا ہے اور وہ law of marginal utility کی عین زد میں ہم آئے پڑے ہیں کہ ملکی کھپت سے کہیں زیادہ ہم پیداوار کر بیٹھے ہیں ہمارا جرم ضعیفی یہ ہے اگر 80 لاکھ گانٹھ ہوتی تو میں آج سینٹ کے فلور پر گریاں کناں نہ ہوتا کوئی اور بات کر رہا ہوتا چونکہ وہ 1 کروڑ 20 لاکھ گانٹھ پیداوار ہو گئی ہے اور ملک میں اس کی کھپت نہیں ہے اس لئے ہم چیختے چلاتے پھر رہے ہیں کوئی ہمیں دلاسا دینے والا بھی نہیں ہے اور ستم بالائے ستم یہ کہ ایک کروڑ 20 لاکھ گانٹھ پیداوار ہو جانے کے باوجود وزارت تجارت نے پابندی عائد کر دی ہے کہ 15 لاکھ گانٹھ سے زیادہ ایکسپورٹ نہیں کر سکو گے۔ وزیر تجارت ملک محمد نعیم صاحب میرے دوست ہیں مجھے افسوس ہے کچھ مجھے بھی حصہ دیتے تو میں بھی تائید کرتا کہ واقعی 15 لاکھ سے زیادہ نہیں جانی چاہئے۔ کیا مذاق ہے 96 لاکھ گانٹھ ہو تب بھی 15 لاکھ ایکسپورٹ ہو گی اور ایک کروڑ 20 لاکھ گانٹھ ہو تب بھی 15 لاکھ گانٹھ ایکسپورٹ ہو گی ان کا حکم میرے پاس موجود ہے۔ 15 لاکھ گانٹھ سے زیادہ ایکسپورٹ نہیں کی جا سکے گی۔ کیا یہ ظلم نہیں کیا یہ بدترین استحصال نہیں ہم نے تو کبھی پابندی نہیں لگائی کہ تم ایک سے دو کارخانے نہیں لگا سکو گے۔ کیا آج تک 45 سال گزرنے کے باوجود ہم یہ اندازہ نہیں لگا سکے کہ ملک میں کھپت کیا ہو گی' قانون تو یہ ہونا چاہئے کہ ملک میں جو خرچ ہو جائے گی اور کچھ carry over کے لئے رکھ لیں اور بقایا کے لئے کھلی چھٹی دے دیں۔ مجھے افسوس ہے کہ جنوری 1992ء میں ابھور' فاضل کا' گنگا نگر' ہندوستان میں کپاس کا بحران ہے اس سال کپاس کی 610 روپے فی من قیمت ہے کیونکہ جنوری 1992ء میں

یہ قیمت تھی، اس لئے میں "تھی" کا صیغہ استعمال کرتا ہوں، "ہے" کا اس لئے استعمال کرتا ہوں کہ اس فصل سے ہے۔ ہمارا ریٹ کیا ہے..... 280 روپے، 260 روپے ہے۔ اور خریدار کپاس کو سونگھتا ہے جیسے اس میں سے بدبو آتی ہو۔ حیران ہیں کہ فاضل کا اور گنگانگر اور ابھور جو ہیں یہ میرے اضلاع سے ملحقہ اضلاع ہیں، یہ ہندوستان میں فیروز پور کے اضلاع ہیں۔ وہاں کپاس کا بھاؤ 610 روپے فی من ہے اور روئی کا بھاؤ 1500 روپے فی من ہے۔ میں وثوق سے یہ کہتا ہوں کاش وزیر تجارت یا وزیر خزانہ آج یہاں موجود ہوتے لیکن یہاں ہمارا استحصال کیا جاتا ہے کہ کپاس تو 280 روپے فی من ہے اور روئی کا بھاؤ 800 روپے فی من ہے اور کہتے ہیں کہ بین الاقوامی منڈی میں مندا ہے۔ بھئی، بین الاقوامی منڈی حرام خور تو کہیں اور رہتی ہے۔ میرا تو ہندوستان کی بات کرتا ہوں جو ہیڈ سلیمانکی سے دوسری طرف ہے۔ وہاں روئی کی قیمت 1600 روپے من ہے اور تم امریکہ کی بات کرتے ہو، جہاں کے تم پڑھے ہوئے ہو، جہاں کے تم سند یافتہ ہو۔ ہم ان کی بات کرتے ہیں جن کا سایہ ہم پر پڑتا ہے اور ہمارا سایہ ان پر پڑتا ہے۔ حیران ہوں، متحیر ہوں کہ یہ کیا فلسفہ ہے۔ کیا منطق ہے.....

حافظ حسین احمد: محترمہ، گزارش ہے کہ لالیکا صاحب ذرا آہستہ بولیں کیونکہ وزیر پارلیمانی امور کی نیند میں خلل پڑ رہا ہے۔

(قہقہے)

میڈم ڈپٹی چیئرمین: عالم علی لالیکا صاحب۔۔۔

جناب عالم علی لالیکا: محترمہ میں نے عرض کیا تھا کہ ہم جھوٹے وعدوں پر خوش ہو جاتے ہیں۔ ایک اعلان کیا گیا تھا کہ کاٹن ایکسپورٹ کارپوریشن پندرہ ہزار گانٹھ روزانہ خریدے گی۔ خدا معلوم یہ کہاں سے خرید رہی ہے، اور یہ کدھر بھیج رہی ہے۔ خدا گواہ ہے کہ اس پندرہ لاکھ روزانہ خریداری کے اثرات ہم تک نہیں پہنچے ہیں۔ اعلان سے ہم ضرور خوش ہو گئے تھے کہ اب ہماری تکلیف کا مرہم ایجاد ہو گیا ہے، وزیر اعظم صاحب کے منہ سے ایک بات نکل گئی ہے انشاء اللہ ہمارے بچوں کے مطالبات بھی اس کپاس کی فصل سے پورے ہو سکیں گے لیکن افسوس کہ وہ امیدیں تشنہ رہ گئیں۔

ہندوستان کے مل مالکان پاکستان روئی آج بھی کراچی ڈیلیوری ایک ہزار روپے من لے رہے ہیں' ginned cotton . ہمارا ریٹ 820 روپے ہے مگر ہندوستان والے آج بھی کراچی میں' کراچی ڈیلیوری FOB Karachi ایک ہزار روپے من لے رہے ہیں..... کون لوگ درمیان میں کھا رہے ہیں۔ کون لوگ ہیں جو ہمارا گلہ دبائے ہوئے ہیں۔ میرے علم میں ہے مگر وقت کا منتظر ہوں۔

(اس موقع پر جناب عالم علی لالیکا کی آواز بھرا گئی اور انہوں نے آنسو پونچھے)

محترمہ' بطور ڈاکٹر عمر لقمان جو پاکستان کے مایہ ناز اکانومسٹ تھے' جو کتاب بعنوان 1947ء سے پاکستان کی سیاسی اور معاشی تاریخ کے مصنف بھی ہیں تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں تیز رفتار صنعتی ترقی کے حصول کے لئے صوبائی حکومتوں کی تہی دامنی کے باوجود اور اپنی ذمہ داری سے قطع نظر زرعی ترقی سے تغافل برتا گیا ہے۔ شہری صارفین کو سستی خوراک اور صنعتوں کو اربوں کا خام مال مہیا کرنے کے لئے زرعی اجناس کی قیمتوں کو کم رکھا گیا ہے۔ کاشت کاروں کو حکومت کے ترجیحی صنعتی شعبوں کی تیار کردہ مصنوعات کی زیادہ قیمت ادا کرنا پڑتی رہی مگر اجناس کو کم قیمتوں پر فروخت کرنا پڑتا رہا ہے۔ مذکورہ بالا ناموافق عناصر کی شدت میں کئی گنا اضافہ ہوتا گیا' زرعی ترقی کی طرف سرکاری عدم توجہ کی وجہ سے صحیح اندازہ نہ لگایا جاسکا کہ زرعی ترقی میں جمود صنعتی ترقی کو کس حد تک متاثر کرے گا۔ یہ جمود نہ صرف اندرون ملک مارکیٹ میں ترقی کے لئے سد راہ تھا بلکہ محدود زر مبادلہ خوراک کی درآمد پر خرچ کیا جاتا رہا' اس سال ہم نے سعودی عرب سے گندم درآمد کی ہے اور اس طرح صنعتی مشینری وغیرہ کی درآمد کے لئے رقومات میں کمی آتی گئی۔ یہ محترمہ میں نے نہیں کہا' کسی زراعت پیشہ آدمی نے نہیں کہا یہ پاکستان کے مایہ ناز اکانومسٹ نے کہی ہے جو شاید یہ بات کہنے کی پاداش میں کسی کھڈے لائن لگے ہوئے ہوں۔ یہ ان کا فرمان ہے۔

محترمہ اگر فی ایکڑ پیداوار ہی ہمارے مسائل کا حل ہے تو آئیے تجزیہ کئے لیتے ہیں' کم فی ایکڑ پیداوار کی بے شمار وجوہات ہیں۔ غیر موافق شرح زر مبادلہ۔ ہم روئی بیچتے ہیں' وہ ڈالروں میں بکتی ہے۔ اس سے ایکسپورٹرز کو فائدہ ہوتا ہے' ان سے ٹریکٹر آتا ہے اور جب

dollars versus rupee کی Conversion ہوتی ہے تو اس سے ہم ہی متاثر ہوتے ہیں۔ اپنے بھیجے ہوئے مال کے بدلے جو مال اس طرف سے آتا ہے' وہ جو conversion difference ہے اس کا اثر بھی ہم ہی پر پڑتا ہے۔ غیر حقیقت پسندانہ قیمتیں دوسرا عنصر ہے۔ غیر منصفانہ تجارتی پالیسی تیسرا عنصر ہے۔

غریب زرعی شعبہ کے وسائل کی امیر صنعتی شعبہ کو منتقلی چوتھا عنصر ہے۔ ترقیاتی اخراجات میں کم حصہ (اس موقع پر میڈم چیئرپرسن کی جگہ ڈاکٹر عبدالغفار خان پریزائیڈنگ آفیسر نے اجلاس کی صدارت فرمائی)۔

میاں عالم علی لالیکا: الحمدللہ مسائل کو سمجھنے والے چیئرمین صاحب تشریف لائے ہیں۔ میں اب ذرا اور حوصلے سے بات کروں گا۔

ایک معزز رکن: آپ پہلے حوصلے سے بات نہیں کر رہے تھے۔

جناب عالم علی لالیکا: نہیں' پہلے میں کچھ پریشان تھا۔

جناب والا' ترقیاتی اخراجات میں کم حصہ' بلاواسطہ ٹیکسوں کی زیادتی۔ فصلوں کی فی یونٹ پیداوار میں جمود کی وجوہات زمین کی زرخیزی کی کمی ہے۔ کثرت کاشت' نہری پانی کی کمی' کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں سے فصلوں کے بڑھتے ہوئے نقصان۔ ادویات میں ملاوٹ' زرعی مداخل میں ملاوٹ کی وبا' کھاد میں ملاوٹ۔ مصنوعی کھاد کی تیاری۔ جناب والا' اب کھاد بھی مصنوعی بنتی ہے۔ جعلی کھاد بنتی ہے اور ان کی روز افزوں زیادہ قیمتیں۔ مارکیٹ کا ناقص نظام اور دیگر خصوصی قدرتی' اقتصادی اور انتظامی مشکلات شامل ہیں جو فی ایکڑ پیداوار کو زیادہ نہیں ہونے دیتیں۔

جناب والا' قسمی کمیشن 1988ء کی رپورٹ ہے کہ پاکستان میں زرعی شعبہ پر ماسوائے گنے کے ایکسچینج ریٹ کے طریقہ کار کے ذریعہ ٹیکسوں کا بے حد اضافہ کر دیا گیا ہے یعنی 1982ء میں 33 فیصدی اور 1987ء میں 21 فیصدی۔ جناب صنعتوں پر اس طرح سے کوئی ٹیکس لاگو نہیں ہوا ہونا کیونکہ صنعتی برآمدی اشیاء زرعی پیداوار کے برعکس گنے

کے علاوہ تجارتی پالیسی سے فائدہ اٹھا لیتے ہیں۔ اب دعویٰ کیا گیا ہے کہ زرعی اشیاء کی قیمتیں اسلئے کم رکھی گئی ہیں کہ زراعت پر کوئی ٹیکس لاگو نہیں۔ قومی زرعی کمیشن کی رپورٹ کے گوشوارہ 13/29، ضمیمہ نمبر 19، میں پریس والوں کی خدمت میں عرض کرتا ہوں۔ نوٹ فرمالیں "قومی زرعی کمیشن کی رپورٹ 13/29 ضمیمہ نمبر 1، ظاہر کرتا ہے کہ 86-1985ء میں زراعت پر بالواسطہ اور بلاواسطہ فی ہیکٹر ٹیکس 920 روپے تھا اور سابقہ چھ سالوں کی اوسط 789 روپے فی ہیکٹر تھی جو زرعی مالیاتی اضافہ کا 5ء24 فیصد ہے۔ ٹیکس کی یہ شرح دیگر شعبوں کے مقابلے میں بہت زیادہ ہے۔

فاضل وزیر خزانہ جناب سرتاج عزیز سال 1990ء میں فارم پالیسی کے عنوان سے اپنے 28 اکتوبر 1989ء کے روزنامہ ڈان کو دیئے گئے مضمون میں جن خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کیا تھا کہ دنیا کے کاشت کاروں نے زرعی ترقی سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہیں کیا۔ چونکہ گزشتہ صدی میں دو تین مواقع کے علاوہ بہت سی زرعی اشیاء گندم چاول مکئی چینی کی قیمتوں میں حقیقی معنوں میں کمی ہوئی ہے۔ صنعتی شعبہ کے برعکس جہاں زیادہ پیداوار کا فائدہ کچھ مزدوروں کی اجرتوں میں اضافہ کی شکل میں مل جاتا ہے۔ دیہات میں زیادہ پیداوار اور کم لاگت کا جو فائدہ کچھ صارفین کو ملا زرعی اراضی کی قیمتوں میں اضافہ کی شکل میں سامنے آیا ہے کاشتکاروں کو متواتر مخالف اور ناقابل برداشت توازن تجارت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ جناب والا! یہ میں نے نہیں کہا ہے یہ موجودہ وزیر خزانہ جناب سرتاج عزیز صاحب نے وزارت کا حلف لینے سے پہلے 1990ء میں فرمایا تھا ترقی یافتہ ممالک کے برعکس ترقی پذیر ممالک کی حکومتیں ہمیشہ صنعتی شعبے کو فروغ دینے کے لئے زرعی شعبہ پر ٹیکس عائد کرتے رہے ہیں یہ سرتاج عزیز صاحب کا فرمان چل رہا ہے۔ تاکہ صنعت کو فروغ حاصل ہو زرعی اجناس کی حقیقی معاوضوں میں متواتر کمی کی وجہ سے ترقی پذیر ممالک کے کاشتکار مزید خسارے کی صورت حال سے دوچار رہتے ہیں۔ مزید برآں زرعی اجناس کی عالمی تجارتی پالیسی عمومی طور پر ناساز گار رہی ہے آخر میں وزیر موصوف نے فرمایا ہے کہ زرعی شعبہ میں بنیادی معاشی قوانین کی بھی ناقابل قبول اور سنگین خلاف ورزی کی جاتی رہی ہے۔ پنجاب اکانومک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ نے پنجاب میں مثبت یا منفی معاشی افراد کی فراہمی

کے بارے میں ایک سروے کیا' مثبت یا منفی معاشی امداد کی فراہمی کے بارے میں سروے کیا تاکہ تجارتی عوامل اور فصلوں کی پیداوار کی قیمتوں کے بارے میں حکومت کی پالیسی کے نتائج معلوم کر سکیں پتہ چلا کہ 85- 84ء میں پنجاب میں کاشتکاروں کو حکومت کی پالیسی کی وجہ سے مراعات کی شرح 5ء029 فیصد اور 89- 88 میں 9ء020 فیصد تھی۔ یعنی کاشتکاروں کو اتنا نقصان اٹھانا پڑا پنجاب اکانومک ریسرچ انسٹیٹیوٹ کی ایک اور تحقیقاتی رپورٹ میں یہ انکشاف ہوا ہے کہ 89- 88 میں 1ء27 فیصد کاشتکاروں نے آمدنی کی لاگت کے مقابلہ میں خسارہ برداشت کیا۔ 9ء7 فیصد کاشتکاروں کی آمدنی دو ہزار روپے سالانہ تھی یعنی ایک سو چھیاسٹھ روپے ماہوار یعنی چھ روپے روزانہ' جب کہ دوسرے 3ء7 فیصد کاشتکاروں کی آمدنی دو ہزار تا چار ہزار روپے سالانہ تھی یعنی تین سو ساٹھ روپے ماہانہ یعنی بارہ روپے روزانہ' اس سے واضع اندازہ ہو جاتا ہے کہ کاشتکاری اب کاشتکاروں کے لئے نفع بخش کاروبار نہیں رہا بلکہ صریحاً خسارے کا سودا ہے ٹیکسیشن ریفارمز کمیشن 1986ء کی رپورٹ ظاہر کرتی ہے کہ زرعی پرائس کمیشن کے تخمینہ کی روشنی میں لاگت اور زرعی اجناس کی قیمتوں میں کیا فرق ہے اس گوشوارے سے ظاہر ہوتا ہے کہ 85- 84ء میں کاشتکاروں کو گندم کے ضمن میں 10ء3 روپے فی ایکڑ اور اری چاول میں 32ء160 کا خسارہ ہوا۔ تاہم سال 1985ء میں گندم میں ڈیڑھ سو روپے فی ایکڑ اور باسمتی چاول میں 46ء158 روپے فی ایکڑ اور گنا میں 97ء1733 روپے فی ایکڑ کا منافع ہوا جب کہ اری چاول میں 90ء176 روپے فی ایکڑ کا نقصان ہوا۔

ٹیکسیشن کمیشن نے اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ زرعی پرائسز کمیشن کی طرف سے پیش کردہ پیداواری لاگت میں کہیں بھی زمین' مکان مال مویشی کے نقصانات یا کمی کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا گیا۔ صنعت کار تو کمی بھی اپنی آمدنی سے مجرا کرتا ہے۔ گھسائی بھی مجرا کرتا ہے اپنی محنت کو بھی شامل کرتا ہے۔ نہ ہی فصلات کے نقصانات یا تلافی یا ناکامی کو قابل توجہ سمجھا گیا جو صورت ہر چار سال بعد کود کر آتی ہے۔ جناب والا یہاں تو صنعت کار کا کوئی نقصان ہو تو وہ انشورنس والوں سے کلیم کر لیتا۔ زراعت پیشہ لوگوں پر ژالہ باری ہوتی ہے جو آفات وارض و سماوی سے دو چار ہوتے ہیں کبھی اس پر بھی کسی نے سوچا ہے کہ اس کو کون پورا کرتا ہے الحمد للہ ہم کسی سے داد خواہ نہیں اللہ تعالیٰ کے رحم و

کرم سے اس کو برداشت کرتے ہیں۔ لیکن جب ہمیں یہ کٹو کے مارے جاتے ہیں کہ کھا گئے یہ سب لوگ' موٹروں پہ سواری کر کے یہ لوگ' پجیرو پہ چڑھ گئے یہ لوگ' ہمارے پاس ہے کیا' اللہ کا فضل شامل حال ہے کاشتکاروں کو وہ قیمت دی جاتی ہے وہ ان کی پیداواری لاگت سے کم ہے منڈیوں کے نقائص اور قیمتوں میں ساز باز اس پر استزاد ہے۔ جناب والا! اس کے ذمہ دار تاجر اور حکومت دونوں یکساں ہیں۔ پیداوار براہ راست قیمتوں سے متاثر ہوتی ہے۔ اس کے باوجود حکومت ہمیشہ کم قیمت مقرر کرتی رہی ہے۔ جس کی وجہ سے اس شعبہ کی پیداواری اول توست رفتاری سے آئی ہے۔ مختصراً اگر امورات درج بالا پر توجہ دی جاتی تو زراعت خسارہ کا سودا نہ بنتی نہ ہی کاشتکار دل برداشتہ ہوتا زرعی پرائسنز کمیشن' میں نے بہاولنگر میں قائم نہیں کیا اس میں زراعت پیشہ لوگ نہیں ہیں جناب والا! زرعی پرائسنز کمیشن میں بیورو کریٹس ہیں انہوں نے اپنا تجربہ کیا ہے رپورٹ دی ہے پاکستان میں 8 ہزار پیداواری یونٹ جو سیلنگ ہے جس سے زیادہ کوئی زمیندار رکھ ہی نہیں سکتا ہے جو حد ملکیت ہے اسی ملک میں' آٹھ ہزار پیداواری یونٹ کی بنیاد پر سالانہ زرعی آمدنی کا تجزیہ کیا وہ یہ ہے کہ آٹھ ہزار یونٹ رکھنے والے کی سالانہ آمدنی 13875ء90 ہے سندھ میں 25791ء87 روپے ہے سرحد میں 8 ہزار یونٹ رکھنے والے کو آمدنی 23908 روپے ہے۔ یہ میں نہیں کہتا جناب والا یہ زراعت پیشہ لوگ نہیں کہتے جناب والا! یہ زرعی پرائسنز کمیشن کہتا ہے۔

ٹیکسیشن ریفارم کمیشن کے مطابق اگر فرسودگی' کمی' فصلوں کا نقصان اور ناکامی' پوری اجرتیں' تنخواہیں' اور بیمہ بھی مذکورہ نقصان میں شامل کئے جائیں تو ابھرنے والی صورت اور بھی بھیانک ہو جاتی ہے جناب والا! سرمایہ سے منافع صرف 5 فیصد رہتا ہے میرے پاس آج list موجود نہیں ہے میں اسی لمیٹڈ کمپنیوں کی ایک لسٹ لایا تھا جناب والا پیش کرنے کے لئے اس ایوان میں' جن کا کم سے کم شرح منافع 25 فیصد ہے۔ اور یہاں زراعت میں ہم کو 5 فیصدی بھی نہیں ملتا ہے۔ کیونکہ یہ کم بچت تھی یہ 5 فیصدی تھی دیہی معاشرہ کے سماجی ڈھانچے میں اور خراب ہو جاتی ہے کیونکہ سرکاری مالیاتی نظام کی فرسودگی اور سرکاری اہلکاروں کی زیادتیوں کی وجہ سے کاشتکاروں کو مزید نقصان ہو جاتا ہے۔ قومی ٹیکسیشن ریفارم کمیشن 1986ء اس نتیجہ پر پہنچا کہ ترقیاتی بجٹ میں زرعی شعبے

کا حصہ بشمول چھٹے پنج سالہ منصوبے کے حصے کے 56ء19 فیصد کے برابر ہے
the total outlay in the national exchequer for agriculture is 19.56%
جو ایسے شعبہ کی ترقی کے لئے بہت قلیل ہے جو ستر فیصدی زر مبادلہ کما کے دیتا ہو آپ ہی سوچ لیجئے جناب والا! یہ احساس ہے کیا یہ زراعت پروری ہے کیا ہم واقعی زراعت میں خود کفیل ہونا چاہتے ہیں۔ اور زراعت کا کل قومی پیداوار میں حصہ جناب والا! 25 فیصدی ہے total outlay ایگریکلچر کے لئے 56ء19 فیصدی اور ٹوٹل پیداوار کا حصہ 25 فیصدی ہے۔ یہ شعبہ دیہی علاقوں کی تقریباً 72 فیصدی آبادی کو روزگار فراہم کرتا ہے۔ 55 فیصدی آبادی کو مزدوری کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ ملکی زر مبادلہ میں 70 فیصدی دیتا ہے۔ ساتویں پانچ سالہ منصوبے کے ترقیاتی اخراجات میں زرعی شعبہ کا حصہ بیس فیصدی بتایا گیا ہے۔ لیکن اس شعبہ کے لئے جو سرمایہ فراہم کرنے میں سلوک کیا جاتا ہے۔ اس سے اس شعبہ کا حصہ کم ہو کر بسا اوقات 20ء00 تک رہ جاتا ہے۔ ٹیکسیشن ریفارم کمیشن نے سبسیڈی پر غور کیا جناب والا۔ کیونکہ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ زراعت کو بہت سبسیڈی دی جارہی ہے۔ دوائیوں میں بھی سبسیڈی ہے کھاد میں بھی سبسیڈی ہے دیکھو جی زراعت پیشہ کو' کھا گئے پی گئے مر گئے۔ حیران ہوں۔ قلمکار لوگ' نمک خوردن' نمک شکستن۔ کھانے کو تو گندم مانگتے ہیں 591 لال لال رنگ کی۔ سفید رنگ کی روٹی مانگتے ہیں۔ باسمتی چاول اتنے اتنے لمبے مانگتے ہیں۔ اور طعن و تشنیع کے تیر و نشتر زمینداروں پر چلاتے ہیں۔ سبحان اللہ کیا وطیرہ ہے ان کا۔ ٹیکسیشن میں سبسیڈی۔ زراعت کو بہت سبسیڈی دی جاتی رہی ہے۔

جناب والا ٹیکسیشن ریفارم کمیشن نے نتیجہ اخذ کیا ہے کہ موجودہ حالات میں کرم کش ادویات بیج فار مشینری ٹریکٹر اور ملک میں بنائے گئے آلات پر کوئی سبسیڈی نہیں ہے۔ صنعت کیلئے تو ملک میں بنائے جانے والے آلات پر سبسیڈی ہے۔ تین فیصدی سود پر ان کو سرمایہ مہیا کیا جاتا ہے' ملک میں بنی ہوئی مشینری' صنعت کاروں کے لئے۔ زراعت پیشہ لوگ کیا چیز ملک میں نہیں بناتے۔ ٹرالی نہیں بناتے' ہل نہیں بناتے' تھریشر نہیں بناتے! کراہا نہیں بناتے' سہاگہ نہیں بناتے؟ لیکن ہمیں اس تین فیصدی سے محروم رکھا جاتا ہے۔ کون کھائے جاتے ہیں؟ نام لوں تو لوگ کہیں گے کہ آئی جے آئی کا ہو کر

اس پر طعن و تشنیع کرتا ہے۔ تاہم ٹیوب ویل کے لئے بجلی کے نرخ صنعت اور گھریلو استعمال کے مقابلے میں کم ہیں۔ یہ میں مانتا ہوں کہ زراعت کے لئے بجلی کے نرخ صنعت اور گھریلو استعمال کے مقابلے میں کم ہیں۔ لیکن جو سلوک ہمارے ساتھ ہوتا ہے کہ ادھر ٹیوب ویل چلاتے ہیں ادھر پانی نکر تک پہنچتا ہے۔ ادھر بجلی بند ہو جاتی ہے۔ بس بیچارے زمیندار کی دوڑ لگی رہتی ہے۔

یہاں شہروں میں تو دن کو مرکری بلب جلتے ہیں۔ یہاں تو فانوس اور قمقمے روشن کیے جاتے ہیں۔ یہاں تو بلاوجہ دن میں بجلیاں جلتی ہیں۔ لیکن دیہات میں' بیچارہ زمیندار کسی کاندھے پر اٹھائے سارا سارا دن سی اتفاقاً دوڑ میں رہتا ہے کہ یہ آیا پانی وہ گئی بجلی۔ وہ آئی بجلی یہ گیا پانی۔ سبحان اللہ۔ جناب والا میں حقائق بیان کر رہا ہوں۔ 84-83 میں زرعی سبسیڈی کا کل اندازہ 179 کروڑ روپے لگائے گئے جناب والا تاہم 1978ء کے فنانس ڈویژن کے تجزیہ کے مطابق زرعی شعبہ نے گزشتہ پانچ سالوں میں تین سو کروڑ روپے وصول کئے۔ جب کہ باقی تمام شعبوں کو نو سو کروڑ روپے ملے جناب والا۔ جس کا بڑا چرچا ہے کہ زراعت پر سبسیڈی دی جاتی ہے۔ 84-83ء کے سروے کے مطابق ایک سو نواسی کروڑ اور کل تین سو کروڑ روپے وصول کئے۔ جبکہ باقی تمام شعبوں کو نو سو کروڑ۔ اگر ملک کی پچھتر فیصدی آبادی زراعت پیشہ ہے تو پچیس فیصدی کو نو سو کروڑ اور پچھتر فیصدی کو تین سو کروڑ۔ کیا یہ انصاف ہے؟ کیا اس ملک کو زندہ رکھنے کا یہ اسلوب ہے؟ اور صنعتی شعبہ کو جو رعائت تحفظ کی شکل میں مہیا کی گئی ہے وہ 84-83ء کے تخمینہ کے مطابق 23 سو کروڑ روپے بنتی ہے جناب والا۔ صنعتی شعبہ کو تحفظ کی شکل میں جو مراعات دی ہیں' دو ہزار تین سو کروڑ۔ آیئے میرے ساتھ کوئی صاحب' میں دعوت دیتا ہوں' وزیر خزانہ صاحب ہوں یا وزیر تجارت صاحب ہوں۔ گن لیں۔ اگر ملک کے خزانہ میں حصے کی نسبت سے تقسیم کرنا ہے آؤٹ لے کو سبسیڈی کو آبادی کی بنیاد پر کرنا ہے۔ کسی چیز کو معیار بنا لیں' ہم تیار ہیں۔ اور اگر سیلفش ہیومن مائنڈ کی ایکسپلائٹیشن چلتی رہی تو میں معذرت سے عرض کروں گا کہ بقول ڈاکٹر الطاف According to Dr. Altaf when the outcome is known to me due to a selfish human mind, Sir, all Hell will break, and I don't want that Hell to break at least in my life time.

زراعت کے لئے سبسیڈی جناب والا کوئی خیرات یا مراعات نہیں بلکہ یہ سیاسی معاشی اور معاشرتی طور پر لازمی اور ضروری ہے۔ یاد رہے کہ کاشتکار نہ کوئی سماجی کارکن ہے نہ ہی کوئی پیداواری مشین ہے۔ بلکہ وہ بھی ایک ایسا انسان ہے جو معاشی حالت سے متاثر ہوتا ہے۔ اور اس نے گزارہ کرنا ہوتا ہے۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ ترقی یافتہ ممالک جناب والا جاپان امریکہ یورپی اقتصادی برادری ہر سال کاشتکاروں کو پچیس ارب ڈالر امداد دیتی ہے جناب والا۔ یورپی اقتصادی برادری زراعت کو سبسیڈی دیتی ہے۔ جاپان اپنے چاول کے کاشتکاروں کو بین الاقوامی نرخ سے چھ گنا زیادہ قیمت دے کر چاول خرید لیتا ہے جناب والا۔ جب ہی تو وہ چاول میں خود کفیل ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: لالیکا صاحب آپ کو ابھی اور کتنا وقت چاہئے ؟

جناب عالم علی لالیکا: جناب والا کافی وقت چاہئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تو پھر آج اسے ملتوی کریں اور پھر کل سے شروع کریں گے آپ بھی تھک گئے ہوں گے۔ اگر آپ مناسب سمجھیں۔

جناب عالم علی لالیکا: بالکل جناب والا۔ میں حاضر ہوں۔ اپنے موضوع پر تو میں ابھی آیا ہوں۔ مجھے پتہ ہے جناب والا ملنا ملانا مجھے اس سے کچھ نہیں۔ لیکن میں بطور ایک مسلمان کے اسوہ رسول اللہ صلعم پر عمل کرتے ہوئے۔ آقائے نامدار کے ذمے بھی صرف یہی فرض تھا کہ آپ (ص) پیغام پہنچا دیجئے۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل: پوائنٹ آف آرڈر جناب والا۔ جناب لالیکا صاحب نے ساڑھے چار بجے سے شروع کیا ہے۔ پتہ نہیں یہ کب ختم کرتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تو پھر اب اجلاس کل صبح دس بجے تک ملتوی کرتے ہیں (اجلاس کی کارروائی مورخہ 5' مارچ 1992ء بوقت صبح دس بجے تک کے لئے ملتوی کر دی گئی)۔

[The House then adjourned to meet again at ten O' clock in the morning on Thursday, the 5th of March, 1992].
